ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 بدھ 26 ربیع الاول 1448ھ 09 ستمبر 2026ء صفحات 08 شمارہ 58
رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 40 روپے

معیار، رفتار اور شفافیت ترجیح

کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ہر صورت یقینی بنائی جائے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے، شہر کی ترقی اور خوبصورتی پورے بلوچستان کی شناخت سے جڑی ہے، منصوبوں میں تاخیر سے گریز کیا جائے، نئے تجویز کردہ منصوبوں پر بھی بلاتاخیر کام شروع کرنے کی ہدایت

حکومت کوئٹہ کو ایسا خوبصورت اور منظم شہر بنانے کے لیے پرعزم ہے جہاں بنیادی سہولیات میسر ہوں اور صوبائی دارالحکومت اپنی تاریخی و ثقافتی شناخت کے ساتھ ایک جدید شہر کے طور پر بھی نمایاں ہو

میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے حوالے سے اہم اجلاس، صوبائی دارالحکومت کی ترقی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے حوالے سے اہم اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ہوا جس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی ترقی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے تحت 12 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں، 7 منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ 5 نئے منصوبے بھی تجویز کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے نئے تجویز کردہ منصوبوں پر بھی بلاتاخیر کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے، شہر کی ترقی اور خوبصورتی پورے بلوچستان کی شناخت سے جڑی ہوئی ہے۔ حکومت کوئٹہ کو ایک بہتر، خوبصورت اور جدید صوبائی دارالحکومت بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کی ماضی کی خوبصورتی اور تاریخی شناخت کی بحالی کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے منصوبوں میں معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ترقیاتی کاموں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا گیا

9 ستمبر کے لیے پیٹرول 5 روپے 58 پیسے، ڈیزل 4 روپے 18 پیسے مہنگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا۔ حکومت کی جانب سے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 5 روپے 58 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 364 روپے 35 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ حکومت نے ڈیزل کی .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے اکبر وکانی زیارت کے بانی عبدالکریم کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہے ہیں

مستونگ و واشک میں فورسز کی کارروائیاں، 6 دہشتگرد ہلاک

اسلحہ، ایمونیشن اور گولہ بارود قبضے میں لے لیا، تین دہشتگردوں کو واشک میں کارروائی کے دوران 3 کو کھڈ کوچہ میں نشانہ بنایا گیا

فورسز نے آپریشن انٹیلی جنس بنیادوں پر کیا، فورسز کی کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے علاقوں کھڈ کوچہ اور واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے اسلحہ، ایمونیشن اور بارود قبضے میں لے لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن رد الفتنہ تھری کے دوران انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران واشک میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرتے .... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، رکن اسمبلی صادق سنجرانی اور میر برکت علی رند ملاقات کر رہے ہیں

کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا، برآمدات پر مبنی معاشی ترقی ترجیح ہے، وزیراعظم

انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے، برآمدات میں اضافے کیلئے تمام چیلنجز پر قابو پائیں گے

بجٹ سے پہلے بھی صنعتکاروں سے مشاورت کی گئی، مشکل حالات کے باوجود بنیادی اصلاحات کی گئیں، شہباز شریف کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایک سال میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا، برآمدات پر مبنی معاشی ترقی ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے ان خیالات کا اظہار ملک کے ممتاز صنعتکاروں اور کاروباری شخصیات کے وفد سے ملاقات کے بعد گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے، برآمدات میں اضافے کیلئے تمام چیلنجز پر قابو پائیں گے .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

یمنی حوثی باغیوں کے حملوں کے بعد سعودی آئل تنصیبات سے آگ کے شعلے اور دھوئیں کے بادل فضا میں بلند ہو رہے ہیں

ابہا، خمیس مشیط، نجران اور جازان کو نشانہ بنایا گیا، کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی، سعودی عرب کی جوابی کارروائی، یمن پر بمباری، کروز میزائلوں سے حملے

حوثیوں کے سعودی عرب کی آئل تنصیبات پر حملے، 73 افراد زخمی

سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

حملے یمن کی حوثی جماعت انصاراللہ کی جانب سے کیے گئے، زخمیوں میں بچے اور خواتین بھی شامل، حوثیوں نے شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا، حملوں کا سخت جواب دیں گے، سعودی اتحادی فورس

حکومتی فورسز اور حوثیوں کے درمیان البیضا اور الجوف صوبوں میں لڑائی میں شدت آگئی 7 افراد ہلاک، سعودی شہروں پر حملوں کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ گئی

وزیراعظم شہباز شریف کی مذمت، سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ، حوثیوں کا سعودی عرب پر حملہ پاکستان پر بھی حملہ ہے، خواجہ آصف

حوثی حملے بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی کھلی خلاف ورزی، شہریوں کی سلامتی سے مکمل بے اعتنائی اور علاقائی و عالمی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، سربراہ خلیجی تعاون کونسل، اقوام متحدہ کی بھی مذمت

اسلام آباد، ریاض، صنعاء (م ڈ) سعودی عرب کے جنوبی علاقے میں متعدد توانائی تنصیبات اور مراکز پر یمن کی حوثی جماعت انصاراللہ کے حملوں کے نتیجے میں 74 افراد .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب میں شہری اور توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حوثیوں کے بزدلانہ حملے کی شدید ترین الفاظ .... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائیگا، سربراہ پاک بحریہ

1965 کو دوارکا میں دشمن کی ساحلی ریڈار تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا، معرکہ حق میں بھارتی بحریہ کو جارحیت سے باز رکھا

ہنگور کلاس آبدوزوں کی پاک بحریہ میں شمولیت غیر معمولی جنگی صلاحیتوں کے ساتھ نئے عہد کا آغاز ہے، ایڈمرل نوید اشرف

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک بحریہ نے یوم بحریہ قومی جوش و جذبے اور شہداء سے عقیدت کے ساتھ منایا، نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں یادگار شہداء پر پھول چڑھائے گئے اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے شہداء اور غازیوں کو خراج .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ کے دوران خارگ جزیرے پر 550 سے زائد حملے

ایرانی عملے نے بمباری کے دوران بھی کام جاری رکھا، ایرانی وزیر کا دعویٰ

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر پیٹرولیم محسن پاک نژاد نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے حملوں کے دوران ایران کے اہم تیل مرکز خارگ جزیرے کو 550 سے زائد .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی داخلہ کا اجلاس، کوڈ آف کریمنل پروسیجر بل کا جائزہ

مجوزہ ترمیم کے تحت کمشنر، ڈی سیز و دیگر کو قانونی اختیار دیا جائے گا

پرانی انتظامی اصطلاحات کو عہدوں اور حکام سے تبدیل کیا جائیگا

کوئٹہ (ق ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس کمیٹی روم بلوچستان صوبائی اسمبلی میں ہوا۔ جس کی صدارت کمیٹی ممبران کی اتفاق کے بعد خیر جان بلوچ نے کی۔ اجلاس میں کمیٹی کے ارکان اصغر علی ترین اور علی مدد جتک نے شرکت کی، جبکہ اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے خصوصی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی .... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے بنانے کیخلاف نہیں، وقت اور حالات کو دیکھنا چاہیے، فضل الرحمن

طاقت کی بنیاد پر مسلط ہونے کی سیاست نہیں چلے گی، ملک کو سیاسی لحاظ سے کمزور کیا گیا، عوام ہیں تو ہی ریاست ہے

پی پی صرف سندھ کی بات کرتی ہے، ن لیگ کی حیثیت غلام سے زیادہ نہیں، یکطرفہ کوئی فیصلہ مسلط نہ کرو، سربراہ جمعیت

لاہور (م ڈ) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم صوبے بنانے کے خلاف نہیں ہیں لیکن وقت اور حالات کو بھی دیکھنا چاہیے، یکطرفہ کوئی فیصلہ مسلط نہ کرو، اس پر بحث ہونی چاہیے .... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعظم نواز شریف وطن واپس پہنچ گئے

لاہور (م ڈ) سابق وزیراعظم نواز شریف وطن واپس پہنچ گئے۔ نواز شریف ایک ہفتہ قبل نجی دورے پر سنگاپور کے لیے روانہ ہوئے تھے۔ نواز شریف کے صاحبزادے .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایم ڈی سی کی افغان طلبہ کو وطن واپس جانے کی ہدایت

میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کو ضروری انتظامی کارروائی مکمل کرنے کا حکم جاری

غیر مجاز سہولت کاری کی صورت میں کارروائی کی جائے گی، پی ایم ڈی سی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے افغان میڈیکل و ڈینٹل طلبہ سے متعلق اہم فیصلے کرتے ہوئے پاکستان میں پہلے سے زیر تعلیم افغان طلبہ کو افغانستان واپس جانے کی ہدایت کر دی۔ پی ایم ڈی سی نے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کو افغان طلبہ کی واپسی کے لیے ضروری انتظامی کارروائی مکمل کرنے کا حکم بھی جاری کر دیا۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق متعلقہ ادارے افغان طلبہ کو مطلوبہ این او سی جاری کریں۔ موجودہ تعلیمی سیشن میں افغان شہریوں کو میڈیکل اور ڈینٹل پروگرامز میں داخلہ دینے پر پابندی عائد .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

امارات نے اسرائیل حملے کی وارننگ قبل از وقت دی تھی

اسرائیلی وزیراعظم نے وارننگ کو سنجیدگی سے نہیں لیا، اخبار کی رپورٹ

تل ابیب (م ڈ) ایک اسرائیلی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ اماراتی قیادت نے اسرائیل کو 7 اکتوبر حملے کی وارننگ قبل از وقت دی تھی۔ اسرائیلی اخبار کی رپورٹ کے .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ نے نئے عالمی نقشے میں کشمیر کو متنازع علاقہ قرار دیدیا

لائن آف کنٹرول کو نقطہ دار لکیر سے نمایاں کیا گیا، قرارداد کے حق میں بھارت سمیت 164 ممالک نے ووٹ دیا

بھارت نقشہ جاتی قوانین کے ذریعے عالمی اداروں پر اپنے سرحدی مؤقف کو تسلیم کرنے کیلئے دباؤ ڈالتا رہا ہے، وزارت خارجہ

جنیوا (م ڈ) اقوام متحدہ جنرل اسمبلی نے عالمی نقشوں میں تبدیلی سے متعلق قرارداد منظور کر لی، جس کے تحت روایتی مرکزی نقشے کے بجائے ایکول ارتھ نقشے کو اپنانے کی حمایت کی گئی ہے۔ منظور شدہ نقشے میں کشمیر کو متنازع علاقہ جبکہ لائن آف کنٹرول کو نقطہ دار لکیر سے نمایاں کیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں پیش کی گئی .... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسد قیصر کی نئے صوبوں سے متعلق فیصلے پر مشاورت کی تجویز

پی پی سے اختلافات ہیں، کوشش ہے رابطے کی حد تک چیزوں کو بہتر کیا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اسد قیصر نے نئے صوبوں سے متعلق فیصلے مشاورت سے کرنے کی تجویز دے دی۔ ایک بیان .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام لاہور میں منعقدہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ہمارا علاج بھی شفا ہسپتال سے کرانے کا حکم دیا جائے: قیدی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی جیسی طبی سہولتیں دینے کا معاملہ وفاقی آئینی عدالت پہنچ گیا۔ اڈیالہ جیل کے 3 قیدیوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ چیلنج کرتے ہوئے وفاقی آئینی .... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت داخلہ نے مختلف ویزا کیٹیگریز کی خصوصی رپورٹ تیار کرلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت داخلہ نے مختلف ویزا کیٹیگریز سے متعلق خصوصی رپورٹ تیار کر لی، جس میں بزنس، ٹورسٹ، گرانٹ ویزا اور معاہدے ختم کرنے والے ممالک کے نام شامل ہیں۔ وزارت .... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ صحت میں ڈی ایچ آئی ایس کا نفاذ اہم پیشرفت ہے، گورنر

سسٹم نافذ کرنا پورے نظام صحت کو مضبوط، مستحکم اور جدید بنیادیں فراہم کرنے کے مترادف ہے، وزیر صحت سے بات چیت

صوبے میں سیاحت اور ثقافت کو فروغ دے کر سرمایہ کاروں کو راغب کیا جا سکتا ہے، گفتگو، نوابزادہ زرین مگسی کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ملاقات کی، جس میں صوبے میں صحت عامہ کی مجموعی صورتحال، صحت کے مراکز کی کارکردگی، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات خصوصاً ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ انفارمیشن سسٹم پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ کے ہمراہ ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد کا گروپ فوٹو

آئی جی ایف سی سے ٹرانسپورٹرز کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ کی وفد کو مسائل کے حل کی یقین دہانی

کوئٹہ (پ ر) ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے وفد نے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ سے ملاقات کی۔ ملاقات .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

آفریدی نے کرسی بچانے کیلئے احتجاج کی کال دی، وزیر دفاع

الحمدللہ وفاق کو کوئی خطرہ نہیں، یہ کالیں اور رولے پی ٹی آئی کے ہیں

پی ٹی آئی میں چند سیاسی لوگ باقی سب مار دھاڑ کرنے والے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے اپنی کرسی بچانے اور علی امین گنڈاپور سے جان چھڑانے کیلئے احتجاج کی کال دی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ الحمدللہ وفاق .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی احتجاج کیخلاف درخواست پر لارجر بینچ تشکیل

ہائیکورٹ کی جانب سے نوٹسز جاری، 10 ستمبر تک جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کی 27 ستمبر احتجاج اور لانگ مارچ کی کال کے خلاف کیس میں نوٹس جاری کرتے ہوئے .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

نیکٹا میں تعیناتی فوج کا اندرونی معاملہ ہے، کسی پر سوال نہیں اٹھایا، بیرسٹر گوہر

بانی سے ملاقاتیں ہوتیں تو پیغام آتے اور حالات بہتری کی جانب جاتے مگر عدلیہ نے ہمیں ہمیشہ مایوس کیا

27 ستمبر کے احتجاج سے قبل کارکنان کی پکڑ دھکڑ شروع ہوگئی، ہمیں دیوار کے ساتھ لگا دیا گیا، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہونا چاہیے، نیکٹا میں بھی اگر کوئی تعیناتی ہو رہی ہے تو یہ فوج کا اندرونی معاملہ ہے، ہم نے کبھی کسی ادارے کے سربراہ کی تعیناتی پر کوئی سوال نہیں اٹھایا۔ راولپنڈی .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی معیشت چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بہتر پوزیشن میں ہے، موڈیز

زرمبادلہ ذخائر میں نمایاں بہتری معاشی بفرز فراہم کر رہی ہے، نائب صدر

کراچی (م ڈ) موڈیز کی اسسٹنٹ نائب صدر گریس لم نے پاکستان کی معیشت کو عالمی اور علاقائی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے بہتر پوزیشن میں قرار دے .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات رواں ماہ ہوں گے

بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکٹھا کیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کی صورت میں مقامی سطح پر نیا ٹیکس لگانے کی تجاویز کا جائزہ لینا شروع کر دیا .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

حذف شدہ الفاظ کی تشہیر سے گریز کیا جائے، بلوچستان اسمبلی

اسپیکر کی رولنگ قابل احترام اور لازم التعمیل کی حیثیت رکھتی ہے، ہدایات

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی جانب سے تمام اخبارات، ٹی وی چینلز، الیکٹرانک میڈیا، ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو مطلع کیا .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (KPI) کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فرانس، برطانیہ سمیت 12 ممالک کا اسرائیلی بستیوں میں تیار اشیاء پر پابندی کا اعلان

مقبوضہ مغربی کنارے کی صورتحال تیزی سے خراب ہو رہی، اسرائیلی قابضین کی مدد کرنیوالی کمپنیوں پر پابندیاں عائد کرینگے

فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کی سخت مخالفت کرتے ہیں، آئرلینڈ، پرتگال، پولینڈ، ناروے، اسپین، فن لینڈ و دیگر کا مشترکہ بیان

لندن (م ڈ) فرانس، برطانیہ، کینیڈا سمیت 12 ممالک نے اسرائیلی بستیوں میں تیار اشیاء پر پابندیوں کا اعلان کر دیا ہے۔ فرانس، برطانیہ، کینیڈا سمیت 12 ممالک نے اسرائیلی بستیوں کے خلاف مشترکہ بیان جاری کر دیا ہے، جن میں آئرلینڈ، پرتگال .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اربوں روپے کی بلٹ پروف گاڑیوں کی خریداری پر تنازع

کون کہتا ہے پیسے نہیں، پیٹرول کی قیمت میں بڑا اضافہ مذاق ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (م ڈ) اسلام آباد میں آئندہ ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس کے لیے اربوں روپے مالیت کی 30 بلٹ پروف .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر فتح کے بعد تیل کی قیمتیں تیزی سے گر جائینگی، ٹرمپ کا دعویٰ

پیٹرول کی قیمت 3 ڈالرز فی گیلن تک پہنچ جائے گی، ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دینگے، امریکی صدر

ایران کی 27 فضائی کمپنیوں اور چند دیگر اداروں پر سخت پابندیاں عائد کر دی ہیں، امریکی محکمہ خزانہ کا اعلان

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے خلاف امریکی فتح کے بعد تیل کی قیمتوں میں بہت تیزی سے کمی آئے گی۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ جنگ میں کامیابی کے بعد پیٹرول کی قیمت 3 ڈالرز .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

موسم سرما میں توانائی بحران میں شدت کا خطرہ منڈلانے لگا

جنگ جاری اور آبنائے ہرمز بند رہی تو مسئلہ مزید سنگین ہوسکتا ہے

آر ایل این جی کارگوز ہرمز کراس نہ کرسکے تو لوڈشیڈنگ بڑھ جائیگی

اسلام آباد (مشرق رپورٹ) آر ایل این جی کی درآمدات بدستور مرکز نگاہ بنی ہوئی ہیں۔ جب پاکستان کو مکمل سپلائی دستیاب ہو تو چیلنج یہ ہوتا ہے کہ اس کے لیے خاطر خواہ طلب پیدا کی جائے۔ تاہم اب جبکہ جنگ کے باعث سپلائی متاثر ہوئی ہے، آر ایل این جی طلب .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کا برطانیہ پر متعدد پابندیوں کا اعلان

یروشلم (م ڈ) برطانیہ کی جانب سے مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیوں پر پابندیوں کے اعلان کے بعد اسرائیل نے جوابی اقدامات کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ یروشلم میں قائم برطانوی قونصل خانہ بھی بند کر دیا جائے گا۔ منگل کے روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ: شوہر نے بیوی پر تیزاب پھینک دیا، خاتون شدید زخمی

واقعہ گھریلو ناچاقی پر پیش آیا، خاتون کے بھائی کی مدعیت پر مقدمہ درج

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ میں مبینہ گھریلو ناچاقی کے دوران شوہر نے اپنی بیوی پر تیزاب پھینک دیا، جس کے نتیجے میں خاتون شدید زخمی ہو گئی۔ پولیس کے مطابق ضلع مستونگ کے علاقے دشتگوہر میں واقعہ گلی ہیری میں کلیم اللہ نامی شخص نے مبینہ .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اٹھارویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجگور: چیدگی بارڈر مارکیٹ کا باضابطہ افتتاح کر دیا گیا

افتتاح باقاعدہ آئی جی ایف سی ساؤتھ کی سربراہی میں کیا گیا

مارکیٹ سرحدی عوام کو روزگار کے نئے مواقع فراہم کرے گی، حکام

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں چیدگی بارڈر مارکیٹ سے بلوچستان کے عوام کے لیے قانونی روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی کاوشیں جاری ہیں۔ اسی سلسلے .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر افسران کے ہیڈکوارٹر الاؤنس کی اپیلیں خارج

سپریم کورٹ کی جانب سے سروس ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر افسران کو ہیڈکوارٹر الاؤنس دینے کے معاملے پر سپریم کورٹ نے ایف بی آر کی اپیلیں خارج کر دیں۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں بینچ نے کیس کی سماعت کی، جہاں عدالت نے سروس ٹریبونل کا فیصلہ .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پی اے سی اجلاس، سول ہسپتال میں مالی بے ضابطگیوں پر اظہار برہمی

30.016 ملین روپے مالیت کی ادویات کی خریداری میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی، مطلوبہ ریکارڈ تاحال فراہم نہ کیا جا سکا

آڈٹ پیراز میں مرکزی اسٹور سے کروڑوں کی ادویہ غائب ہونے کی بھی نشاندہی، 15 روز میں مکمل ریکارڈ فراہم کرنے کا حکم

تسلی بخش جواب اور ریکارڈ فراہم نہ کیا گیا تو معاملہ نیب کے سپرد اور ایف آئی آر کے اندراج کی سفارش کی جائیگی، اصغر ترین

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیرصدارت کمیٹی روم میں ہوا، جس میں کمیٹی کے ارکان فضل .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

اپر اورکزئی، دہشتگرد جان اکبر عرف جانو ملنگ کی لاش برآمد

اپر اورکزئی (م ڈ) خیبر پختونخوا کے ضلع اپر اورکزئی کے شیخ کنڈاو سے دہشتگرد جان اکبر عرف جانو ملنگ کی لاش ملی ہے۔ اس حوالے سے اورکزئی کے ڈسٹرکٹ پولیس .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، سلمان راجہ

حکومت کی غلط معاشی پالیسیوں کا بوجھ غریب عوام برداشت کر رہے ہیں

قیمتیں بڑھنے سے اشیائے خورد و نوش اور ترسیلی اخراجات بڑھیں گے

راولپنڈی (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ حکومت نے پیٹرول مہنگا کر کے عوام کے ہوش اڑا دیے۔ ایک بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 72 پیسے اضافہ معاشی ڈھونگ ہے، پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے سے اشیائے خورد و نوش اور ترسیلی اخراجات بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی غلط معاشی پالیسیوں کا بوجھ غریب عوام برداشت کر رہے ہیں۔ سلمان اکرم .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

متحدہ اپوزیشن اور جمعیت (ف) کا حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ

مولانا فضل الرحمن کے گھر میں فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، راجہ ناصر عباس

متحدہ اپوزیشن کے طور پر حکومت کو آئین میں غیر قانونی ترمیم کرنے سے روک پائیں گے، مولانا عطاء الرحمن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور جے یو آئی (ف) کے رہنما مولانا عطاء الرحمن کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس حوالے سے اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اڈیالہ جیل میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ملاقات

ملاقات جیل کے کانفرنس روم میں کروائی گئی جو 35 منٹ تک جاری رہی

راولپنڈی (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی اڈیالہ جیل میں ملاقات کرائی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ملاقات جیل .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

اے سی بروری کی تجاوزات کیخلاف کارروائی، 2 افراد گرفتار

کارروائی جناح اور شہباز ٹاؤن میں کی گئیں، تجاوزات ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بن رہی تھیں

تجاوزات قائم کرنے والوں کو سڑکوں اور عوامی راستوں پر دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی وارننگ جاری کی گئی

سڑکوں اور عوامی راستوں پر قائم ریڑھیوں اور تجاوزات کو ہٹا کر راستوں کو کلیئر کر دیا گیا، کاشف امر

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے شہریوں کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے جناح ٹاؤن اور شہباز ٹاؤن میں سڑکوں پر قائم ریڑھی بانوں اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور عوامی راستوں پر قائم ریڑھیوں اور تجاوزات کو ہٹاتے ہوئے راستوں کو کلیئر کر دیا گیا، جو شہریوں کی آمد و رفت اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا باعث بن رہی تھیں۔ اس موقع پر تجاوزات قائم کرنے والوں کو سڑکوں اور عوامی راستوں پر دوبارہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی ہدایت اور وارننگ دی گئی۔ تاہم وارننگ کے باوجود خلاف ورزی جاری رکھنے پر 2 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کے ازالے اور عوامی سہولت کو یقینی بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، جبکہ دوبارہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

انجینئر مرزا اعزاز نے سی ای او کیسکو کا اضافی چارج تفویض

کیسکو کے تمام افسران و ملازمین ایک ٹیم کی طرح مل کر کام کریں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد انجینئر مرزا اعزاز بیگ کو کمپنی کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کا اضافی چارج تفویض کر دیا گیا ہے۔ جنہوں نے منگل کے روز باقاعدہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے اور اس کے ساتھ کیسکو کی قیادت میں ایک نیا باب شروع ہو گیا ہے۔ انجینئر مرزا اعزاز بیگ نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار سے انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی بعد ازاں انہوں نے اپنے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز پاکستان واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) میں بطور جونیئر انجینئر سے کیا اور پھر کیسکو اور اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) میں بھی خدمات سرانجام دیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کا اضافی عہدہ سنبھالنے سے قبل انجینئر مرزا اعزاز بیگ کیسکو میں چیف انجینئر کسٹمر سروسز کے طور پر فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ توانائی کے شعبے میں 26 سال سے زائد کا وسیع تجربہ رکھنے والے انجینئر مرزا اعزاز بیگ تکنیکی، آپریشنل اور انتظامی امور پر گہری مہارت رکھتے ہیں جن کا شمار ان چند سینئر افسران میں ہوتا ہے جنہوں نے کیسکو اور اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) دونوں اداروں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ کیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا اضافی عہدہ سنبھالنے پر انجینئر مرزا اعزاز بیگ نے کہا کہ کمپنی کا عہدہ سنبھالنا میرے لئے نہ صرف ایک بڑی ذمہ داری ہے بلکہ ایک اعزاز بھی ہے۔ کیسکو کے تمام افسران و ملازمین ایک ٹیم کی طرح مل کر کام کریں اور اس ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

سینئر صحافی خلیل الرحمٰن کے انتقال پر رنج و غم، افسوس کا اظہار

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) رائٹرز گلڈ آف اسلام پاکستان کے مرکزی پریس ریلیز میں روزنامہ جنگ کوئٹہ کی چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی کے سربراہ اور سینئر صحافی سید خلیل الرحمٰن کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک باصلاحیت، باوقار اور اصول پسند صحافی تھے، جنہوں نے صحافت کے میدان میں طویل عرصے تک اپنی ذمہ دارانہ اور قابل قدر خدمات انجام دیں، ان کی وفات صحافتی برادری کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے، رائٹرز گلڈ آف اسلام پاکستان مرحوم کی صحافتی و علمی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اس دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندان اور تمام صحافتی حلقوں کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، درجات بلند کرے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے

کوئٹہ سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم و خشک رہے گا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ زیارت میں 24، قلات میں 29، اور ژوب میں 35 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ اس کے علاوہ سبی میں درجہ حرارت 42، تربت میں 41، نوکنڈی میں 41، اور چمن میں 34 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں گوادر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 اور جیوانی میں 32 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

پی ایم اے کا تنخواہوں کی ظالمانہ کٹوتیوں پر احتجاج، اظہار برہمی

480 سے زائد ڈاکٹروں کو پورے مہینے کے لیے غیر حاضر ظاہر کیا گیا ہے

ناکارہ اور ناقص AI حاضری ایپ کا نفاذ فوری طور پر معطل کیا جائے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ زون کے ترجمان نے کہا ہے کہ پی ایم اے حکومت بلوچستان اور محکمہ صحت کی جانب سے نافذ کردہ نام نہاد AI حاضری ایپ، ڈاکٹروں کی مسلسل تذلیل اور تنخواہوں کی ظالمانہ کٹوتیوں پر شدید احتجاج اور برہمی کا اظہار کرتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ بلوچستان بھر کے ڈاکٹرز 36 گھنٹے کی مسلسل اور انتہائی کٹھن ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں، ڈاکٹرز روزانہ اس ناکارہ ایپ پر حاضری لگانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں لیکن تکنیکی نقائص اور نیٹ ورک کی عدم دستیابی کے باعث ایپ پر حاضری درج کرنے کے باوجود انہیں 'غیر حاضر' (Absent) دکھایا جا رہا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ محکمہ صحت کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق صرف ایک بی ایم سی ہسپتال کے 480 سے زائد ڈاکٹروں کو پورے مہینے کے لیے غیر حاضر ظاہر کیا گیا ہے، جو کہ سراسر ناقابل یقین اور مضحکہ خیز ہے۔ پی ایم اے سوال کرتی ہے کہ اگر اتنی بڑی تعداد میں ڈاکٹرز ڈیوٹی پر موجود نہیں ہیں، تو ہسپتالوں میں روزانہ ہزاروں مریضوں کا علاج اور 36 گھنٹے کی ڈیوٹیاں کون سی "خلائی مخلوق" کر رہی ہے؟۔ ترجمان نے کہا کہ پی ایم اے کوئٹہ زون مطالبہ کرتی ہے کہ اس ناکارہ اور ناقص AI حاضری ایپ کا نفاذ فوری طور پر معطل کیا جائے، تمام ہسپتالوں میں حاضری کی تصدیق DMSMS اور HODs کے جاری کردہ آفیشل ڈیوٹی روسٹر اور دستی رپورٹ کے مطابق کی جائے، ڈاکٹروں کی تنخواہوں سے کی گئی تمام غیر قانونی کٹوتیاں فوراً واپس کی جائیں، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ زون، حکومت بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے مودبانہ اور پرزور اپیل کرتی ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری اور سنجیدگی سے نوٹس لیں، ڈاکٹر برادری کی مشکلات اور معاشی تحفظ کا خیال رکھتے ہوئے اس مسئلے کو باہمی افہام و تفہیم سے حل کیا جائے۔

بی ایف اے کی کارروائیاں، فوڈ یونٹس پر جرمانے، واٹر پیوریفکیشن پلانٹ سیل

بیکریز، ریسٹورنٹس، جنرل اسٹورز، اسنیکس مینوفیکچرنگ یونٹس، ملک شاپس اور دیگر فوڈ بزنسز کا معائنہ کیا گیا

فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی، غیر رجسٹرڈ کاروبار، مضر صحت رنگوں سمیت مختلف خلاف ورزیاں سامنے آئیں

واٹر پیوریفکیشن پلانٹ سیل دو ریسٹورنٹس پر جرمانہ، ایک دودھ فروش کو جرمانہ، 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے

کوئٹہ (آن لائن) عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں کی مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری ہیں۔ تازہ کارروائیوں کے دوران 18 فوڈ یونٹس پر جرمانے عائد، 20 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ ایک واٹر پیوریفکیشن پلانٹ سیل کر دیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کارروائیوں کے دوران بیکریز، ریسٹورنٹس، جنرل اسٹورز، اسنیکس مینوفیکچرنگ یونٹس، ملک شاپس اور دیگر فوڈ بزنسز کا معائنہ کیا گیا، جہاں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات، فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی، غیر رجسٹرڈ کاروبار، مضر صحت رنگوں اور ممنوعہ چائنیز نمک کے استعمال سمیت مختلف خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ مستونگی روڈ اور سبزل روڈ پر بی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیم نے چیکنگ کے دوران 4 یونٹس کو جرمانہ جبکہ ایک واٹر پیوریفکیشن پلانٹ کو ورکرز کے لیے حفاظتی لباس کی عدم دستیابی، ناقص ویسٹ مینجمنٹ اور بی ایف اے رجسٹریشن نہ ہونے پر سیل کر دیا۔ دو ریسٹورنٹس کو ناقص صفائی، پروسیسنگ ایریا میں واش روم، ممنوعہ چائنیز نمک، ناقص ریفریجریشن اور دیگر خلاف ورزیوں پر جرمانہ کیا گیا۔ ایک بیکنگ یونٹ جبکہ ایک اور یونٹ کے خلاف بھی فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائی کی گئی۔ اسی طرح مشرقی بائی پاس اور سریاب روڈ پر کارروائی کے دوران دو پاپڑ اسنیکس مینوفیکچرنگ یونٹس کے مالکان کو جرمانہ کیا گیا۔ کارروائی کی وجوہات میں ناقص صفائی، ورکرز کی ذاتی صفائی کا فقدان، کھلے کوڑے دان، اشیاء پر مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخیں درج نہ ہونا، مضر صحت رنگوں کا استعمال، حشرات کی موجودگی، نامناسب لیبلنگ اور تیار شدہ اشیاء کو کھلے ماحول میں رکھنا شامل تھا۔ دریں اثناء کوئٹہ کے کلی الماس اور سیٹلائٹ ٹاؤن میں ملک سیفٹی ٹیموں نے دودھ کے معیاری جانچ کے لیے مختلف ملک شاپس کا معائنہ کیا۔ ایک دودھ فروش کو جرمانہ جبکہ 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے

میجر نادر علی کی تصنیف کی شاندار تقریب رونمائی

کوئٹہ (آن لائن) عسکری و سول سروسز سے ریٹائرڈ شدہ معروف شخصیت میجر نادر علی کی تصنیف "The Story and Soul of the Hazara Nation" کی شاندار تقریب رونمائی ہزارگی اکیڈمی کے زیر اہتمام علی تعمیر کانفرنس ہال، تنظیم نسل نو ہزارہ مغل میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں تاریخ، ادب اور ہزارہ قوم کے تاریخی و تہذیبی پس منظر سے دلچسپی رکھنے والے اہل علم، دانشوروں، ادیبوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ میجر نادر علی ایک طویل عرصے تک عسکری اور سول سروس سے وابستہ رہے۔ انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کے میدان میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات کا دائرہ عملی زندگی سے آگے بڑھتے ہوئے اب علمی و تحقیقی میدان تک پہنچ گیا ہے۔ ان کی نئی کتاب اسی علمی سفر کی ایک اہم کڑی قرار دی جا رہی ہے۔ تقریب کی نظامت کے فرائض نوجوان شاعر اور ہزارگی اکیڈمی کے سیکرٹری جنرل محمد علی سائل نے انجام دیے۔

خواندگی کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے، سیف اللہ کھیتران

تعلیم اور شعور کے ذریعے ہی ایک مضبوط معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان سیف اللہ کھیتران نے کہا ہے کہ خواندگی کسی بھی معاشرے کی سماجی، اقتصادی اور انسانی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، تعلیم اور شعور کے ذریعے ہی ایک مضبوط، بااختیار اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ حکومت بلوچستان خواندگی کے فروغ، تعلیم کے مواقع میں اضافے اور معاشرے کے محروم طبقات کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہر سال 8 ستمبر کو دنیا بھر میں عالمی یوم خواندگی منایا جاتا ہے، جس کا مقصد عوام میں خواندگی کی اہمیت اور تعلیم کے بنیادی حق کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ یہ دن ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ معاشرے کے کسی بھی فرد کو تعلیم اور بنیادی خواندگی کے حق سے محروم نہیں رہنے دیا جائے۔ میر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ خواندگی محض پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت کا نام نہیں بلکہ یہ انسان کو شعور، آگاہی اور بہتر فیصلہ سازی کی صلاحیت فراہم کرتی ہے۔ تعلیم یافتہ افراد اپنے حقوق و فرائض سے زیادہ بہتر طور پر آگاہ ہوتے ہیں اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان نے کہا کہ خواتین کی تعلیم اور بالغ افراد میں خواندگی کا فروغ خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ اور باشعور فرد نہ صرف اپنی زندگی بہتر بناتا ہے بلکہ اپنے خاندان اور معاشرے کی ترقی میں بھی مثبت کردار ادا کرتا ہے

رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی اور دیگر ایم پی اے میر غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خلیل الرحمٰن کا انتقال صحافتی حلقوں کیلئے بڑا نقصان ہے، جمعیت

ان کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان حافظ عبدالحق شہزادہ نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کی چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی کے سربراہ اور سینئر صحافی سید خلیل الرحمٰن کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک باصلاحیت، سنجیدہ اور منجھے ہوئے صحافی تھے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی صحافت کے شعبے میں دیانت داری، اصول پسندی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ خدمات انجام دیں، ان کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، سید خلیل الرحمٰن کا انتقال صحافتی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے جس کا خلا دیر تک محسوس کیا جاتا رہے گا۔ ترجمان جے یو آئی ضلع کوئٹہ نے کہا کہ مرحوم کے ساتھ دیرینہ تعلق رہا انہوں نے ہمیشہ جماعتی خبروں کی بروقت اور ترجیح کے حوالے سے تعاون کیا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت، لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، عمران شوکت

منظم چور گروہوں کے خلاف مربوط کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے ایس ایس پیز اور چاروں ڈویژنز کے ایس پیز کو ہدایت کی ہے کہ گاڑیوں کی چوری اور ان کی برآمدگی کو یقینی بناتے ہوئے ان وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے گاڑی چوری سمیت دیگر جرائم کے واقعات کے تدارک کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز منعقدہ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ (SCIW)، ایس ایس پیز اور کوئٹہ کے چاروں ڈویژن کے ایس پیز بھی شریک تھے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے شہر میں گاڑی چوری کے واقعات، ان کی روک تھام، چوری شدہ گاڑیوں کی برآمدگی اور وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو گاڑی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اور موثر کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مسروقہ گاڑیوں کی برآمدگی اور ان وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنا کر انہیں قانون کے شکنجے میں جکڑا جائے تاکہ چوری سمیت راہزنی و دیگر جرائم کی وارداتوں پر قابو پا کر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے تمام متعلقہ آفیسران کو ہدایت کی کہ گاڑی چوری کے مقدمات کی تفتیش میں جدید تکنیکی و تفتیشی ذرائع سے بھرپور استفادہ کیا جائے اور منظم چور گروہوں کے خلاف مربوط کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ کیونکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح اور ذمہ داری ہے، گاڑی چوری سمیت دیگر سنگین جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس کی جانب سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ امن کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جا سکے۔

مریم نواز کے بیان سے ملکی یکجہتی کو خطرات لاحق ہوں گے، شکور مری

چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ فیڈریشن، ملک کی یکجہتی، اتحاد کی بات کی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حوالے سے بیان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس بیان سے ملک کی سالمیت اور یکجہتی کو خطرات لاحق ہوں گے ہماری جماعت کے قائد سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ فیڈریشن اور ملک کی یکجہتی، اتحاد کی بات کی ہے کسی سیاسی مقصد کے لئے اس طرح کا بیان دینا موجودہ حالات کے ساتھ ساتھ قطعی طور پر درست عمل نہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نے ہمیشہ ملک کے اتحاد، سلامتی اور تمام ملک میں بسنے والی قومیتوں اور صوبائی اکائیوں کی یکجہتی کی بات کی ہے ہم نے ہمیشہ ملک کی سالمیت کو نقصان پہنچنے والے اقدامات، بیانات سے ہمیشہ اجتناب برتا ہے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کی وزیراعلیٰ مریم نواز نے اپنے حالیہ بیان میں پاکستان کے ازلی دشمن بھارت سے اپنے آپ کو خطرہ نہ قرار دیتے ہوئے بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے خطرہ قرار دینے کے بیان کو مسترد کرتے ہیں اور اس کی مذمت کرتے ہیں انہیں اس منصب پر بیٹھ کر پاکستان کے دشمن جس کی ایماء پر بلوچستان میں حالات کی تباہی اور بربادی کی جا رہی ہے آئے روز لوگوں، سیکورٹی فورسز سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی قتل و غارت کر کے صوبے کو غیر مستحکم کیا جا رہا ہے ایسے عناصر اور ملک سے انہیں خطرہ نہیں جبکہ پاکستان کی دو مضبوط اکائیوں جو فیڈریشن کی مضبوطی کی داعی ہے ان پر اس طرح کے الزامات لگانا کسی طور پر بھی درست عمل نہیں انہیں اس حوالے سے معافی مانگ کر اپنی اصلاح کرنی چاہئے۔

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن میٹروپولیٹن کے سابقہ جنرل سیکرٹری نعمت کرد اور صاحبزادہ نعمت الملکی سربراہی میں تمام ممبران کے ساتھ ممبرشپ فارم ڈپٹی الیکشن کمشنر محمد ابراہیم زہری کو جمع کروا رہے ہیں

پی ایم اے بلوچستان کے نومنتخب صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کا اظہار تشکر

ڈاکٹرز کے حقوق، وقار، صحت عامہ کی بہتری کیلئے مشترکہ جدوجہد کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان کے نومنتخب صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور دیگر عہدیداروں نے صوبائی انتخابات 2026 کے کامیاب اور خوش اسلوبی سے انعقاد پر الیکشن کمیشن، پروگریسو ڈاکٹرز الائنس، صدارتی امیدوار پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ وروگ، ان کے پینل کے تمام اراکین اور بلوچستان بھر کے تمام ڈاکٹرز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ نومنتخب صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور کابینہ نے الیکشن کمیشن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پروگریسو ڈاکٹرز الائنس اور بالخصوص پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ وروگ اور ان کے پینل کی جانب سے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا فیصلہ ایک مثبت، قابل احترام اور تنظیمی مفاد میں قابل تحسین اقدام تھا، جس سے انتخابی عمل خوش اسلوبی اور اتفاق رائے سے مکمل ہوا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پی ایم اے بلوچستان کسی ایک پینل یا گروپ کی نہیں بلکہ پورے صوبے کی طبی برادری کی مشترکہ نمائندہ تنظیم ہے۔ انتخابات کا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے، اب تمام ڈاکٹرز کو اتحاد، باہمی احترام اور مشاورت کے ساتھ ڈاکٹرز کے حقوق، وقار اور صحت عامہ کی بہتری کے لیے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی۔ انہوں نے پروگریسو ڈاکٹرز الائنس کے تمام ساتھیوں کو یقین دلایا کہ انہیں ساتھ لے کر چلنے اور ان کی مثبت تجاویز و آراء کو اہمیت دینے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انتخابات کا اختتام تقسیم کا نہیں بلکہ اتحاد اور مشترکہ جدوجہد کے نئے سفر کا آغاز ہے۔ تمام ڈاکٹرز کو ساتھ لے کر پی ایم اے بلوچستان کو مضبوط، متحد، باوقار اور موثر بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

ہزار گنجی: چوری، ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، عوام میں خوف و ہراس

بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید سنگین رخ اختیار کرے گی، مفتی سمیع الحق، مولانا محمد اشرف

امن و امان کی بحالی کے لیے سیاسی، تاجر اور عوامی حلقوں کو مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگی، حاجی سعد اللہ لہڑی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ہزار گنجی زون کے رہنماؤں نے ہزار گنجی اور سریاب میں امن و امان کی مخدوش صورتحال، بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی، لوٹ مار اور حکومتی رٹ کی کمزوری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایشیا کی بڑی تجارتی منڈی ہزار گنجی میں بدامنی کے باعث کاروباری سرگرمیاں آخری سانسیں لے رہی ہیں۔ جمعیت علماء اسلام ہزار گنجی زون کے یونٹوں کا مشترکہ اجلاس عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے امیر مفتی سمیع الحق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے مولانا محمد اشرف، مفتی محمود یونٹ ہزار گنجی کے حاجی سعد اللہ لہڑی، مولانا محمد عالم، مولانا فضل الرحمٰن، مولانا نصر اللہ منصور، غیلان بن سلمہ یونٹ کے سید محمد حیدر آغا (صدر تاجر اتحاد بلوچستان) حافظ عبدالباسط، عروہ بن مسعود یونٹ کے مولوی میر احمد، سیدنا بلال یونٹ میاں غنڈی کے عزت اللہ امیر مولانا غلام رسول قاری عبدالعزیز، خالد بن ولید یونٹ کے مولانا محمد عباس، مولانا شاہ نور، سبزی و فروٹ منڈی کے حافظ محمد معصوم سمیت دیگر ذمہ داران اور کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ ہزار گنجی میں دن دہاڑے چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی وارداتیں معمول بنتی جا رہی ہیں، جس کے باعث تاجر، مزدور، ٹرانسپورٹرز اور عام شہری شدید خوف و ہراس اور تشویش میں مبتلا ہیں۔ رہنماؤں نے حکومتی رٹ کی کمزوری پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر بروقت موثر اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید سنگین رخ اختیار کرے گی۔ اجلاس کے شرکاء نے آئندہ بھی اس نوعیت کے اجلاس منعقد کرنے اور مشاورت کا دائرہ مزید وسیع کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امن و امان کی بحالی کے لیے سیاسی، تاجر اور عوامی حلقوں کو مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگی۔

ظاہر خان ناصر کے بھائی عبداللہ ناصر کے وفات پر فاتحہ خوانی جاری

کوئٹہ (اے این این) سینئر صحافی و دانشور ظاہر خان ناصر کے بھائی عبداللہ خان ناصر کے وفات پر فاتحہ خوانی دوسرے روز کوئٹہ میں جاری رہی جس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی میر عثمان بادینی، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سابق گورنر بلوچستان سید ظہور آغا، سابق صوبائی وزیر [illegible] سابق رکن صوبائی اسمبلی [illegible]، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، جمعیت علماء اسلام کے سابق ضلعی صدر مولانا ولی محمد ترابی، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سابق ایڈمنسٹریٹر جبار بلوچ، بی ایم سی کے ممبر نور خان کھیتران، ڈائریکٹر نور ریاض، ناصر ڈائریکٹر پاپولیشن ٹیم کا ڈی جی، کیو ڈی اے اور تحریک کا کاسی قبائلی رہنما سعید آغا، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر شہزادہ ذوالفقار، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد، و دیگر نے ظاہر خان ناصر کے گھر جا کر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اور دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

اسلام نے حصول علم مرد و عورت پر فرض قرار دیا ہے، قاری عبدالرشید

اقوام متحدہ خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر 60 ویں سالگرہ منا رہا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مہتمم مدرسہ البنات و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے مقامی ہوٹل میں عالمی یوم خواندگی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام نے آج سے 1500 سال قبل حصول علم مرد و عورت پر فرض قرار دیا ہے جبکہ اقوام متحدہ کی جانب سے 2026 میں خواندگی کا عالمی دن آٹھ ستمبر کو اپنی 60 ویں سالگرہ منا رہا ہے انہوں نے کہا کہ اسلام میں حصول علم کی کوئی عمر مقرر نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر کی گود تک انہوں نے کہا کہ حصول علم کا اندازہ اس بات سے لگایا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی غار حرا میں سورہ علق کی آیت کے ذریعہ علم سیکھنے سے متعلق نازل ہوئیں اور پھر قرآن مجید اور احادیث میں اس کے حصول پر سخت زور دیا گیا انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ہجری میں غزوہ بدر کے موقع پر فدیہ ادا نہ کرنے والے قیدیوں کو مسلمانوں کے دس دس بچوں کو پڑھنے اور لکھنے کے عوض آزاد کیا گیا یہ ہمارے لیے تعلیم اہمیت کے لیے بہت بڑی مثال ہے انہوں نے کہا افسوس ہے کہ آج پاکستان میں ڈھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں۔



سول سروسز سے ریٹائرڈ معروف شخصیت میجر نادر علی اپنی کتاب ہزارگی اکیڈمی کے چیئرمین احمد علی بیگ کو دے رہے ہیں

ڈی سی کوئٹہ سے بی آر ایس پی کے سی ای او ڈاکٹر طاہر کی ملاقات

موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے میں لچک کے حوالے سے اقدامات پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی سے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید نے ملاقات کی۔ ملاقات میں RISE (Economic-Socio Empowerment andIntegratiorResilience.) پروگرام کے مختلف امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر RISE پروگرام جو حکومت بلوچستان کا ایک اہم اقدام ہے، کے تحت انٹرپرائز ڈویلپمنٹ، نوجوانوں کو بااختیار بنانے، سماجی ہم آہنگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے میں لچک کے حوالے سے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پروگرام کے تحت کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں جاری اور مجوزہ سرگرمیوں، نوجوانوں کی ترقی، روزگار و کاروباری مواقع کے فروغ، سماجی شمولیت اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے، معاشی مواقع پیدا کرنے، سماجی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کے لیے ایسے پروگرام اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مثبت اور تعمیری اقدامات میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کی جانب سے ریاست مدینہ سے پاکستان کے عنوان سے لیکچر کا اہتمام

ہمیں پاکستان سے بدظن ہونے کے بجائے اس کی اصلاح اور اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے کردار ادا کرنا چاہیے

پاکستان اور مدینہ دونوں اسلام کے نام پر حاصل ہوئے، ہم اللہ سے کیے وعدے پورے نہ کر سکے، لبنیٰ حشمت

پاکستان اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے، اس لیے اس کی قدر اور بہتری کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا، سلمان آصف صدیقی

کوئٹہ (آن لائن) الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ نے ریاست مدینہ اور پاکستان کے عنوان سے ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا۔ ایجوکیشن فریالوجسٹ، پیرنٹ کاؤنسلر، آتھر و ڈائریکٹر آئی آر ڈی سی سلمان آصف صدیقی نے لیکچر دیا۔ خصوصی لیکچر کے پروگرام میں الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کی طالبات کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ سواں گارڈن اسلام آباد کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے خصوصی لیکچر کے پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت خنساء بلال نے حاصل کی نعت رسول مقبول ثمن زبیر نے پیش کی۔ بعد ازاں الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کی پرنسپل لبنیٰ حشمت نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ نشست اس فرق کو سمجھنے کیلئے رکھی گئی ہے کہ ریاست مدینہ سے پاکستان ابھی کتنی دور ہے اور اس فاصلے کو کم کرنے کیلئے کن اقدامات کی ضرورت ہے۔ بعد ازاں مقرر خصوصی سلمان آصف صدیقی نے سیر حاصل گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور مدینہ دونوں اسلام کے نام پر حاصل ہوئے، ہمارے بزرگوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ ہمیں ایک آزاد سرزمین عطا فرمائے تو ہم اس میں اسلام کا نظام قائم کریں گے اور انفرادی و اجتماعی زندگی، عدلیہ اور دیگر تمام اداروں کو شریعت کے تابع رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے ہمیں یہ پاک سرزمین عطا فرمائی، مگر افسوس کہ ہم اللہ تعالیٰ سے کیے گئے اپنے وعدے کو پورا نہ کر سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے، اس لیے اس کی قدر کرنا اور اس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ضروری ہے۔ اگر آج حالات ہمارے مطابق نہیں تو پاکستان سے بدظن ہونے کے بجائے اس کی اصلاح اور اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔

اے کیو ایم کا سینئر صحافی خلیل الرحمان کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے جنگ اخبار کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کا حاجی خلیل کی وفات اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ و دیگر صوبائی ذمہ داران نے روزنامہ جنگ کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے مرحوم کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے کٹھن و مشکل حالات میں صحافت کو زندہ رکھا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے مرحوم کی اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔

کوئٹہ، سردار احمد خان شاہوانی سردار رحیم [illegible] جمعیت علماء اسلام کے ایم پی اے حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے ان کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ، مرکز اہلسنت جامعہ غوثیہ رضویہ انوار باہو کوئٹہ میں جشن ولادت خاتم النبیین و تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے اتحاد اہلسنت کے رکن شوریٰ مفتی محمد جان قاسمی، سید حبیب اللہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سبی، ہرنائی مسافر ٹرین کو فوری بحال کیا جائے، ورکرز یونین

ہرنائی اور گردونواح کے عوام سستی اور محفوظ سفری سہولت میسر آ سکے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد لکی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید مینگل، وائس چیئرمین حسن خان، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید، سینئر نائب صدر عرفان جان، انفارمیشن سیکرٹری محمد یاسر بلوچ، سگنل یونٹ کے صدر رضا محمد کھوسہ، میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ اور دیگر ساتھیوں نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ صوبہ بلوچستان سے بند کی جانے والی تمام مسافر ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سبی سے ہرنائی مسافر ٹرین کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ ہرنائی اور گردونواح کے عوام کو ایک بار پھر سستی اور آسان سفری سہولت میسر آ سکے۔ اسی طرح کوئٹہ سے چمن مسافر ٹرین کی بحالی بھی انتہائی ضروری ہے، کیونکہ چمن اور کوئٹہ کے درمیان روزانہ ہزاروں شہری، مزدور، طلبہ اور کاروباری افراد سفر کرتے ہیں۔

کوئٹہ: مستونگی روڈ پر ہیوی مشینری کے ذریعے ترقیاتی کام جاری ہیں

سید خلیل الرحمان کی صحافتی خدمات ناقابل فراموش ہیں، شیخ فرید

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کے ایک اعلامیہ میں جنگ اخبار کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر اظہار تعزیت کی گئی ہے برگ چیئرمین شیخ فرید اور مرکزی صدر ڈاکٹر سید فرخ ریاض الحق نے جنگ اخبار کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم خلیل الرحمان کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ممتاز صحافی حاجی خلیل الرحمٰن کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے بیان میں روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ایڈیٹر اور ممتاز صحافی حاجی خلیل الرحمٰن کے انتقال پر تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی صحافتی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کی گئی ہے اور ان کی مغفرت کیلئے دعا کی گئی ہے

EXTENSION

With reference to advertisement published in Daily DP RQ/PRQ No.980 dated 24-08-2026 under TSE No.2627081174022 also uploaded on BPPRA website the date of submission of tender has been extended to 14-09-2026 and the following changes are made as per BPPRA Rules.

I) ii) Rule 27, Sub-Rule 1 (i) relating to the special conditions (SCC). Rule 41, Sub-Rule 1 (a) & (b) relating to the eligibility criteria

Senior Superintendent of
Police Jaffarabad

PRQ No.1268/08-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan

CORRIGENDUM

it is to notify that a development work was published in daily newspapers vide PRQ No.1070/27-08-2026 and uploaded in BPPRA website. TSE-2627081178503 and TSE-2627081178573 The tender is hereby amended with regard to eligibility criteria specified in bidding documents

Executive Engineer - Roads
CW PP&H Department District
CHAMAN

PRQ No.1269/08-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan

PROCUREMENT NOTICE

Supply of LPG for Hostels at NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta

REQUEST FOR BIDS

PROCUREMENT OF GOODS

1. The NUST Balochistan Campus (National University of Science & Technology (NUST)) has reserved Funds for the procurement planned for FY 2026-27. The **NUST Balochistan Campus (National University of Science & Technology (NUST))** intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the **"Supply of LPG for Hostels at NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta"** with the reference of **"P102118"**.
2. The NUST Balochistan Campus (National University of Science & Technology (NUST)) invites sealed Bids from eligible Bidders for procurement of goods described in the bidding documents on **EPADS v2.0**.
3. **Single Stage-One Envelope** will be used by adopting **Least Cost Based Selection (LCBS)** Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2004 and any Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority from time to time.
4. All Bids must be accompanied by a Bid Security amounting described in Bid Security Section in Bidding Document in the form of **Pay Order, Banker's Cheque, Call at Deposit** or all bids must be accompanied by bid securing declaration in the format specified in the Bidding documents.
5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on **e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) at https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/102118** for all the interested bidders registered on **EPADS v2.0**. Bidders are required to get themselves registered on **EPADS v2.0** to participate in Bidding process.
6. The e-bids, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding Documents, must be submitted through EPADS v2.0 on or before **Wednesday, September 30, 2026 11:00 AM**. E-bids will be opened using EPADS v2.0 on the same day at **Wednesday, September 30, 2026 11:30 AM**. Manual submission of Bids shall not be entertained. Those vendors who have not yet registered on the new version of EPADS v2.0, may register themselves on **https://vendors.epads.gov.pk/**. A tutorial to explain the registration process is available at **https://www.youtube.com/ watch?v= MNW6T38v7tc**.

In terms of Rule 48 of Public Procurement Rules, 2004 Grievance Redressal Committee (GRC) is notified for the subject procurement and notification copy is available on the procuring agency's website and on Authority's website at **(www.ppra.org.pk)**.

NUST Balochistan Campus (National University of Science & Technology (NUST)), Assistant Director Administration Block, NUST Balochistan Campus, Kach Road, Near Sheikh Muhammad Bin Zayed Cardiac Centre., Sadar, Quetta (District), Quetta Division (Division), Balochistan (Province).

+92 81 9085276, adproc@nbc.nust.edu.pk

U.A.N: 111-116-878 nust_official www.nust.edu.pk

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

شمس اللہ کاکڑ کا سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان فرنٹ اینڈ شینٹل ایمپلائز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر شمس اللہ کاکڑ نے روزنامہ جنگ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے مرحوم کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے مشکل حالات میں صحافت کو زندہ رکھا انہوں نے کہا کہ مرحوم کی بلوچستان کے عوام اور صحافتی حلقوں کیلئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

کوئٹہ: سیلاب متاثرین کیلئے 500 سے زائد سیلاب سے محفوظ مکانات مکمل، مستحق خاندان کے حوالے

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس، زرعی شعبے سے وابستہ خاندانوں کے لیے روزگار کی بحالی کے منصوبوں پر بھی بریفنگ دی گئی

ہنہ وڑک کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں جاری بحالی، رہائشی مکانات، کمیونٹی انفراسٹرکچر اور روزگار کی بحالی کے منصوبوں کا جائزہ

مزید 200 مستحق خاندانوں کو ہاؤسنگ سپورٹ میں شامل کرنے پر بھی غور، باقی مکانات کی تکمیل اکتوبر 2026 تک متوقع

کوئٹہ (ق ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت فلڈ ریکوری پروگرام (FRP) کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور یو این ڈی پی کے نمائندوں کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ہنہ وڑک کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں جاری بحالی، رہائشی مکانات، کمیونٹی انفراسٹرکچر اور روزگار کی بحالی کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پروگرام مینیجر UNDP FRP بشاشی ازوی، پروگرام ایسوسی ایٹ آمنہ اختر، اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ یوسف ہاشمی اور فیلڈ انجینئرنگ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سیلاب متاثرین کے لیے 500 سے زائد سیلاب سے محفوظ مکانات مکمل کر کے مستحق خاندانوں کے حوالے کیے جا چکے ہیں، جبکہ باقی مکانات کی تکمیل اکتوبر 2026 تک متوقع ہے۔ مزید 200 مستحق خاندانوں کو ہاؤسنگ سپورٹ میں شامل کرنے پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیلاب سے حفاظتی اقدامات، سڑکوں، پلوں اور عوامی سہولیات کی بحالی سمیت زرعی شعبے سے وابستہ خاندانوں کے لیے روزگار کی بحالی کے منصوبوں پر بھی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے منصوبے کے شفاف طریقہ کار کو سراہتے ہوئے سیلاب متاثرین کی بحالی اور ترقیاتی منصوبوں کے مؤثر نفاذ کے لیے ضلعی انتظامیہ کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

کمشنر نصیر آباد کا جلال الدین کی وفات پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی

نصیر آباد (آن لائن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے ریٹائرڈ ایس ایس پی جلال الدین کھوسہ کی وفات پر ان کے صاحبزادے ڈپٹی کمشنر محمد اقبال کھوسہ سے فاتحہ خوانی کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر حاجی ریاض احمد کھوسہ بھی موجود تھے۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ڈپٹی کمشنر محمد اقبال کھوسہ اور دیگر اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

چمن کو دوبارہ فعال تجارتی شہر کا مقام دلائیں گے، چیرمین حبیب اللہ اچکزئی

تاجر برادری ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، قاری اسلم علم یار

حکومتی سطح پر تاجروں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوئی مؤثر پالیسی نظر نہیں آ رہی، خطاب

چمن (پ ر) چمن کے ہند سوز چوک پر واقع جانان انصاف پیٹرول پمپ کا شاندار افتتاح مرکزی انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی اور نوجوان قائد قاری محمد اسلم علم یار نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں انجمن تاجران کے صدر حافظ گلبدین نورزئی، جنرل سیکرٹری جعفر خان اچکزئی، پریس سیکرٹری حاجی عبدالباری اسحاق، مولوی صلاح الدین، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سرور خان اچکزئی اور عثمان خان اچکزئی، جمعیت علمائے اسلام کے حاجی عطاء اللہ اچکزئی، ممتاز تاجر حاجی داروں خان اچکزئی، جانان انصاف پیٹرول پمپ کے مالک و ممتاز تاجر حاجی محمد صادق اچکزئی سمیت دیگر معززین اور تاجروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی اور قاری اسلم علم یار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت شہر میں غربت اور بے روزگاری اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے، جبکہ حکومتی سطح پر تجارت کے فروغ اور تاجروں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے کوئی مؤثر اور عملی تاجر دوست پالیسی نظر نہیں آ رہی۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری شہر کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ تاجر نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کر رہے ہیں بلکہ شہر کی خوبصورتی، کاروباری سرگرمیوں اور تجارتی رونق کو بحال رکھنے کے لیے بھی بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چمن کو دوبارہ ایک اہم اور فعال تجارتی شہر کا مقام دلانے کے لیے تاجر برادری اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ تقریب کے اختتام پر معزز مہمانوں کی تواضع بریانی سے کی گئی، جبکہ جانان انصاف پیٹرول پمپ کی کامیابی، کاروبار میں برکت اور خیر و عافیت کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

چمن مقامی پٹرول پمپ کی افتتاحی تقریب سے انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی اور قاری اسلم علم یار خطاب کر رہے ہیں

معیاری تعلیم کسی بھی معاشرے کی پائیدار ترقی اور سماجی استحکام کی بنیاد ہے، خالد مانذئی

صوبے میں تعلیم کو ترقی کے بنیادی محرک کے طور پر خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے، چیف ایگزیکٹو آفیسر

BEEF کے مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے تحت اب تک 23,520 اسکالرشپس طلبہ کو فراہم کی جا چکی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانذئی نے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ خواندگی اور معیاری تعلیم کسی بھی معاشرے کی پائیدار ترقی، معاشی خوشحالی اور سماجی استحکام کی بنیادی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ BEEF کا بنیادی مقصد بلوچستان کے باصلاحیت اور مستحق طلبہ و طالبات کو مالی مشکلات سے بالاتر ہو کر تعلیم کے حصول اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ BEEF حکومت بلوچستان کے تعلیمی وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اسکالرشپ پروگرامز کے ذریعے طلبہ و طالبات کی تعلیمی معاونت کا ایک مؤثر اور جامع نظام فراہم کر رہا ہے۔ میرٹ، شفافیت کی بنیاد پر مواقع کے اصولوں کے تحت مختلف تعلیمی سطحوں پر فراہم کی جانے والی اسکالرشپس کا مقصد نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا اور انہیں مستقبل کے لیے باصلاحیت، خودمختار اور ذمہ دار شہری بنانا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے Taleem Dost Vision کے تحت صوبے میں تعلیم کو ترقی کے بنیادی محرک کے طور پر خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں یہ امر نمایاں ہے کہ صوبے کا کوئی بھی باصلاحیت بچہ محض مالی وسائل کی کمی کے باعث تعلیم کے حق سے محروم نہ رہے۔ BEEF اسی وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے بلوچستان کے طلبہ و طالبات کے لیے مختلف اسکالرشپ اسکیمز کے ذریعے اسکول سے اعلیٰ تعلیم تک تعلیمی مواقع کو وسعت دے رہا ہے۔ ادارے کے تحت مختلف پروگرامز میں میٹرک، انٹرمیڈیٹ، BS، DAE، ADE/ADP، کیڈٹ ایکسیلنس، بیرون صوبہ تعلیم، اعلیٰ تعلیم، خصوصی طبقات اور دیگر شعبہ جات کے طلبہ و طالبات کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق، BEEF کے مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے تحت اب تک 23,520 اسکالرشپس طلبہ کو فراہم کی جا چکی ہیں۔ ان میں (BS) اور یونیورسٹی و کالج کی جزوی اسکالرشپس، انٹرمیڈیٹ DAE، ADE ADP، میٹرک، ڈسٹرکٹ ٹاپرز، کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ پروگرام، خصوصی اسکالرشپ پروگرامز، بیرون صوبہ تعلیم، Oxford Pakistan Programme، Programme Foreign IRD اور دیگر تعلیمی منصوبے شامل ہیں

شہید الحاج شوکت حسین کی انیسویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

کوئٹہ (آن لائن) شہید الحاج شوکت حسین کی انیسویں برسی گزشتہ روز عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقع پر مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا، جبکہ اہل خانہ، عزیز و اقارب اور دوست احباب نے شہید الحاج شوکت حسین کی خدمات اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ برسی کی تقریب میں شرکا نے شہید الحاج شوکت حسین کی زندگی، سماجی و عوامی خدمات اور اپنے حلقہ احباب میں ان کے کردار کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک مخلص، باکردار اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ ان کی خدمات اور خوش اخلاقی کو آج بھی اہل علاقہ اور عزیز و اقارب قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس موقع پر مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر و استقامت کی دعا بھی کی گئی۔

سری لنکن انناس پاکستان میں متعارف

پاک سری لنکا تجارتی تعلقات میں نئے باب کا آغاز

زرعی و فروٹ سیکٹر میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، سہیل جان

کوئٹہ، کراچی (یو این اے) سری لنکا کے معروف اور معیاری انناس کو پاکستان میں باضابطہ طور پر متعارف کرا دیا گیا۔ اس سلسلے میں کراچی میں ایک خصوصی لانچنگ تقریب منعقد ہوئی، جس میں سری لنکن پائن ایپل کی پاکستان میں تجارتی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ شرکا نے اس اقدام کو پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تجارتی، اقتصادی اور کاروباری تعلقات کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ تقریب کی میزبانی معروف کاروباری شخصیت سہیل جان نے کی۔ تقریب میں عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر سہیل جان کہا کہ پاکستان میں سری لنکن انناس متعارف کرانے کا مقصد پاکستانی صارفین کو معیاری اور منفرد ذائقے کے حامل پھل کی نئی قسم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان کاروباری روابط کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی میں سری لنکن انناس کے فروغ اور عوام تک اس کی رسائی کے لیے مستقبل میں مزید پروگرام بھی منعقد کیے جائیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سری لنکا کے قونصل جنرل جھیوپی والا نے کہا کہ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط معاشی اور تجارتی روابط میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، خصوصاً زرعی اجناس، پھلوں اور سبزیوں کے شعبے میں باہمی تعاون سے دونوں ممالک کی کاروباری برادری کو فائدہ پہنچ سکتا ہے

کچھی کے بی ایچ یو چندڑ میں مسلح ڈکیتی، عملہ یرغمال، میڈیکل ٹیکنیشن زخمی

دن دہاڑے ہیلتھ سینٹر لوٹ لیا گیا، موٹر سائیکل، موبائل فونز اور نقدی چھین کر ملزمان فرار

بولان (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع کچھی بولان کی یونین کونسل چندڑ میں واقع بیسک ہیلتھ یونٹ میں مسلح افراد کی سنسنی خیز ڈکیتی عملے کو یرغمال بنا کر قیمتی سامان لوٹ لیا گیا جبکہ شدید تشدد کے نتیجے میں طبی اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈکیتی کی یہ واردات یونین کونسل چندڑ کے گاؤں میں قائم بیسک ہیلتھ یونٹ میں سوموار کے روز دن دہاڑے بارہ بجے پیش آئی۔ مسلح نامعلوم ملزمان ہیلتھ سینٹر میں زبردستی داخل ہوئے اور وہاں موجود عملے کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنا لیا۔ ملزمان نے عملے سے موٹر سائیکل، موبائل فونز، نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا اور باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واردات کے دوران نامعلوم ڈاکوؤں نے بیسک ہیلتھ یونٹ کے میڈیکل ٹیکنیشن ایم ٹی محمد جان ہنگورجو کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا جس سے وہ شدید زخمی ہو گئے۔ زخمی ایم ٹی کو فوری طور پر حاجی شہر آر ایچ سی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ان کو کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد مقامی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ جبکہ طبی عملے پر حملے اور لوٹ مار کے اس واقعے پر ضلع بھر میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔

نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے، مراد بلوچ

جرمنی اور بلوچستان کے درمیان عوام اور اداروں کے سطح پر روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

دونوں فریقین نے مستقبل میں پائیدار تعاون کے لیے ایک منظم فریم ورک تیار کریں گے، اعزازی قونصل جنرل جرمنی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان میں وفاقی جمہوریہ جرمنی کے اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ان کی صلاحیتوں میں اضافے اور فنی مہارت کی تربیت دے کر انہیں جرمنی سمیت دیگر ممالک میں روزگار کے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں تاکہ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے دفتر کے دورے کے موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر زرکون سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ٹیکنیکل اور ووکیشنل ایجوکیشن کیلئے نوجوانوں کی ترقی اور بین الاقوامی سطح پر ہنرمندی کے فروغ کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانے کے مختلف راستوں پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خاص طور پر نوجوانوں کے لیے منظم تبادلہ پروگرامز، صلاحیتوں میں اضافے اور فنی مہارت کی تربیت، مشترکہ فنی و پیشہ ورانہ ذمہ داری پوری کرنے کے لئے اداروں میں جرمن زبان کے پروگرامز شروع کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ان اقدامات سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور عالمی تعلیمی و پیشہ ورانہ میدانوں تک ان کی رسائی ممکن ہو سکے گی۔ ماہر افرادی قوت کی تیاری کے سلسلے میں بی ٹیوٹا کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اور جرمن فنی و پیشہ ورانہ تعلیمی اداروں کے ساتھ باہم مربوط ادارہ جاتی تعلقات قائم کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں فریقین نے مستقبل میں پائیدار تعاون کے لیے ایک منظم فریم ورک تیار کریں گے۔ جس کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی معیار کی فنی، پیشہ ورانہ، لسانی اور سافٹ سکلز سے آراستہ کرنا ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے بہتر مواقع فراہم کرنے اور جرمنی اور بلوچستان کے درمیان عوام اور اداروں کے سطح پر روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون نے میر مراد بلوچ کو اتھارٹی کے جاری پروگراموں، تعلیمی دائرہ کار، اور بین الاقوامی معیار کے مطابق بلوچستان میں پیشہ ورانہ تربیت کا معیار مزید بلند کرنے کی کوششوں سے آگاہ کیا۔

مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، ظاہر شاہ کاکڑ

پٹرولیم مصنوعات کی آڑ میں ظلم کیا جا رہا ہے

پٹرولیم قیمتوں میں حالیہ اضافہ عوام اور ٹرانسپورٹ شعبے پر ظلم ہے، ٹرانسپورٹر رہنماء

کوئٹہ (یو این اے) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ بڑے اضافے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے عوام اور ٹرانسپورٹ شعبے پر ظلم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کی نئی لہر کو جنم دے رہی ہے، جس سے عام آدمی کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹرز بھی شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور روزمرہ زندگی کے اخراجات پر پڑتا ہے۔ ملک میں پہلے ہی مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، ایسے میں پٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنا غریب اور متوسط طبقے کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے۔ ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا کہ ٹرانسپورٹ شعبہ پہلے ہی ٹائرز، اسپیئر پارٹس، گاڑیوں کی مرمت، ٹیکس، ٹول ٹیکس اور دیگر اخراجات میں مسلسل اضافے کے باعث شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔ اب پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا اضافہ ٹرانسپورٹرز کے لیے مزید مشکلات پیدا کرے گا اور بالخصوص بین الصوبائی بس سروس شدید متاثر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز عوام پر اضافی کرایوں کا بوجھ ڈالنے کے حق میں نہیں، کیونکہ مسافر پہلے ہی مہنگائی سے پریشان ہیں، تاہم حکومت کے مسلسل اقدامات نے ٹرانسپورٹرز کو ایسے فیصلوں پر مجبور کرنے کی صورتحال پیدا کر دی ہے جو کسی کے مفاد میں نہیں۔ مرکزی سیکرٹری اطلاعات نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری واپس لیا جائے، ٹرانسپورٹ شعبے کے لیے خصوصی ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لیے یونین کے نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر نظرثانی نہ کی اور ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم نہ کیا تو پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین دیگر ٹرانسپورٹ تنظیموں سے مشاورت کر کے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ روزین [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، پولیس ریس میں رہ جانے والے امیدواروں کو ایک اور موقع فراہم کرنے کا اعلان

نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا وقت کی ضرورت ہے، سینئر سپرنٹنڈنٹ

گوادر (ق ن) سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس گوادر عطاء الرحمن ترین نے گوادر پولیس میں کانسٹیبلز کی بھرتی کے عمل کے دوران ریس کے مرحلے میں رہ جانے والے امیدواروں کو ایک اور موقع فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریس ٹیسٹ میں رہ جانے والے تمام متعلقہ امیدوار 9 ستمبر کو ایس ایس پی آفس گوادر میں لازماً حاضر ہوں، جہاں ان کا دوبارہ ریس ٹیسٹ لیا جائے گا۔ گوادر کے نوجوانوں کو میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے تحت زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ موجودہ حالات میں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، اس لیے کسی اہل امیدوار کو معمولی سی یا ایک موقع ضائع ہونے کی وجہ سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے والدین سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں اور انہیں اس موقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے محنت اور تیاری کی ترغیب دیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس میں بھرتی کے ذریعے مقامی نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں عوامی خدمت اور امن و امان کے قیام میں کردار ادا کرنے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ 9 ستمبر کو مقررہ وقت پر ایس ایس پی آفس پہنچیں اور دوبارہ ریس ٹیسٹ میں بھرپور عزم کے ساتھ حصہ لیں۔ گوادر پولیس نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے انہیں قومی و عوامی خدمت کے عمل کا حصہ بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

رکھنی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، مفرور ملزم سلیم جان گرفتار

قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد ملزم کو عدالت میں پیش کیا جائے گا، پولیس

رکھنی (ق ن) DIG کوہ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ اور SP بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں DSP سرکل رکھنی عبدالجبار مینگل کی نگرانی میں SHO پولیس تھانہ بچہ سمیع اللہ کھیتران نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 019/39 بجرم دفعات 392، 337-H2، 147، 148 اور 149 ت پ میں مطلوب مفرور ملزم سلیم جان ولد ہزار خان عرف کپتان، قوم گورچانی، سکنہ چتری، ضلع راجن پور پنجاب کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد ملزم کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

صادق عمرانی سے ایپکا ایریگیشن یونٹ وفد کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

صوبائی وزیر کا تمام مسائل حل کرنے کی مکمل یقین دہانی

کوئٹہ (ق ن) ایپکا ایریگیشن یونٹ کے صدر غلام قادر زہری کی قیادت میں ایک وفد نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی صاحب سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں جنرل سیکرٹری اسد اللہ خان کاکڑ، سینئر نائب صدر کاشف حیدر گچکی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عبدالباقی بزنجو اور چیئرمین رحمت اللہ بزنجو شامل تھے۔ ملاقات میں محکمہ آبپاشی کے ملازمین کی پروموشن اور دیگر درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے تمام مسائل حل کرنے کی مکمل یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہمارے آفس کے دروازے ایپکا کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔ جب بھی آپ کو ضرورت ہو آپ آسکتے ہیں۔ ایپکا محکمہ آبپاشی یونٹ کے صدر غلام قادر زہری نے صوبائی وزیر کے مثبت رویے اور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد، سنٹرل پولیس آفس میں جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر قائم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد پولیس سنٹرل پولیس آفس میں جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر قائم کر دیا گیا ہے، جو دارالحکومت میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی پولیسنگ، مؤثر کمانڈ، بروقت فیصلہ سازی اور مختلف پولیس یونٹس کے درمیان رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ نئے سینٹر کا بنیادی مقصد انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کو ایک مرکزی پلیٹ فارم سے اسلام آباد پولیس کے اہم آپریشنل نظام، سیف سٹی، فیلڈ فورس اور شہر میں امن و امان کی صورتحال کی براہ راست نگرانی اور مؤثر کمانڈ کی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس نظام کے ذریعے مختلف پولیس یونٹس کی معلومات اور آپریشنل سرگرمیوں کو ایک مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول پلیٹ فارم سے منسلک کیا جائے گا۔ سینٹر میں مصنوعی ذہانت، چہرہ شناخت، خودکار نمبر پلیٹ شناخت، جرائم کے تجزیے، جغرافیائی معلومات اور ایمرجنسی ریسپانس سمیت جدید ٹیکنالوجی پر مبنی مختلف نظام مربوط کیے گئے ہیں، جو جرائم کی روک تھام، فیلڈ فورس کی مانیٹرنگ اور فوری پولیس رسپانس میں معاون ثابت ہوں گے۔ اس جدید سینٹر کی بدولت کسی بھی ہنگامی، سیکیورٹی یا امن و امان کی صورتحال میں بروقت معلومات کی فراہمی، صورتحال کی فوری مانیٹرنگ اور تیز رفتار فیصلہ سازی ممکن ہوگی۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ اسلام آباد پولیس میں جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول، بہترین الیونٹ کوآرڈینیشن اور تیز رفتار رسپانس کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

ژوب، غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 موٹر سائیکل شوروم سیل، 5 مالکان گرفتار

پیشہ ورانہ بھیک مانگنے کے خلاف کارروائی، 12 بھکاری اور بچوں کو بھیک میں لگانے والے 8 افراد گرفتار

ژوب (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر ژوب محمد عارف زرکون کی زیر صدارت سرکٹ ہاؤس ژوب میں ضلع کے اہم سماجی مسائل اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، سول سوسائٹی کے اراکین، مذہبی شخصیات اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع ژوب میں سودی کاروبار کی حوصلہ شکنی، نوجوانوں کو موٹر سائیکلیں کرایہ پر فراہم کرنے والے غیر قانونی شوروموں کے خلاف کارروائی اور پیشہ ورانہ بھیک مانگنے کے بڑھتے ہوئے رجحان کی روک تھام سے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد عارف زرکون نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کو منشیات اور دیگر خطرناک سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض غیر قانونی عناصر نوجوانوں کو موٹر سائیکلیں کرایہ پر فراہم کر کے نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کو فروغ دے رہے ہیں۔

ضلع برشور کی پسماندگی کا خاتمہ وقت کی ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر

تعلیمی اداروں کو مستقل بنیادوں پر فعال کیا جا رہا ہے، خالد شمس

برشور (ق ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے کہا ہے کہ ضلع برشور کو ترقی دینے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار کو بہتر بنانے کا اصولی فیصلہ وقت کی ضرورت ہے، جبکہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر بروقت فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز توبہ کاکڑی میں زیر تعمیر ہسپتال اور انٹر کالج کا دورہ کرنے کے حوالے سے قبائلی عمائدین اور متعلقہ آفسران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے کہا کہ اس ضلع کی تعمیر و ترقی اور پسماندگی کا خاتمہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور عوامی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے مانیٹرنگ کا سخت نظام وضع کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ تمام سرکاری محکموں کو ایک ہی چھت تلے لانے کے لیے جلد ایک جوائنٹ ڈسٹرکٹ سیکرٹریٹ قائم کر رہی ہے، جس سے عوام کو دفاتر کے چکر کاٹنے سے نجات ملے گی اور عوامی مسائل و مشکلات کا بروقت حل نکالا جا سکے گا، جبکہ سرکاری ملازمین اور دفاتر کے لیے عمارات کے مسائل حل کرنے کے لیے جامع پلان پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔

رکھنی: پولیس تھانہ بچہ کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، مقدمہ میں مطلوب مفرور ملزم سلیم جان گرفتار

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی فلڈ ریکوری پروگرام پر پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان امن اور علاقائی تعاون کے فروغ کیلئے پُرعزم ہے، سیدال ناصر

ملکی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

آپریشن سوم ناتھ پاک بحریہ کی جرات، بہترین حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کی روشن مثال ہے

اسلام آباد (اے این این) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یوم بحریہ پاک بحریہ کی شاندار قربانیوں اور کامیابیوں کو یاد کرنے کا موقع ہے، بالخصوص 1965 کی جنگ میں اس کی مثالی کارکردگی قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سوم ناتھ پاک بحریہ کی جرات، بہترین حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کی روشن مثال ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاک بحریہ ایک جدید اور بھرپور بحری قوت کے طور پر ترقی کر چکی ہے، جو ملکی دفاع کے ساتھ ساتھ بحری راستوں کے تحفظ، علاقائی امن کے فروغ اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سرگرمیوں میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے معرکہ حق اور آپریشن بنیان المرصوص کے دوران پاک بحریہ کی مستعدی اور بھرپور تیاری کو بھی سراہا، جس کے ذریعے ملک کے ساحلی اور بحری مفادات کا مؤثر تحفظ یقینی بنایا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے پاک بحریہ کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام اور تشکر کے ساتھ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امن اور علاقائی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، تاہم ملکی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاک بحریہ قوم کی خدمت میں اپنی شاندار روایات، بہادری، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ مہارت کو برقرار رکھتے ہوئے ملک کے دفاع میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گی۔

اسلام آباد ائیرپورٹ پر موجود اداروں کے درمیان رابطے مضبوط کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی ہدایت پر اسلام آباد ائیرپورٹ پر موجود وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایڈوائزر میجر جنرل (ریٹائرڈ) ہارون سکندر پاشا، کنسلٹنٹ پرویز عظیم راجپوت اور کنسلٹنٹ خالد سیانی پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ائیرپورٹ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ٹیم نے محسوس کیا کہ ائیرپورٹ پر موجود اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن کمی ہے۔ ٹیم نے انتظامیہ کو اداروں کے درمیان باہمی رابطہ مضبوط کرنے کی ہدایت کی۔ معائنہ ٹیم نے دورے کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ائیرپورٹ انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں غیر معمولی تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹم کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے، سامان کی تاخیر سے آمد اور واش رومز کی ناگفتہ بہ حالت کے بارے میں تھیں۔ دورے کے دوران ٹیم نے مشاہدہ کیا کہ بزرگ شہریوں اور وہیل چیئر استعمال کرنے والے مسافروں کے لئے مختص کاؤنٹرز پر کوئی نمائندہ موجود نہ تھا۔ ٹیم کے سربراہ نے ائیرپورٹ انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں، بالخصوص بزرگ شہریوں اور خواتین کے لئے الگ کاؤنٹرز پر ہر وقت نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے۔

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان سے میر سرفراز خان کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

محمد عیسیٰ اور غلام فروق باصلاحیت اور عوام دوست آفیسرز ہے، عزیز احمد

دفتری امور میں شفافیت، میرٹ اور عوامی خدمت کو ترجیح دیتے ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) آل ایمپلائز آرگنائزیشن فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز کوئٹہ یونٹ کے صدر عزیز احمد بلوچ، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم مینگل، جنرل سیکرٹری ملک الیاس شاہوانی، چیئرمین میر عبدالعلی کھیازئی، فنانس سیکرٹری ملک محمد حسن محمد حسنی، پریس سیکرٹری خلیل اللہ کھازئی و دیگر نے کہا ہے کہ اکاؤنٹ آفیسر محمد عیسیٰ اور اکاؤنٹنٹ غلام فروق، جی پی فنڈ برانچ، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نہایت ایماندار، فرض شناس، باصلاحیت اور عوام دوست آفیسرز ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ اپنے فرائض خوش اسلوبی، دیانتداری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیے ہیں اور سائلین کے مسائل کے حل میں خصوصی دلچسپی لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اکاؤنٹ آفیسر محمد عیسیٰ اور اکاؤنٹنٹ غلام فروق کا رویہ نہایت خوش اخلاق اور تعاون پر مبنی ہے اور وہ دفتری امور میں شفافیت، میرٹ اور عوامی خدمت کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کی انتھک محنت اور بہترین کارکردگی کی بدولت بے شمار ملازمین اور عوام کو بروقت سہولیات اور رہنمائی فراہم ہوئی ہے، جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصر اللہ جان سے پرزور مطالبہ کیا کہ اکاؤنٹ آفیسر محمد عیسیٰ اور اکاؤنٹنٹ غلام فروق اور کی شاندار خدمات، دیانتداری، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کے اعتراف میں انہیں خصوصی ایوارڈ سے نوازا جائے تاکہ دیگر سرکاری ملازمین بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ عوامی خدمت کی طرف راغب ہوں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان اس جائز مطالبے پر مثبت غور کرتے ہوئے محمد عیسیٰ اور غلام فروق کے حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی اقدامات کریں گے

ہر بچہ سکول میں ہوگا، پڑھا لکھا بلوچستان کے خواب کو شرمندۂ تعبیر بنائیں گے، لعل جان جعفر

بلوچستان میں بہت سارے بچے سکول سے باہر، تمام تر مسائل کے باوجود محکمہ تعلیم اور سکول فعال ہیں

حکومت نے تعلیمی بہتری کیلئے خصوصی اقدامات کیے ہیں جسکی وجہ سے شرح خواندگی 42 سے 49 فیصد تک چلی گئی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکرٹری تعلیم بلوچستان لعل جان جعفر نے کہا ہے کہ حکومت کے عوام دوست اور بہتر تعلیمی پالیسیوں کی بدولت گزشتہ 3 سال کے دوران سکول جانے والے بچوں کی تناسب میں 7 فیصد اضافہ ہوا ہے 2030 تک ہر بچہ سکول میں کے ہدف کو پورا کرائیں گے۔ تاکہ بلوچستان میں تعلیمی پسماندگی کو دور کر کے پڑھا لکھا بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان نے بلوچستان میں تعلیمی معیار کو بڑھانے کے لئے تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے۔ بلوچستان میں بہت سارے بچے سکول سے باہر ہیں بڑی تعداد میں سکولز غیر فعال تھے جس کی بڑی وجہ وسائل کی کمی کی وجہ سے بہت سارے مزید بچے سکول سے باہر ہو رہے تھے۔ اب حکومت نے تعلیمی بہتری کیلئے خصوصی اقدامات کیے ہیں جسکی وجہ سے شرح خواندگی 42 سے 49 فیصد تک چلی گئی ہے جو بہت بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے تعلیم اور محکمے کی بہتری کے لئے بہت سارے کام کرنے ہیں جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن سکولوں کی اپ گریڈیشن غیر فعال سکولز کو فعال کرنا اور سکولوں کی اسٹیبلشمنٹ کی بہتری شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مثبت سمت کی جانب بڑھ رہے ہیں جس میں ہم ایک نئی تعلیمی پالیسی متعارف کر کے ہر ضلع کے لئے ایک نیا پلان مرتب کرنے جا رہے ہیں چونکہ ہر ضلع میں شرح خواندگی کا تناسب مختلف ہے۔ کوئی ضلع تعلیم میں آگے تو کوئی پیچھے ہے۔ بعض علاقوں میں بچیوں اور بعض علاقوں میں بچوں پر فوکس کم یا زیادہ کی شکایات ہیں ان وجوہات کی بناء پر بھی ایک مکمل پلاننگ ضلع سے لیکر صوبے تک مرتب کی جا رہی ہے۔ اگلے 5 سال کے لئے ہمارے پاس ایک پرامید پلان ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہر بچہ سکول میں ہوگا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بلوچستان میں تمام تر مسائل کے باوجود محکمہ تعلیم اور سکول فعال ہیں بچے تعلیم کے حصول کیلئے سکول جا رہے ہیں جو سکول غیر فعال تھے اب وہ بتدریج فعال ہو رہے ہیں سماجی کارکن اور کونسلر ہدایت اللہ درانی نے بتایا کہ والدین کی ذمہ داری ہے کہ اپنے بچوں کو سکول میں داخل کرائیں انہیں باقاعدگی سے تعلیم حاصل کرنے کیلئے بھیجیں تاکہ اساتذہ انہیں تعلیم کے زیور سے روشناس کراتے ہوئے اپنی ذمہ داری نبھائیں اور بچوں پر غیر ضروری سختی نہ کی جائے تاکہ وہ سکولوں میں خوشی سے آئیں نہ کہ سکول سے راہ فرار حاصل کریں۔ بچوں کو سکول میں لانے کی ذمہ داری والدین محکمہ تعلیم، اساتذہ اور حکومت کی ہے ہم سب نے ملکر اس فریضے کو سرانجام دینا ہے۔ تاکہ بلوچستان سے تعلیمی پسماندگی کو دور کر کے پڑھا لکھا بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جا سکے۔ طالبعلم عبدالرحمن نے بتایا کہ محکمہ تعلیم اور حکومت کی جانب سے 2030، کی پالیسی کے تحت ہر بچہ سکول میں اچھا اقدام ہے اس کے آنے والے وقت میں تعلیمی معیار پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ طالبعلم اسفندیار نے بتایا کہ اچھا پلان ہے اس عمل سے تمام بچے تعلیم یافتہ ہو جائیں گے بچے تعلیم یافتہ ہونگے تو صوبے اور ملک کا نام روشن ہوگا انہوں نے بتایا کہ یہ کام حکومت کا ہے کہ تعلیم کے شعبے کو سپورٹ کر کے وسائل فراہم کرے۔

بلوچستان میڈیا فورم کا مرکزی اجلاس 13 ستمبر کو کوئٹہ میں ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں پہلی مرتبہ پورے صوبے کی سطح پر صحافیوں، سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس، کالم نویس، ادیب، کیمرہ مینز، اور کسی بھی سطح کے میڈیا ورکرز پر مشتمل تنظیم "بلوچستان میڈیا فورم" کا پہلا مرکزی اجلاس 13 ستمبر بروز اتوار صبح 11 بجے کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ فورم کے جاری کردہ مرکزی اعلامیہ کے مطابق اجلاس کی صدارت قیوم بلوچ کرینگے۔ جبکہ اجلاس میں تمام مرکزی عہدیداران، اراکین سینٹرل کمیٹی، تمام ڈویژنل عہدیداران شرکت کرینگے۔ اجلاس میں آئندہ کا لائحہ عمل، بلوچستان کے دیگر علاقوں میں تنظیم سازی، منشور و آئین، صوبے کے دور دراز علاقوں میں صحافیوں کو درپیش مسائل، بلوچستان کی لوکل میڈیا کو درپیش مسائل، نامہ نگاران کیلئے ماہانہ سرکاری وظیفہ کیلئے تحریک پر غور سمیت دیگر امور پر بحث اور اہم فیصلے کیے جائینگے۔

ایم ڈی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون میر مراد بلوچ اعزازی قونصل جنرل فیڈرل ریپبلک آف جرمنی کو بی ٹیوٹا دفتر آمد کے موقع پر اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کمشنر مکران ڈویژن سے مختلف وفود کی ملاقات

عوام کو درپیش امن و امان اور دیگر اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

تربت (یو این اے) کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر عقیل احمد بلوچ سے ایم این اے پھلین بلوچ کی سربراہی میں نیشنل پارٹی کے وفد سمیت مختلف وفود نے ملاقات کی، جس میں ضلع کیچ بالخصوص تربت کے عوام کو درپیش امن و امان اور دیگر اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیشنل پارٹی کے وفد میں مرکزی جوائنٹ سیکرٹری میر حمل خان بلوچ، مشکور انور، بجار بلوچ، حاجی شوکت اور قاسم کالی زئی شامل تھے۔ وفد نے کمشنر مکران کو علاقے کے عوامی مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ ڈاکٹر عقیل احمد بلوچ کا تعلق اسی علاقے سے ہے، اس لیے وہ مقامی آبادی کی مشکلات اور مسائل سے بخوبی واقف ہیں۔ وفد نے خصوصاً میرانی ڈیم متاثرین کے معاوضوں کا مسئلہ اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ بعض متاثرین کو تاحال معاوضے کی رقم ادا نہیں کی گئی، جس کے باعث وہ شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ متاثرین کے بقایا معاوضوں کی ادائیگی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ ملاقات میں دوہری شہریت کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ وفد نے کہا کہ مکران اور بلوچستان کے عوام کے ایران کے ساتھ دیرینہ خاندانی اور رشتہ داری کے تعلقات ہیں، جس کے باعث ایسے خاندان جن کے کچھ افراد پاکستان اور کچھ ایران میں مقیم ہیں، دوہری شہریت کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

جامعہ دارالعلوم ضیاء القرآن رحیمی ٹاؤن سبی روڈ کوئٹہ میں اساتذہ کے اجلاس کی صدارت مولانا عطاء الرحمن رحیمی کر رہے ہیں

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری اور محفوظ کتاب ہے، مولانا عبدالرحیم

قرآن کی تلاوت دلوں کا نور، گھروں کی برکت اور قبر کی روشنی ہے، شیخ القرآن

آج امت مسلمہ جن مشکلات کا شکار ہے اس کا واحد حل قرآن و سنت کی تعلیمات پر عمل کرنا ہے، اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) شیخ القرآن مولانا عبدالرحیم رحیمی بانی جامعہ دارالعلوم ضیاء القرآن رحیمی ٹاؤن سبی روڈ میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری اور محفوظ کتاب ہے۔ یہ ہدایت، رحمت اور شفاء کا سرچشمہ ہے۔ "قرآن کی تلاوت دلوں کا نور، گھروں کی برکت اور قبر کی روشنی ہے"۔ جو شخص قرآن سے جڑ جائے دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج امت مسلمہ جن مشکلات کا شکار ہے اس کا واحد حل قرآن و سنت کی تعلیمات پر عمل کرنا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو قرآن کی تعلیم ضرور دلوائیں اور گھروں میں قرآن کی تلاوت کا معمول بنائیں۔ قرآن صرف ثواب کے لیے نہیں بلکہ سمجھ کر پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کے لیے نازل ہوا ہے۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن پڑھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 9 ستمبر 2026ء

صنعت و تجارت کا فروغ۔ حکومتی اقدامات اور وزیراعظم کا عزم

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور کاروبار میں آسانی کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے جبکہ توانائی کی لاگت میں کمی بھی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے فروغ کے لئے کاروباری برادری کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو برآمد کنندگان کے لئے سپر ٹیکس سے استثنیٰ میں توسیع کے معاملے کا جائزہ لینے کی ہدایت بھی کی ہے۔ وزیراعظم نے یہ بات منگل کے روز وزیراعظم ہاؤس میں ملک کے ممتاز صنعت کاروں اور کاروباری شخصیات کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات کا بنیادی مقصد برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے فروغ کے لئے حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مشاورت اور صنعت و تجارت کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ اس اہم ملاقات میں ملک کے معروف صنعت کاروں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی اور اپنے اپنے شعبوں سے متعلق مسائل، مشکلات اور تجاویز وزیراعظم کے سامنے پیش کیں۔ وزیراعظم نے کاروباری برادری کی جانب سے بجٹ سازی کے دوران دی جانے والی تجاویز کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان میں سے متعدد تجاویز کو بجٹ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اس موقع پر حکومت کی جانب سے کاروبار، تجارت اور صنعت کے فروغ کے لئے کئے جانے والے مختلف اقدامات پر وفد کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔ اس میں بندرگاہوں کے پورٹ چارجز میں کمی، آپریشنل استعداد میں بہتری، کراچی کی بندرگاہوں سے اندرون ملک رسائی بہتر بنانے کے لئے موٹر وے ایم-10 کی اپ گریڈیشن، ہیوی فریٹ کوریڈور، ریلوے انفراسٹرکچر کی بہتری اور دیگر اقدامات شامل تھے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ موجودہ حکومت نے معیشت کو محض مالیاتی اعداد و شمار تک محدود رکھنے کے بجائے صنعت، تجارت اور برآمدات کو معاشی بحالی کا بنیادی ستون قرار دیا ہے۔ کسی بھی ملک کی معیشت اس وقت مضبوط بنیادوں پر استوار ہوتی ہے جب اس کی صنعت پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرے، کاروبار وسعت اختیار کریں، نئی سرمایہ کاری آئے، برآمدات بڑھیں اور نوجوانوں کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ پاکستان کو بھی اسی سمت میں مسلسل اور مربوط پیش رفت کی ضرورت ہے۔ حالیہ برسوں میں ملکی معیشت کو متعدد مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ بلند مہنگائی، توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، کاروباری لاگت میں اضافہ، ٹیکس نظام کی پیچیدگیاں، درآمدی دباؤ، روپے کی قدر میں اتار چڑھاؤ اور عالمی معاشی حالات نے صنعت کاروں اور تاجروں کے لئے مشکلات پیدا کیں۔ ایسے ماحول میں معاشی استحکام کی جانب پیش رفت یقیناً ایک مثبت علامت ہے۔ تاہم اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب میکرو اکنامک استحکام کے اثرات صنعت کے پہیے کی رفتار بڑھانے، سرمایہ کاری میں اضافے، برآمدات کے فروغ اور عام شہری کے لئے روزگار و آمدنی کے بہتر مواقع کی صورت میں سامنے آئیں۔ وزیراعظم نے بھی اسی حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی ٹیم کی کوششوں سے ملک کے میکرو اکنامک حالات میں خاطر خواہ بہتری آئی ہے، تاہم مائیکرو اکنامک سطح پر مزید محنت کی ضرورت ہے تاکہ معاشی بہتری کے ثمرات عوام تک پہنچ سکیں۔ درحقیقت ہماری معاشی پالیسی کے لئے اب یہی سب سے اہم چیلنج ہے۔ بڑے معاشی اشاریوں میں بہتری ضروری ہے لیکن اس کے ساتھ فیکٹری کا پہیہ چلنا، کاروبار کا بڑھنا، دکان اور مارکیٹ میں سرگرمی پیدا ہونا، کسان کو اپنی پیداوار کی بہتر قیمت ملنا اور نوجوان کو باعزت روزگار ملنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ صنعتی ترقی کے راستے میں توانائی کی لاگت ایک بنیادی مسئلہ ہے۔ پاکستان کی صنعت کو مقامی اور عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل بنانے کے لئے بجلی اور گیس کی قیمتوں کو کاروباری حقیقتوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ مہنگی توانائی کے باعث پیداواری لاگت بڑھتی ہے، جس سے پاکستانی مصنوعات عالمی منڈی میں مقابلے کی دوڑ میں پیچھے رہ سکتی ہیں۔ وزیراعظم کی جانب سے توانائی کی لاگت کم کرنے کو ترجیح قرار دینا اس لئے اہم ہے۔ اس شعبے میں ایسے عملی اور مستقل اقدامات درکار ہیں جن سے صنعت کو قابل پیش گوئی اور مسابقتی نرخوں پر توانائی دستیاب ہو۔ اسی طرح کاروبار میں آسانی صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ معاشی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ اس کا مقصد قواعد و ضوابط کو آسان بنانا، کمپلائنس لاگت کم کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کو مزید سہل بنانا ہے۔ اجازت ناموں، رجسٹریشن، ٹیکس، انسپکشن اور مختلف محکموں کی پیچیدہ کارروائیاں کاروباری رفتار متاثر کرتی ہیں۔ اگر ریگولیٹری گلوٹین کے ذریعے غیر ضروری قوانین اور طریقہ کار ختم یا آسان کئے جاتے ہیں تو اس سے کاروباری ماحول میں نمایاں بہتری آ سکتی ہے۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ذریعے سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کو ون ونڈو آپریشن کی سہولت فراہم کرنا بھی اسی سلسلے کی اہم پیش رفت ہے۔ برآمدات میں اضافہ محض تجارتی ہدف نہیں بلکہ معاشی خود انحصاری کی ضرورت ہے۔ مسلسل بڑھتی ہوئی درآمدات اور محدود برآمدات کا فرق ملک کے بیرونی کھاتے پر دباؤ پیدا کرتا ہے۔ آئی ٹی برآمدات میں ریکارڈ اضافہ امید افزا ہے۔ تاہم صنعتی و تجارتی ترقی کے لئے صرف بڑے کاروباری اداروں پر انحصار کافی نہیں۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے ایس ایم ایز کے فروغ، انہیں برآمدی شعبے میں شامل کرنے اور فنانسنگ کی سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ چھوٹے کاروباری اداروں کے لئے قرضوں کا حصول، رجسٹریشن، ٹیکس، ٹیکنالوجی، مارکیٹنگ اور برآمدی سرٹیفکیشن جیسے مراحل بھی آسان بنائے جائیں تاکہ یہ ادارے مقامی مارکیٹ سے نکل کر عالمی منڈی تک رسائی حاصل کر سکیں۔ اسی طرح انفراسٹرکچر کی بہتری کو بھی صنعت و تجارت کی ترقی کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ بندرگاہوں کے چارجز میں کمی اوران کی آپریشنل استعداد میں بہتری، سڑکوں اور ریلوے کے نظام کی اپ گریڈیشن اور فریٹ کوریڈورز کی تعمیر دراصل کاروباری لاگت کم کرنے کے اقدامات ہیں۔ صنعتی ترقی کا ایک اور اہم پہلو ہنرمند افرادی قوت ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے صنعت کی ضروریات کے مطابق نوجوانوں کی تربیت پر توجہ دینے کا اعلان درست سمت میں قدم ہے۔ آج کی صنعت صرف روایتی مزدور نہیں بلکہ ٹیکنیشن، انجینئر، ڈیجیٹل ماہر، مشین آپریٹر، ڈیزائنر اور جدید پیداواری نظام سے واقف افرادی قوت چاہتی ہے۔ تعلیمی اداروں، ٹیکنیکل ٹریننگ مراکز اور صنعت کے درمیان رابطہ مضبوط کیا جائے تو نوجوانوں کی تربیت براہ راست روزگار کی ضروریات سے منسلک کی جا سکتی ہے۔ مجموعی طور پر حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان حالیہ مشاورت اس لحاظ سے اہم ہے کہ معیشت کی بحالی میں دونوں فریق ایک دوسرے کے متبادل نہیں بلکہ شریک سفر ہیں۔ حکومت کا کام سازگار پالیسی، بنیادی ڈھانچہ، توانائی، ٹیکس اور قانون کا موثر نظام فراہم کرنا ہے جبکہ نجی شعبے کو سرمایہ کاری، پیداوار، روزگار اور برآمدات میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ دونوں کے درمیان اعتماد اور مسلسل مکالمہ معاشی ترقی کے لئے ناگزیر ہے۔

بیرون ملک تعلیم یافتہ ہمارے نوجوانوں کے روزگار کے مسائل

برملا



نصرت جاوید

ریگولر اور سوشل میڈیا میں ہمارے ہاں گزشتہ کئی برسوں سے ہذیانی انداز میں جو موضوعات زیر بحث ہیں ان کی بوچھاڑ سے متاثر ہو کر مجھ جیسے رپورٹنگ سے ریٹائر ہو کر کالم نگار ہوئے بدنظم گھسیٹ اپنی روزی کمانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو لکھتا ہوں اسے سوشل میڈیا پر پوسٹ کر کے بھول نہیں جاتا۔ ڈاکٹروں کی جانب سے بینائی کے تحفظ کے لئے موبائل فونز اور لیپ ٹاپ دیکھنے کیلئے محدود وقت مختص کرنے کا حکم ہوا ہے۔ اکثر حکم عدولی ہو جاتی ہے۔ اس کی بابت شرمندگی محسوس کرتا ہوں۔ لکھے ہوئے کالموں کے نیچے اکثر ایسے نوجوانوں کے جواب آتے ہیں جنہیں فالو کرنے والوں کی تعداد اوسطاً 300 سے زیادہ نہیں ہوتی۔ مجھ بڈھے کو ناؤٹ جیسے القاب سے نوازنے کے بعد صحافت کی جان چھوڑنے کا تقاضہ ہوتا ہے۔ ابتدائی ایام میں ان نوجوانوں کے مشورے کو سنجیدگی سے لیا۔ گزشتہ دو ہفتوں سے مگر ذاتی تجربے اور مشاہدے کی بدولت چند حقائق دریافت ہوئے جن پر غور کیا تو ذہن اپنے بارے میں نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے مستقبل کے خوف سے ماؤف ہو گیا۔

رواں صدی کا آغاز ہوتے ہی پرانی وضع کی صحافت اپنی وقعت پاکستان ہی نہیں دنیا بھر میں کھونا شروع ہو گئی تھی۔ بہت کم ادارے ٹیکنالوجی کی وجہ سے اخباری صنعت پر نازل ہوئے معاشی بحران کے مقابلے کیلئے خود کو تیار کر سکے۔ نیویارک ٹائمز جیسے اداروں نے اگرچہ اپنی بقاء یقینی بنانے کے ڈھنگ ڈھونڈ لیے اور ابھی تک خود کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ ہمارے ہاں مگر نیویارک ٹائمز کے تیار کردہ ماڈل کی تقلید کئی اعتبار سے ناممکن ہے۔ الغرض صحافی عمر کے آخری حصے میں جو فکرمندی لاحق ہے وہ اس کالم کا تاہم موضوع نہیں۔ میری فکرمندی کا حقیقی سبب ان نوجوانوں کا مستقبل ہے جنہیں نسبتاً خوشحال متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والوں نے دن رات محنت سے جمع کی بچت کے بعد یورپ اور امریکہ کی مشہور یونیورسٹیوں میں بھیجا۔ ان کی اعلیٰ تعلیم کے لیے مگر جن موضوعات کا انتخاب ہوا ان میں اعلیٰ ترین نمبروں سے حاصل کی ڈگری بھی لیکن وطن عزیز میں اچھی نوکری کا حصول یقینی نہیں بنا رہی۔ بزنس ایڈمنسٹریشن میں یورپ یا امریکہ کی مشہور یونیورسٹی سے اعلیٰ تعلیم مثال کے طور پر چند ہی برس قبل تک اچھی ملازمت کا حصول یقینی بنا دیا کرتی تھی۔ اب مگر اس کی وقعت نہیں رہی۔ مارکیٹنگ کا شعبہ بھی نوجوانوں کو تحفظ فراہم نہیں کر رہا۔ چند قریبی رشتے داروں اور دوستوں کے بچوں سے مجھے لمبی گفتگو کی عادت ہے۔ یوں ان کے ذہن کو ٹٹولتا ہوں۔ مجھ سے گفتگو کیلئے ان کے پاس ایسے موضوعات نہیں ہوتے جو آن کی دانست میں مجھے پسند ہو سکتے ہیں۔ تقریباً دس سال قبل تک مگر یہ ہی بچے تحریک انصاف کی جذباتی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے مجھ سے یہ جاننے کی کوشش کرتے کہ میں نوجوانوں کی پسندیدہ جماعت کو تنقید کا نشانہ کیوں بنائے رکھتا ہوں۔ بتدریج وہی نوجوان بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے بعد لوٹے تو ان کی ترجیحات بدل گئیں۔

مسئلہ تحریک انصاف سے دوری تک محدود ہوتا تو شاید میں پریشان نہ ہوتا۔ پریشان کن حقیقت یہ ہے کہ وہ سیاست سے قطعی لاتعلقی اختیار کر چکے ہیں۔ ان کا بنیادی دکھ یہ ہے کہ ماں باپ کے لاکھوں روپے خرچ کروانے اور گھروں سے دور تنگ اور ٹھنڈے کمروں میں رہ کر انہوں نے جس محنت سے ڈگری حاصل کی ہے پاکستان لوٹنے کے بعد انہیں اس کے مساوی نوکری نہیں مل رہی۔ جس بچے یا بچی سے بھی گفتگو ہوئی اس کا دعویٰ تھا نوکریوں کے لئے انہیں جس تنخواہ کی پیشکش ہو رہی ہے وہ ان کی ڈگری کے حوالے سے واجب نہیں۔

خود کو پاکستان میں میسر نوکریوں کے مقابلے میں (Qualified Oved) پکارتے یہ بچے نہایت حسرت سے اپنے چند دوستوں کا ذکر کرتے رہے جنہوں نے گریجویشن کے بعد کام کا تجربہ حاصل کرنے کے نام پر دو سال کا ویزا حاصل کیا۔ ڈگری کے مطابق انہیں برطانیہ میں بھی نوکری نہ ملی۔ ریسٹورانوں میں ویٹر وغیرہ کی نوکری کرنے کو مجبور ہوئے۔ وطن لوٹنے کے بعد مگر وہ ایسے کام کر نہیں سکتے۔ خود کو والدین پر بوجھ محسوس کرتے ہیں۔

ایسے ہی چند نوجوانوں سے چند دن قبل لمبی گفتگو کا موقع ملا۔ میں نے آغاز ہی میں ان کی نوکریوں کے حوالے سے خواہشات معلوم کرنا چاہیں۔ آن کو دلوں میں جمع ہوئے غبار کے اظہار کا موقع مل گیا۔ آن سے ہوئی گفتگو نے مزید پریشان کر دیا۔ تین سے زیادہ بچوں نے بجھے اور اداس چہروں کے ساتھ اطلاع دی کہ ان کے چند قریب ترین دوست برطانیہ میں Uber گاڑیاں چلاتے ہوئے سفید پوشی کا بھرم رکھے ہوئے تھے۔ بیرون ملک قیام کو طول دینے کے لئے اضافی تعلیم کی راہیں بھی ڈھونڈ نکالی تھیں۔ چند ہی دن قبل مگر "اوبر" نے اعلان کیا ہے کہ وہ ڈرائیور کے بغیر گاڑیاں متعارف کروانے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ ایک نوجوان کی قریبی دوست نے پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے اسے یہ خبر سنائی کہ "اوبر" والوں نے اسے اگلے مہینے فارغ کرنے کی اطلاع بھجوا دی ہے۔ بچی کو سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ وطن لوٹ کر کیا کرے گی۔ اس کی بیوہ ماں اکیلی رہتی ہیں۔ اپنی بچت کا بھاری بھرکم حصہ وہ اس کی تعلیم پر خرچ کر چکی ہیں۔ اسلام آباد کے نسبتاً کم قیمت والے مکان کی مالک ہیں۔ اس کے دو کمرے طالبات کو کرایے پر دے رکھے ہیں۔ بچی انہیں باقاعدگی سے برطانوی پاؤنڈ میں کچھ رقم بھجوا کر مطمئن رکھا کرتی تھی۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی کہ کس منہ سے وطن لوٹے اور اپنی ماں کے لئے آخری عمر کا سہارا بننے کے بجائے ان پر بوجھ نہ بنے۔ ہمارے ریگولر اور سوشل میڈیا میں مجھ جیسے عالمی امور پر لکھنے والے نام نہاد دانشور صحافی ایسے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی حقیقی زندگیوں اور مسائل سے قطعاً غافل ہیں۔ ان کے بارے میں لکھنا اپنے "مرتبے" سے کم تر سمجھتے ہیں۔ وہ اگر ہم بڈھوں سے نفرت نہ کریں تو کیا کریں!

ایندھن کی قیمتوں کا تعین

اعداد کا کھیل

ڈاکٹر حفیظ پاشا

زیر نظر مضمون میں بنیادی توجہ مائع ایندھن، بالخصوص پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں کے تعین پر مرکوز ہے۔ یہ دونوں اہم ترین پیٹرولیم مصنوعات ہیں اور ملک میں پیٹرولیم، آئل اینڈ لبریکنٹس (پی او ایل) مصنوعات کی مجموعی کھپت کا 90 فیصد بنتی ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں جنگ اور آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 71 ڈالر فی بیرل سے کم سے بڑھ کر 96 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی ہے۔ نتیجتاً عالمی منڈی میں پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ملک میں بھی ایندھن کی قیمتوں میں اسی طرح اضافہ ہوا ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں 34 فیصد جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 35 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس طرح عالمی قیمتوں میں اضافے کا اثر مقامی ایندھن کی قیمتوں میں منتقل ہوا ہے۔ بنیادی مسئلہ ان اضافوں کے پاکستان میں مجموعی مہنگائی کی شرح پر اثرات کا ہے۔ فروری 2026 میں کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) کے تحت مہنگائی کی سالانہ شرح 7 فیصد تھی، جو اب اگست 2026 میں 11 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے۔ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے دو اثرات ہیں۔ پہلا براہ راست اثر قیمتوں کے عمومی اشاریے پر پڑتا ہے، جبکہ دوسرا بالواسطہ اثر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں سامنے آتا ہے، خصوصاً نقل و حمل کے اخراجات بڑھنے کے باعث۔ مجموعی طور پر اندازہ ہے کہ مہنگائی کی شرح 7 فیصد سے بڑھ کر 11.1 فیصد ہونے میں 32 فیصد حصہ ایندھن کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا ہے۔ یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ مختلف آمدنی والے طبقات پر ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ کتنا پڑا ہے۔ بنیادی طور پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کے باعث اندازہ ہے کہ کم ترین آمدنی والے 20 فیصد طبقے کی آمدنی کے تناسب سے پڑنے والا اثر سب سے زیادہ آمدنی والے 20 فیصد طبقے کے مقابلے میں دو گنا سے بھی زیادہ ہے۔ اب مختلف ممالک میں ایندھن کی قیمتوں کا جائزہ لیتے ہیں۔ جنوبی اور مشرقی ایشیا کے چند بڑے ممالک میں فی لیٹر قیمت کا امریکی ڈالر میں تقابلی جائزہ لیا گیا ہے۔ جنوبی ایشیا میں بھارت اور بنگلہ دیش جبکہ مشرقی ایشیا میں انڈونیشیا اور تھائی لینڈ شامل ہیں۔ 31 اگست تک پاکستان میں پیٹرول کی قیمت 1.236 ڈالر فی لیٹر تھی۔ اس کے مقابلے میں بنگلہ دیش میں قیمت 1.183 ڈالر، بھارت میں 1.134 ڈالر، انڈونیشیا میں 0.936 ڈالر اور تھائی لینڈ میں 1.436 ڈالر فی لیٹر تھی۔ اس طرح پاکستان میں پیٹرول کی قیمت منتخب چار ممالک میں سے تین کے مقابلے میں زیادہ ہے۔

31 اگست تک پاکستان میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 1.336 ڈالر فی لیٹر تھی۔ اس کے مقابلے میں بنگلہ دیش میں 0.938 ڈالر، بھارت میں 1.037 ڈالر، انڈونیشیا میں 1.433 ڈالر اور تھائی لینڈ میں 1.175 ڈالر فی لیٹر تھی۔ یہاں بھی پاکستان میں قیمت چار میں سے تین ممالک کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ بالخصوص پاکستان میں پیٹرول اور ڈیزل دونوں کی قیمتیں بھارت اور بنگلہ دیش کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔ یہ بھی قابل ذکر ہے کہ تین ممالک یعنی بنگلہ دیش، بھارت اور تھائی لینڈ میں ڈیزل کی قیمت پیٹرول کے مقابلے میں کم ہے۔ اس کے برعکس پاکستان میں ڈیزل کی قیمت پیٹرول سے 8 فیصد زیادہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ مذکورہ چاروں ممالک تیل کی درآمدات پر زیادہ انحصار کرتے ہیں، تو پھر ان ممالک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اتنا نمایاں فرق کیوں ہے؟

لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان میں پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں کے ڈھانچے کا جائزہ لیا جائے۔ حکومت نے فیصلہ کیا تھا کہ ان دونوں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اعلان اوگرا کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس فیصلے پر 21 جولائی 2026 سے عملدرآمد جاری ہے۔ یہ بات تسلیم کی جانی چاہیے کہ اوگرا کی جانب سے دونوں ایندھن کی قیمتوں کے ڈھانچے سے متعلق معلومات میں شفافیت موجود ہے۔ 4 ستمبر کو اعلان کردہ قیمتوں کے مطابق پیٹرول 349.00 روپے فی لیٹر جبکہ ڈیزل 374.31 روپے فی لیٹر تھا۔ اوگرا کی جانب سے دونوں ایندھن کی قیمتوں کا مکمل ڈھانچہ روزانہ جاری کیا جاتا ہے۔

مجموعی قیمت کو درج ذیل اجزا میں تقسیم کیا جاتا ہے: • درآمدی لاگت اور مال برداری • کسٹمز ڈیوٹی • ایکس ریفائنری/درآمدی قیمت • اندرون ملک مال برداری کا مارجن • آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) کا مارجن • ڈیلرز کا مارجن • لیوی سے قبل قیمت • پیٹرولیم لیوی • کلائمیٹ سپورٹ لیوی • مجموعی قیمت

پیٹرول پر کسٹمز ڈیوٹی تقریباً 10 فیصد جبکہ ڈیزل پر 6 فیصد کے قریب ہے۔ تینوں مارجنز کو ملا کر پیٹرول پر 25.30 روپے فی لیٹر اور ڈیزل پر 21.81 روپے فی لیٹر وصول کیے جاتے ہیں۔ دونوں مصنوعات پر پیٹرولیم لیوی 80 روپے فی لیٹر جبکہ کلائمیٹ سپورٹ لیوی 5 روپے فی لیٹر ہے۔ اوگرا نے واضح کیا ہے کہ قیمت میں ردوبدل کا مکمل اثر سات دن میں سامنے آتا ہے، لہٰذا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قیمتوں کا اعلان روزانہ کے بجائے ہفتہ وار بنیاد پر کیا جائے۔ پیٹرول کی روزانہ قیمت میں اوسطاً تبدیلی صرف 0.2 فیصد رہی ہے، جبکہ ہفتہ وار بنیاد پر یہ تبدیلی 1.2 فیصد رہی۔ قیمتوں میں کم وقفے سے تبدیلیاں مارکیٹ میں کسی حد تک استحکام کا تاثر پیدا کرنے میں مددگار ہوں گی۔

بنیادی سوال یہ ہے کہ پاکستان میں ایندھن کی مصنوعات کی خوردہ قیمتیں بنگلہ دیش یا بھارت کے مقابلے میں زیادہ کیوں ہیں۔ تینوں ممالک اپنی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے درآمدات پر زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ اس لیے امریکی ڈالر میں درآمدی قیمتوں میں زیادہ فرق کا امکان نہیں ہے۔ اصل فرق مارجنز اور ٹیکسوں میں موجود تفاوت کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ یہاں پاکستان میں متنازع لیوی کا معاملہ سامنے آتا ہے، یعنی پیٹرول اور ڈیزل دونوں پر مجموعی طور پر 85 روپے فی لیٹر پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی۔ پیٹرولیم لیوی جولائی 2022 میں 20 روپے فی لیٹر کی شرح سے متعارف کرائی گئی تھی۔ نومبر 2022 میں اسے بڑھا کر 50 روپے فی لیٹر اور ستمبر 2023 میں 60 روپے فی لیٹر کر دیا گیا۔ اب ان دونوں مصنوعات پر سیلز ٹیکس عائد نہیں کیا جاتا۔

پیٹرولیم لیوی متعارف کرانے اور سیلز ٹیکس سے دستبرداری کا وفاقی حکومت کو کیا فائدہ ہوا؟ پیٹرولیم لیوی سے حاصل ہونے والی رقم کو نان ٹیکس ریونیو تصور کیا جاتا ہے، لہٰذا اسے صوبائی حکومتوں کے ساتھ تقسیم نہیں کیا جاتا، جبکہ سیلز ٹیکس وفاقی حکومت کی قابل تقسیم محاصل کے پول کا حصہ ہوتا ہے۔ واضح طور پر پیٹرولیم لیوی کے نفاذ نے وفاقی حکومت کی آمدنی میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ لیوی سے حاصل ہونے والی آمدنی مالی سال 2022-23 میں 579 ارب روپے سے بڑھ کر مالی سال 2025-26 میں 1,567 ارب روپے تک پہنچ گئی، جو سالانہ 33 فیصد سے زائد اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ اس اضافے کی بنیادی وجہ فی لیٹر لیوی کی شرح میں نمایاں اضافہ ہے۔ بنیادی سوال یہ ہے کہ ایکس ریفائنری/درآمدی قیمت کے مقابلے میں پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی کی شرح کتنی ہے؟ پیٹرول کے معاملے میں یہ 35.6 فیصد جبکہ ڈیزل کے معاملے میں 31.8 فیصد بنتی ہے۔ یہ اس اصول کی خلاف ورزی ہے جس کے تحت 18 فیصد سیلز ٹیکس کی جگہ لیوی عائد کی گئی تھی اور اس کی شرح کو تبدیل نہ کیا جانا تھا۔ لہٰذا پیٹرول کی قیمت 349.00 روپے سے کم کر کے 306.97 روپے فی لیٹر کرنے کا ایک مضبوط جواز موجود ہے۔ اس کا مطلب قیمت میں 12 فیصد کی کمی ہوگا۔ اسی طرح ڈیزل کی قیمت 374.31 روپے فی لیٹر سے گھٹا کر 337.46 روپے فی لیٹر کی جانی چاہیے، جس سے قیمت میں 10 فیصد کی واقع ہوگی۔ پیٹرول کی امریکی ڈالر میں مساوی قیمت 1.106 ڈالر فی لیٹر جبکہ ڈیزل کی قیمت 1.215 ڈالر فی لیٹر ہوگی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پیٹرول کی قیمت بنگلہ دیش اور بھارت کی قیمت کے قریب تر ہو جائے گی۔ تاہم ڈیزل کی قیمت پھر بھی نسبتاً زیادہ رہے گی۔ پیٹرول اور ڈیزل کی ریٹیل قیمتوں میں کمی سے معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور کھپت میں اضافہ ہوگا۔ اس طرح لیوی کی شرح میں کمی سے آمدنی میں ہونے والی گراوٹ متناسب شرح سے کم ہوگی۔

برآمدات، شمسی توانائی اور ایم ایل ون

دسترس

میاں عمران احمد

ملکی معیشت میں برآمدات کو ہمیشہ بنیادی اہمیت حاصل رہی ہے اور اسے فروغ دینے کیلئے سرکاری سطح پر سہولتیں دیے جانے کی روایت بھی پرانی ہے۔ حکومت نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو برآمدی انشورنس کی سہولت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس کیلئے تین ارب روپے کا رسک پول قائم کیا گیا ہے جس کے ذریعے کاروباری اداروں خصوصاً سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز (ایس ایم ایز) کی رسائی برآمدی کریڈٹ انشورنس تک بہتر بنائی جائے گی۔ چھوٹے کاروباروں کیلئے یہ سہولت اس لیے اہم ہے کہ بیرون ملک مال فروخت کرتے وقت ادائیگی میں تاخیر یا عدم ادائیگی جیسے خطرات ان کیلئے بڑے مالی نقصان کا سبب بن سکتے ہیں۔ تین ارب روپے کا رسک پول بظاہر مجموعی معیشت کے مقابلے میں ایک معمولی رقم ہے لیکن اگر اس کے ذریعے نجی شعبے کو زیادہ برآمدی سرگرمیوں کی طرف لایا جا سکے تو اس کا معاشی اثر کئی گنا بڑھ سکتا ہے۔ اگر انشورنس کی سہولت کاروباری اداروں کو پہلے سے زیادہ ایکسپورٹ آرڈر لینے میں مدد فراہم کرتی ہے تو اس سے پیداوار، ٹرانسپورٹ، پیکیجنگ اور روزگار سمیت کئی شعبے متحرک ہو سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ محسوس ہوتا ہے کہ حکومت برآمدات بڑھانے کیلئے صرف مالی معاونت ہی نہیں بلکہ ادارہ جاتی اصلاحات پر بھی توجہ دے رہی ہے۔ لیکن کامیابی کا اصل پیمانہ صرف تین ارب روپے کی رقم نہیں ہو سکتی۔ کامیابی کا درست حساب اسی وقت لگایا جا سکتا ہے جب یہ نتائج سامنے آئیں کہ اس سہولت سے کتنے برآمد کنندگان نے فائدہ اٹھایا، برآمدی حجم میں کتنا اضافہ ہوا اور کتنے چھوٹے کاروبار عالمی منڈی میں مستقل جگہ بنانے میں کامیاب ہو سکے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ برآمدات کو چند روایتی شعبوں تک محدود رکھنے کے بجائے ٹیکسٹائل، زرعی مصنوعات، آئی ٹی، انجینئرنگ، کھیلوں کا سامان اور دیگر شعبوں میں نئی منڈیاں تلاش کی جائیں۔ اگر ایس ایم ایز کو انشورنس، آسان قرضوں، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی مارکیٹنگ کی سہولتیں فراہم کی جائیں تو برآمدات میں نمایاں اضافہ ممکن بنایا جا سکتا ہے۔

بجلی کے بڑھتے ہوئے مسائل اور مہنگی توانائی کے باعث عوام کا رجحان شمسی توانائی کی طرف تیزی سے بڑھا ہے۔ ایسے میں وفاقی حکومت کی جانب سے زیر التوا نیٹ میٹرنگ درخواستوں کو نمٹانے کے فیصلے کے بہتر نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔ نیٹ میٹرنگ کی 11 ہزار 695 زیر التوا درخواستوں کو حل کرنے کا عمل شروع کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر 16 ہزار 654 درخواستیں زیر التوا تھیں۔ اب 11 ہزار سے زائد کو حل کرنے کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ یہ شرح تقریباً 70 فیصد بنتی ہے یعنی ہر 10 میں سے سات درخواستیں اب کلیئر ہو چکی ہیں۔ اطلاعات ہیں کہ پاکستان انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی نے کلیئر ہونے والی درخواستوں کے صارفین سے وٹس ایپ، ایس ایم ایس اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع کے ذریعے رابطہ شروع کر دیا ہے اور درخواستوں کی جلد منظوری یا مزید کارروائی کیلئے کسی فرد، ایجنٹ یا درمیانی شخص کو کوئی فیس یا رقم ادا کرنے سے منع کیا جا رہا ہے۔ حکومت کی عوامی معاملات میں اس سطح تک دلچسپی سے فراڈ کے امکانات کم ہو سکتے ہیں لیکن اس کی ذمہ داری صرف زیر التوا درخواستیں نمٹانے تک محدود نہیں ہونی چاہیے۔ شمسی توانائی میں سرمایہ کاری کرنے والے شہریوں کو ایک ایسا نظام درکار ہے جو واضح، مستحکم اور قابل پیش گوئی ہو۔ اگر قوانین بار بار تبدیل ہوتے رہیں یا درخواستوں کی کارروائی میں طویل تاخیر ہو تو عوام کا اعتماد متاثر ہو سکتا ہے۔ شمسی توانائی پاکستان کیلئے صرف بجلی پیدا کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ توانائی کے درآمدی بوجھ کو کم کرنے، صارفین کو متبادل توانائی فراہم کرنے اور ماحول کو بہتر بنانے کا ایک اہم راستہ بھی بن سکتی ہے۔ خلیجی ممالک پاکستان کیلئے اہم تجارتی شراکت دار ہیں۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت اور بحرین کے ساتھ پاکستان کی تجارت میں توانائی، خوراک، ٹیکسٹائل اور دیگر مصنوعات کا اہم کردار ہے۔ رواں مالی سال کے پہلے ماہ (جولائی) میں خلیجی ممالک کے ساتھ پاکستان کا تجارتی خسارہ تقریباً 25 فیصد کم ہو کر تقریباً 1.2 ارب ڈالر رہ گیا۔ اس کی بنیادی وجہ برآمدات میں معمولی اضافہ اور درآمدات میں نمایاں کمی ہے۔ اس عرصے میں پاکستان کی خلیجی ممالک کو برآمدات تقریباً تین فیصد بڑھیں جبکہ درآمدات میں تقریباً 20 فیصد تک کمی آئی۔ بظاہر یہ اعداد و شمار اچھے ہیں لیکن پاکستان کیلئے درآمدی بل میں کمی کا براہ راست اثر زرمبادلہ کے ذخائر پر پڑتا ہے۔ متحدہ عرب امارات پاکستان کیلئے ایک اہم منڈی کے طور پر سامنے آیا ہے۔ وہاں پاکستانی برآمدات میں تقریباً آٹھ فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سعودی عرب کو برآمدات میں چھ فیصد جبکہ اردن کو برآمدات میں تقریباً 12 فیصد تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستانی مصنوعات کیلئے ان منڈیوں میں مزید جگہ پیدا کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ درآمدات میں تقریباً 20 فیصد کمی کی بڑی وجہ توانائی کی خریداری میں کمی ہے۔ توانائی کی درآمدات کے بل میں تقریباً 30 کروڑ ڈالر کی کمی ہوئی ہے۔ مگر درآمدات کم ہونا ہمیشہ اچھی خبر نہیں ہوتا اگر درآمدات اس لیے کم ہوں کہ ملک میں توانائی کی طلب پوری ہو رہی ہے، مقامی پیداوار بڑھ رہی ہے یا متبادل توانائی استعمال ہو رہی ہے تو یہ مثبت تبدیلی ہے لیکن اگر درآمدات میں کمی کاروباری سرگرمیوں یا توانائی کی ضرورت کم ہونے کی وجہ سے ہو تو صورتحال مختلف ہو سکتی ہے۔ اس لیے حکومت کو صرف درآمدات میں کمی کے بجائے اس کمی کی وجہ پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

پاکستان میں بڑے ترقیاتی منصوبوں کی طویل تاریخ ہے۔ ہر حکومت کچھ ایسے منصوبے پیش کرتی ہے جنہیں ملکی معیشت کیلئے گیم چینجر قرار دیا جاتا ہے۔ موٹرویز اور سی پیک کے بعد اب مین لائن ون منصوبہ قومی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ بلاشبہ پاکستان کو جدید ریلوے نظام کی ضرورت ہے۔ ایم ایل ون کراچی سے پشاور تک تقریباً 1872 کلومیٹر ریلوے لائن کی اپ گریڈیشن کا منصوبہ ہے۔ یہ پاکستان ریلوے کا سب سے اہم روٹ ہے جہاں سے ملک کی تقریباً 75 فیصد مسافر اور مال بردار ریلوے ٹریفک گزرتی ہے۔ اس منصوبے کے تحت ٹرینوں کی رفتار 65 سے 110 کلومیٹر فی گھنٹہ سے بڑھا کر 160 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کرنے کی تجویز ہے۔ ورلڈ بینک کے مطابق نقل و حمل اور لاجسٹکس کے شعبے کی خامیاں پاکستان کی معیشت کو سالانہ جی ڈی پی کے چار سے چھ فیصد تک نقصان پہنچاتی ہیں۔ یعنی اگر ملکی معیشت کا حجم 410 ارب ڈالر تصور کیا جائے تو یہ نقصان سالانہ 16 سے 25 ارب ڈالر تک ہے۔ کئی سالوں سے اس منصوبے پر عملدرآمد کے اعلانات کیے جا رہے ہیں

وقت بدلتے دیر نہیں لگتی

قرطاس

ناصف اعوان

کہا یہ جا رہا ہے کہ موجودہ حکومت معیشت کو مستحکم و مضبوط نہیں بنا سکی۔ بیرونی سرمایہ کاروں کو ملک میں نہیں لا سکی۔ صنعتوں کے قیام کے لئے کوئی کوشش نہیں کر سکی۔ مہنگائی و بے روزگاری کے عفریت پر قابو نہیں پا سکی۔ کرپشن کو بھی نہیں روک سکی بلکہ مبینہ طور سے اس کے خلاف کرپشن کے حوالے سے فائلیں تیار ہو چکیں۔ اس نے اپنے سیاسی حریفوں کو دبانے کے لئے سخت رویہ اپنایا جس سے ملک میں ایک خوف اور افراتفری کی فضا نے جنم لیا لہٰذا اس کے بارے میں یہ کہا جانے لگا ہے کہ وہ گھر جانے والی ہے۔ باخبر صحافی حضرات اپنی تحریروں اور وی لاگرز اپنے وی لاگز میں واضح طور سے کہنے لگے ہیں کہ یہ سیاسی منظر تبدیل ہونے جا رہا ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ اب حساب کتاب ہوگا کیونکہ اس دور میں بدعنوانی کے سابق ریکارڈ ٹوٹ گئے ہیں۔ قرضے لے کر انتظامی گاڑی چلائی جا رہی ہے جو غربت و افلاس کو ختم نہیں کر سکی لہٰذا اب سوچا جا رہا ہے کہ نیا سیاسی منظر نامہ ابھارا جائے تاکہ ملک کو ہر طرح کے بحرانوں سے چھٹکارا مل سکے۔ سوال یہ ہے کہ جب موجودہ سیٹ اپ کی تشکیل کی گئی تھی اس وقت شہ دماغوں کو یہ اندازہ ہونا چاہیے تھا کہ ان تلوں میں تیل نہیں مگر انہیں یقین دلایا گیا کہ وہ سب سنبھال لیں گے کھربوں ڈالر بھاگے دوڑے آئیں گے۔ سرمایہ کاری اندھا دھند ہوگی کیونکہ وہ حکمرانی کو سمجھتے ہیں تجربہ کار ہیں ان کا ایک تشخص ہے لہٰذا فکر کی کوئی بات نہیں مگر ہوا یہ کہ اڑھائی تین برس گزرنے کے بعد بھی حالات نہیں سدھر سکے۔ غربت میں تیزی سے اضافہ ہوا کرپشن بڑھ گئی۔ ایسے منصوبے شروع کر دیئے گئے جو بظاہر دلکش تھے مگر غیر پیداواری تھے ان سے آمدن نہیں ہو سکتی تھی جس سے قومی خزانے پر بوجھ بڑھتا گیا جسے کم کرنے کے لئے ضروری ہو گیا کہ عوام کو زحمت دی جائے کہ ان سے مختلف مدات میں پیسا وصولا جائے۔

بالخصوص پنجاب میں طرح طرح کے ٹیکس لگائے گئے لگائے جا رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ تو بڑے مضحکہ خیز بھی ہیں اسے اچھی کارکردگی نہیں کہا جا سکتا کہ لوگوں سے لیا تو بہت کچھ جائے مگر انہیں سہولتیں معمولی دی جائیں اور جواز یہ پیش کیا جائے کہ خزانہ خالی ہے۔ خزانہ خالی عوام نے نہیں کیا وہ کیسے کر سکتے ہیں یہ کام اہل اقتدار کا ہے جو اپنی عیاشیوں پر دولت پانی کی طرح بہاتے ہیں۔ ایک غریب مقروض ملک کی وزیر اعلیٰ کو گیارہ ارب کا جہاز کیا کرنا ہے۔ یہ تو کچھ بھی نہیں بتایا جا رہا ہے کہ ایسی کرپشن منظر عام پر آنے والی ہے کہ چودہ طبق روشن ہو جائیں گے۔ چلئے دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے اور اگر واقعی ایسا ہے تو عوام کی دولت واپس خزانے میں جمع ہوتی ہے یا نہیں؟

ویسے اناسی برس سے یہی کچھ ہو رہا ہے ایک آتا ہے تو دوسرا چلا جاتا ہے اس کے بارے میں کہا یہی کچھ جاتا ہے مگر احتساب نہیں ہوتا لہٰذا چند خاندان دیکھتے ہی دیکھتے کھربوں پتی بن چکے ہیں سب جانتے ہیں کہ یہ دولت انہوں نے اپنی محنت سے حاصل نہیں کی مگر قانون خاموش متعلقہ ادارے بے بس وہ انہیں چھو بھی نہیں سکتے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ ہمارے حکمرانوں نے اداروں کو ہمیشہ غیر مستحکم کیا ہے میرٹ پر فیصلے کرنے کی کھلی چھوٹ نہیں دی۔ آج وہ اس قابل نہیں کہ میرٹ کو اپنا سکیں۔ جب تک ملک میں میرٹ انصاف اور مساوات کا علم بلند نہیں کیا جاتا ترقی نہیں ہو سکتی۔ عوامی رائے کا احترام نہیں کیا جاتا تو غیروں کی نظر میں ہماری کوئی حیثیت نہیں ہوگی پھر ہمارے وزیر اعظم جو جیسے بھی تخت نشیں ہوئے ہیں ان کو بڑی طاقتوں کا کوئی سربراہ اہمیت نہیں دے گا اور ان سے چشم پوشی کرتے ہوئے آگے بڑھ جائے گا۔

بہرحال لگ یہ رہا ہے کہ تیسری آنکھ نے مستقبل کے سیاسی سماجی اور معاشی حالات کو دیکھ لیا ہے لہٰذا وہ ایسا منظر دیکھنا چاہتی ہے جس میں حکمران طبقات ہی خوشحال نہ ہوں غریب عوام کو بھی سکھ کا سانس لینے کا موقع مل سکے اب تو وہ جس طرح کی زندگی بسر کر رہے ہیں اس کو دیکھ کر کلیجہ منہ کو آتا ہے کہ انہیں دو وقت کی روٹی بھی انتہائی محنت و مشقت کے بعد ہی میسر آتی ہے مگر اس میں مطلوبہ توانائی موجود نہیں ہوتی۔ ان میں سے جب کوئی کسی مرض میں مبتلا ہوتا ہے تو دوائیں خریدنے کے لئے اس کے پاس پیسے نہیں ہوتے لہٰذا وہ کسی سے قرض لے کر اپنی سانسیں بحال رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ملک میں جمہوریت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے مسلط کی جانے والی حکومتیں قائم ہوتی ہیں تو انہیں کسی کی کوئی پروا نہیں ہوتی وہ جواب دہ بھی نہیں ہوتیں کیونکہ وہ براستہ متعینہ متعلقہ راستہ وجود میں نہیں آتیں اسی لئے ہی معیشت ہو تجارت ہو اور سرمایہ کاری ہو سب ہی متاثر ہوتے ہیں۔ اس صورت میں ملک کیسے چل سکتا ہے اور پھر جب دنیا بھر میں مقبول ترین سیاسی جماعت کو پس پشت ڈال کر معاملات کو دیکھا جائے گا تو صورتحال میں اضطراب پیدا ہوگا ہی مگر کہا جا رہا ہے کہ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا گیا ہے اور اس ترقی کے راستے پر گامزن کرنے والوں کو کس قدر فائدہ ہے یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ معذرت کے ساتھ پی ٹی آئی جس کو بچے تک چاہتے ہیں کو سیاسی منظر نامے سے باہر کر کے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس کے سربراہ کو پوری دنیا میں ایک خاص مقام حاصل ہے اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اس کی وجہ اس کی اہلیت و قابلیت ہے سب سے اہم یہ چیز ہے کہ وہ ایک دیانت دار عوامی لیڈر کے طور سے ابھرا ہے یہ بات اس نے ثابت بھی کی ہے۔ خان کو مال و متاع سے کوئی دلچسپی نہیں وہ ایک درویشانہ زندگی بسر کرنے کے حق میں ہے۔

بہرکیف پی ٹی آئی ایک حقیقت ہے جسے تسلیم کر لینا چاہیے۔ رہی یہ بات کہ خان کو پیچھے رکھ کر سیاست کاری کی جا سکتی ہے تو یہ مشکل ہوگا ایسا کسی کی بھی مفاد میں نہیں لہٰذا ارباب اختیار کوئی نیا سیٹ اپ لاتے ہیں جس کی کوچہ سیاست میں بڑا شور ہے تو یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا وہ باصلاحیت اور اقوام عالم میں قابل قبول ہوگا کیونکہ اب یورپی و مغربی معاشرے عوام کی رائے اور ان کے منتخب کردہ نمائندوں کو ہی ترجیح دیتے ہیں لہٰذا کہا جا سکتا ہے کہ پی ٹی آئی کو اقتدار میں شریک کیا جا سکتا ہے کیونکہ موجودہ حالات میں جب معاشی طور سے ملک کمزور پڑ چکا ہے تو اس کو توانا بنانے کے لئے اس کی اشد ضرورت ہے مگر یہ بھی ہے کہ کوئی ایک سیاسی جماعت درپیش معاشی چیلنج کا مقابلہ نہیں کر سکتی لہٰذا بہتر یہی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اکٹھا ہو کر وطن عزیز کو خوشحال بنانے کی کوئی ترکیب سوچیں!

ایران کو جھکانے کے امریکی حربے

وفاق نامہ

رشید صافی

امریکی بحریہ کے سب سے اہم طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن کا مشرق وسطیٰ میں 286 دن گزارنے کے بعد تھائی لینڈ پہنچنا عالمی سیاست اور عسکری تجزیہ کاروں میں زیر بحث ہے۔ کیلیفورنیا کے شہر سان ڈیاگو سے روانہ ہونے والا یہ بحری جہاز نو ماہ تک مسلسل سمندر میں رہا۔ امریکی بحریہ کی جانب سے یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ اس جہاز نے اپنا مشن کامیابی کے ساتھ پورا کر لیا ہے مگر سوال یہ ہے کہ اگر اس بیڑے کو مشرق وسطیٰ بھیجنے کا مقصد ایران پر عسکری دباؤ ڈالنا تھا تو یہ ہدف حاصل نہیں کیا جا سکا۔ پھر یہ مشن کس بنیاد پر مکمل قرار دیا جا رہا ہے؟ ابراہم لنکن کی روانگی سے قبل ایسا خوف اور رعب کا ماحول پیدا کیا گیا تھا جس میں یہ باور کرایا گیا کہ ایران اس بحری جہاز کے قریب پھٹکنے کی جرأت بھی نہیں کرے گا لیکن اس کے برعکس 286 ایام کی اس مسلسل کشمکش کے بعد بعض عسکری ذرائع اور تجزیاتی حلقوں کی جانب سے یہ حقائق سامنے آ رہے ہیں کہ طویل ترین بحری موجودگی کے باعث جہاز پر موجود اہلکار شدید ذہنی تناؤ کا شکار ہو چکے تھے۔ اس کے مقابلے میں ایران نہ صرف اسی استقامت کے ساتھ اپنی جگہ کھڑا رہا جیسے وہ پہلے دن تھا بلکہ اس شدید ترین معاشی و عسکری گھیراؤ کے نتیجے میں ایرانی عوام اور عسکری قیادت کا نظریاتی موقف مزید مضبوط ہوا ہے۔ یہ بات پوری طرح واضح ہو چکی ہے کہ واشنگٹن اپنی تمام تر بحری قوت کے باوجود ایرانی قوم اور اس کے انتظامی نظام کو جھکانے میں ناکام رہا ہے۔

جب امریکی قیادت کو یہ اندازہ ہوا کہ صرف بحری بیڑے کی موجودگی اور عسکری نمائش سے ایران کو جھکایا نہیں جا سکتا تو صدر ٹرمپ کی جانب سے تناؤ کو ایک نئے رخ پر منتقل کرنے کی کوششیں شروع کر دی گئیں۔ امریکی صدر اب ہر وہ حربہ استعمال کر رہے ہیں جس سے ایران کو امریکی برتری تسلیم کرنے پر مجبور کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں واشنگٹن بالآخر کچھ مغربی اتحادیوں کو بھی اپنے ساتھ ملانے میں کامیاب ہو گیا ہے۔ امریکہ، برطانیہ، فرانس اور جرمنی نے ایران کے ایٹمی معاملے کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں لے جانے کیلئے سفارتی محاذ آرائی تیز کر دی ہے۔ یہ چاروں مغربی ملک بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے بورڈ میں ایران کے خلاف قرارداد لانے کی تیاری کر رہے ہیں جس میں یہ الزام عائد کیا جائے گا کہ تہران جوہری عدم تعاون کا مرتکب ہو رہا ہے۔ مغربی ممالک کی جانب سے پیش کی جانے والی اس مجوزہ قرارداد میں ایران سے یہ مطالبہ کیے جانے کا امکان ہے کہ وہ اپنے جوہری پروگرام سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں اور معاہدوں کی پاسداری کرے اور آئی اے ای اے کے معائنہ کاروں کو تمام ایٹمی تنصیبات تک بلا تعطل رسائی فراہم کرے۔ اس وقت آئی اے ای اے اور مغربی طاقتوں کا سب سے بڑا اعتراض ایران کی جانب سے 60 فیصد تک یورینیم کی افزودگی ہے جسے وہ ایٹمی صلاحیت کے حصول کی جانب ایک بڑا اقدام قرار دے رہے ہیں۔ اگر آئی اے ای اے کے بورڈ آف گورنرز میں ایران کے خلاف عدم تعاون کی قرارداد منظور ہو جاتی ہے تو تقریباً 20 سال بعد ایران کا جوہری کیس ایک بار پھر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے پاس چلا جائے گا جس کے نتیجے میں تہران پر بین الاقوامی پابندیوں کی بحالی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ اگرچہ امریکہ نے چار ممالک کو اپنے ساتھ ملا لیا ہے لیکن چین اور روس کی اقوام متحدہ میں مستقل رکن کے طور پر موجودگی امریکی عزائم کی راہ میں رکاوٹ بنے گی۔ اسی طرح جنوبی کوریا کی جانب سے آبنائے ہرمز میں امریکی اتحاد کی حمایت کیلئے بحری یا زمینی فوجی دستے بھیجنے کے مجوزہ منصوبے پر چین شدید تحفظات رکھتا ہے اور اس اقدام سے علاقائی مسائل اور کشیدگی کے امکانات بڑھ جائیں گے

عوام یا اعیان؟



خورشید ندیم

"ملک میں نئے صوبے بنیں گے"... یہ کس کا فیصلہ ہے؟ عوام کا یا اعیان کا؟ یہ سوچ کہاں سے اٹھی؟ عوام سے جو اعیان تک گئی یا اعیانی حلقوں سے اٹھی اور عوام تک گئی؟ اہم تر سوال یہی ہے۔ اس سے طے ہوگا کہ ہمارا سیاسی نظام جمہوری ہے یا اعیانی۔

سیاست کی گہرائی کو افسوس کہ کم لوگ ماپ سکے۔ کسی نے خیال کیا کہ اسے ڈگریوں سے ناپا جائے۔ فیصلہ سنایا کہ جس نے بی اے کا امتحان پاس کیا ہوگا، وہی انتخابات میں حصہ لینے کا اہل ہے۔ تجربے نے بتایا کہ یہ خیال خام تھا۔ 'سیاست' کا ڈگری سے کوئی تعلق نہیں۔ کسی نے فتویٰ دیا کہ 'متقی' لوگ اسمبلی میں جائیں گے تو نظام پاکیزہ ہو جائے گا۔ تقویٰ کو ناپنے کے لیے آئین میں دفعہ '62' '63' کا اضافہ کر دیا گیا۔ اس کا نتیجہ بھی وہی رہا۔ کسی نے تجویز پیش کی: غیر جماعتی انتخابات کرائے جائیں تو صالحین اسمبلی تک پہنچیں گے۔ یہ کر کے دیکھا تو معلوم ہوا کہ کوئی فرق نہیں پڑا۔ ایک فارمولا ابھی دوسرا فارمولا۔ کسی نے یہ نہ سوچا کہ پہلی اینٹ ٹیڑھی ہو تو دیوار ثریا تک لے جائیں 'ٹیڑھی' ہی رہے گی۔

'سیاست' معاملہ فہمی کی خداداد صلاحیت ہے۔ یہ انسانی نفسیات اور رویوں کا علم ہے۔ یہ سماج کی درست نبض کو جاننا ہے۔ یہ واقعات کے پس پردہ ان کے اسباب کا ادراک ہے۔ یہ دور اندیشی ہے جو مستقبل کی خبر دے سکتی ہے۔ یہ سکھاتی ہے کہ سندھ کو اس لاٹھی سے نہیں ہانکا جا سکتا جس سے پنجاب کو چلایا جاتا ہے۔ بلوچستان کو کے پی پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ تاریخ اور جغرافیے کا 'فرق' رویوں اور نفسیات پر اثر انداز ہوتا ہے۔ 'سیاستدان' وہی ہوتا ہے جس کا خمیر ان تمام عناصر کو تجربے کے روغن میں گوندھ کر بنتا ہے۔ تعلیم 'علم' اور مطالعہ سے اس میں نکھار آ جاتا ہے۔ تعلیم سے مگر یہ خمیر پیدا نہیں کیا جا سکتا۔ کسی خاص شعبے کی مہارت 'سیاست' کو سمجھنے کے لیے کفایت نہیں کرتی۔ آکسفورڈ یا ہارورڈ کی ڈگری تزئین و آرائش کے کام تو آ سکتی ہے شخصیت میں بنیادی خواص پیدا نہیں کر سکتی۔ کیمبرج اور آکسفورڈ میں تو اہل سیاست کو سمجھنے پر پی ایچ ڈی کی ڈگری دی جاتی ہے۔ ہر آدمی جانتا ہے کہ آج ملک آئی پی پیز کے شکنجے میں ہے۔ بجلی مہنگی ہے اور ستم یہ کہ بجلی کے بند کارخانوں کا کرایہ بھی عوام کو بھرنا پڑ رہا ہے۔ اس کا ایک آسان حل موجود ہے: پانی سے بجلی پیدا کرنا۔ اگر کالا باغ ڈیم بن جائے تو سب دلدر دور ہو جائیں۔ سندھ یا کے پی میں بعض سیاستدانوں کو اعتراض ہے۔ پنجاب میں تو کسی کو اعتراض نہیں۔ پھر کیا سبب ہے کہ پنجاب سے آنے والے وزرائے اعظم اس جانب کوئی قدم نہ اٹھا سکے؟ نواز شریف صاحب نے اس کا اعلان کیا مگر الٹے پاؤں لوٹ گئے۔ کیوں؟ ذوالفقار علی بھٹو نے چوہدری ظہور الٰہی کو بلوچستان کی جیل کے لیے روانہ کیا اور وہاں کے حکمران اکبر بگٹی کو انہیں ٹھکانے لگانے کو کہا۔ بگٹی نے یہ نہیں کیا۔ کیوں؟ جنرل مشرف کے دور میں 'خود' اکبر بگٹی قتل ہو گئے۔ معلوم ہے کہ ریاست پاکستان کو اس کی کیا قیمت ادا کرنا پڑی؟ جواب مجھے معلوم ہے' کیا حکومتوں کو معلوم نہیں تھی؟ کیا انہیں بجلی مہنگی کر کے گالیاں کھانے کا شوق ہے؟ ان سوالات کا ایک ہی جواب ہے: سیاست۔ سیاست سکھاتی ہے کہ کالا باغ بنانے سے ملک کو بجلی سستی مل جائے گی مگر فیڈریشن کو خطرات لاحق ہو جائیں گے۔ دو صوبوں کو ناراض کر کے ریاست کو یکجا نہیں رکھا جا سکتا۔ مہنگی بجلی سے پہنچنے والا نقصان اٹھایا جا سکتا مگر فیڈریشن کو داؤ پر نہیں لگایا جا سکتا۔ اکبر بگٹی جانتے تھے کہ پنجاب کے سیاستدان کو بلوچستان میں قتل کرنے سے ملک کی یکجہتی پر کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ وہ اس لیے جانتے تھے کہ سیاستدان تھے۔ پرویز مشرف سیاستدان نہیں تھے۔ وہ نہیں جان پائے کہ اکبر بگٹی کے قتل سے ریاست کی سالمیت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔ میں تواتر سے لکھتا رہا ہوں کہ جب کسی کو سیاسی عصبیت حاصل ہو جائے تو اس کے خلاف قانون اس طرح حرکت میں نہیں آ سکتا جس طرح عام آدمی کے خلاف متحرک ہوتا ہے۔ اگر وہ مجرم ہو تو بھی سزا نہیں دی جاتی کہ بعض اوقات ریاست اس کی تحمل نہیں ہو سکتی۔ مجیب الرحمٰن اگرتلہ سازش میں شریک تھے یا نہیں' اس سے قطع نظر ان کو سزا دینے کی ایک قیمت تھی جو ریاست کو چکانا پڑی۔ بھٹو کی پھانسی کی بھی ایک قیمت تھی۔ اگرچہ نواب محمد احمد کے قاتل کے بارے میں ابھی تک شکوک موجود ہیں۔ عمران خان صاحب کے بارے میں بہت سے مقدمات بظاہر لگتا ہے کہ پوری طرح ثابت ہیں مگر انہیں سزا دینا اس لیے مشکل ہے کہ انہیں سیاسی عصبیت حاصل ہے۔ سیاست یہ سمجھاتی ہے کہ جب کسی کو سیاسی عصبیت حاصل ہو جائے تو جرم ایک سیاسی زاویہ اختیار کر لیتا ہے۔

نئے صوبے بننے چاہئیں یا نہیں' یہ علمی سوال ہے اور اس کے ساتھ اس کا تعلق سیاست سے بھی ہے۔ علم یہ کہتا ہے کہ انتظامی یونٹ جتنا چھوٹا ہوگا' گورننس اتنی بہتر ہوگی۔ سیاست یہ کہتی ہے کہ سندھ میں ایک جماعت ایسی ہے جو فیڈریشن کے ساتھ چلتی اور عوام میں رسوخ بھی رکھتی ہے۔ اگر اس کو ناراض کیا جائے گا تو یہ فیڈریشن کے لیے نیک شگون نہیں۔ طاقت یہ کہتی ہے کہ وہی فیصلہ کرے گی۔ اگر اس کی نظر میں یہ فیصلہ درست ہے تو وہ کر گزرے گی۔ طاقت کا مطلب قوت نافذہ کا ہونا ہے۔ طاقت اپنے فیصلے نافذ کرنے کی قدرت رکھتی ہے۔ جیسے اکبر بگٹی قتل ہو گئے اور بھٹو پھانسی چڑھ گئے مگر کوئی روک نہیں سکا۔ طاقت کے برخلاف 'سیاست' سماج کی نبض کو سمجھتی ہے۔ وہ انسانی نفسیات کو جانتی ہے۔ اسے معلوم ہے کہ بعض فیصلے نافذ ہو جاتے ہیں مگر انسانی نفسیات پر ایسا اثر چھوڑ جاتے ہیں جو آنے والے وقت میں آتش فشاں بن کر پھٹ سکتا ہے۔ سیاست یہ سمجھتی ہے کہ فیصلہ وہی کرنا چاہیے جس کو عوام قبول کریں۔ جب وہ قبول کر لیتے ہیں تو اس کی تعمیل آسان ہو جاتی ہے۔ ذمہ دار مناصب پر بیٹھے سمجھدار لوگ اپنی رائے عوام پر مسلط نہیں کرتے' ان کی رائے کو نافذ کرتے ہیں۔ اگر ان کی نظر میں کوئی فیصلہ ناگزیر ہو تو اس کے نفاذ سے پہلے عوام میں آ کر اس کی مہم چلاتے ہیں۔ وہ اس وقت کا انتظار کرتے ہیں جب عوام اور اعیان میں اتفاق رائے پیدا ہو جائے۔

عقل عام اور تاریخ' دونوں کا فیصلہ ہے کہ بہتر گورننس کے لیے انتظامی یونٹ کو چھوٹا ہونا چاہیے۔ اس وقت اس کے دو ماڈل ہی موجود ہیں۔ ایک لوکل باڈیز کا خود مختار نظام۔ صوبے باقی رہیں مگر صوبائی حکومت کے اختیارات مقامی حکومتوں کو منتقل ہو جائیں۔ اس پر بھی مزاحمت ہوگی مگر یہ وہ حل ہے جس پر سب کو قائل کیا جا سکتا ہے۔ دوسرا ماڈل نئے صوبوں کا قیام ہے جس کی مخالفت ہو رہی ہے اور عقل کہتی ہے کہ یہ فیصلہ 'سیاست' کو کرنا چاہیے اور سیاست دم توڑ رہی ہے۔ یہ نیک شگون نہیں ہے۔ سیاست ہی میں یہ صلاحیت ہے

یہ ہوگا کیسے؟

خیالات



رسول بخش رئیس

جنرل پرویز مشرف نے پاکستان پیپلز پارٹی سے خفیہ معاہدہ کیا تھا کہ ایک شرط تمام پرانے مقدمات ختم کرنے کی تھی۔ اس کے لیے ضروری سمجھا گیا کہ آئین میں کچھ ترامیم کی جائیں اور ساتھ ہی عدلیہ کے پر کاٹنا بھی لازمی تھا۔ ایمرجنسی کا نفاذ ہوا اور ایک دن عدالت عالیہ کے جج صاحبان کو گھروں میں بند کر دیا گیا۔ سب تفصیلات آپ کو معلوم ہیں اور اب تاریخ کا حصہ ہیں۔ عدلیہ کو بحال اور حاکمین وقت سے آزاد کرانے کی تحریک چلی تو ملک کی کوئی ایسی جمہوریت پسند تنظیم نہ تھی جس نے اس میں حصہ نہ ڈالا ہو۔ میڈیا نے تو بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ کالے کوٹ والے تب بپھرے ہوئے تھے اور کچھ جامعات کے طلبہ اور اساتذہ بھی آگے آگے تھے۔ زمین پر تو عوام و خواص بہت کچھ کر رہے تھے مگر بڑے حاکم کچھ کرنے کیلئے تیار نہ تھے۔ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد سیاسی حالات نے اچانک رخ بدلا اور آصف علی زرداری نہ صرف صدر بلکہ سیاسی میدان کے بڑے شہسوار کے طور پر ابھر کر آ چکے تھے۔ انہوں نے وزیراعظم کا عہدہ موجودہ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کے سپرد کر کے سکھ اور چین کی بانسری بجانا شروع کر دی۔ جمہوریت کی بحالی کے بعد بھی عدلیہ بحال نہیں ہو پائی تھی۔ تحریک اسی طرح چل رہی تھی۔ تقریباً ایک سال ہونے کو تھا۔

یہ درویش شروع دن سے عدلیہ کی بحالی کے حق میں تھا اور ایمرجنسی کے نفاذ کے اگلے دن اپنی جامعہ میں بلا خوف و خطر طلبہ اور اساتذہ کا ایک جلوس بھی منظم کیا۔ اس کے بعد اساتذہ ہر روز شام کے وقت 'آئین' جمہوریت اور عدلیہ کی بحالی کیلئے ایک مختصر جلسہ کرتے۔ سینکڑوں طلبہ اس میں شرکت کرتے تھے۔ سب لوگ غیر سیاسی تھے' کسی تنظیم یا جماعت سے کوئی تعلق نہ تھا۔ اصل سوال لیکن یہ تھا کہ عدلیہ کے تمام ججز جنہیں نوکری سے نکال دیا گیا تھا' کو بحال کیسے کیا جائے گا۔ زرداری صاحب اور یوسف رضا گیلانی ایسا کرنے کیلئے تیار نہ تھے۔ جسٹس جواد ایس خواجہ جنہوں نے اکتوبر 1999ء میں مشرف حکومت کی طرف سے جاری عبوری حکم کے تحت دوبارہ حلف اٹھانے سے انکار کیا تھا' وہ بھی ہمارے ساتھ اسی جامعہ میں پڑھا رہے تھے۔ ان سے تقریباً روزانہ ملاقات ہوتی۔ کافی کا پہلا گھونٹ حلق میں انڈیلنے سے پہلے میرا سوال ہوتا "خواجہ صاحب! اب ایک سال ہو چلا ہے عدلیہ بحال کیسے ہوگی؟" ہر دفعہ وہ ایک ہی جواب دیتے "یہ تو مجھے پتا نہیں کہ کیسے ہوگی مگر ہوگی ضرور"۔ موسم بہار کے پہلے مہینوں کے وہ دو چار دن اچھی طرح یاد ہیں جب پنجاب میں گیلانی زرداری حکومت نے گورنر راج لگایا ہوا تھا اور نواز شریف صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کیلئے نکلے۔ مال روڈ پر اس صبح جو واقعات پیش آئے ان کے عکس آج بھی ذہن میں محفوظ ہیں۔ کبھی پولیس کا غلبہ تو کبھی لیگیوں کی یلغار۔ شام کے بعد خبریں آنے لگیں کہ میاں صاحب نے راوی کا پل پار کر لیا ہے اور اب گوجرانوالہ کی طرف رواں دواں ہیں۔ رات کو وہاں شاید قیام کیا اور ہم بھی اگلی صبح کے انتظار میں چادر تان کر سو رہے تھے۔ اب معلوم نہیں کس نے جگا کر کہا کہ عدلیہ کی بحالی کا حکم جاری ہو گیا ہے۔ ہم اسی وقت گھر سے نکل کر جو کالونی کی طرف تماشا دیکھنے کیلئے روانہ ہو گئے۔ ہزاروں لوگوں کا مجمع تھا۔ کیسے ہوا؟ کس نے کروایا؟ مگر عدلیہ بحال ہو گئی۔ اور جو بعد میں ہوا اور جو ہوتا رہا اور اب ہو رہا ہے' اس سے ہمارا کوئی سروکار نہیں۔ اس بارے میں اب تو بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور تاریخ کا حصہ ہے۔ اس تاریخی واقعے کی دھندلی سی تصویر آپ کو اس لیے دکھائی ہے کہ آج کل ایک انتہائی اہم بلکہ اگر نظام کی تبدیلی کی بات نہیں تو بہتر ہوگا کی باتیں ہو رہی ہیں۔ بلکہ بات بہت آگے بڑھ چکی ہے۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ نظام ملک کی آزادی سے لے کر آج تک ٹھیک نہیں چل رہا' اس کو ٹھیک کرنا ملکی بقا اور خوشحالی کا تقاضا ہے۔ ایک عرصے سے نظام کی ناکامی کی باتیں ہو رہی ہیں' اکثر بند دروازوں میں۔ اب تو یہ تھیلے سے باہر نکل کر میاؤں میاؤں کر رہی ہے۔ بات مگر وہی کہ نئے صوبے یا صوبوں کے اندر صوبوں کی طرح کی انتظامی اکائیاں بنیں گی کیسے؟

ملک فکری اور سیاسی انتشار کا شکار تو طویل عرصے سے ہے۔ ہم نے اپنے اصلی آبائی علاقے کے ادب، فلسفوں اور تاریخ کو دریافت کر کے کچھ اور شناخت پیدا کرنے کی کاوشیں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ اب ایک عجیب قصہ ہماری بحثوں کا حصہ بن چکا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر آپ آئین کے مطابق صوبے بنانے ہیں تو اس کی صورت بن سکتی ہے جب آپ ہر صوبے اور مرکز میں دو تہائی اکثریت والی پارٹی اقتدار میں لے آئیں۔ پہلے تو صوبے کی اسمبلی دو تہائی اکثریت سے دو کرے اور پھر قومی اسمبلی اور سینیٹ دو تہائی اکثریت سے آئین میں تبدیلی کر کے ریاستی تنظیم نو کریں۔ اب آپ بات سمجھ جائیں گے کہ جب سندھ اور پنجاب کے حکمران گھرانے کہتے ہیں کہ صوبے بنانے کا طریقہ تو آئین میں موجود ہے تو اس کا مطلب یہی ہے کہ وہ سامنے ٹرک جا رہا ہے اور اس کی بتی کے پیچھے دوڑتے رہیں۔ نہ ٹرک کی کوئی منزل اور نہ دوڑنے والوں کی۔ عام فہم معنوں میں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نہیں کرتے۔ (ن) لیگ والوں کے بڑوں نے بلکہ بڑے میاں صاحب نے ابھی تک خاموشی اختیار کی ہوئی ہے مگر انکار مہنگا پڑنے کے خوف سے ہمیشہ کی طرح قومی مفاد کے تقاضے سامنے رکھ کر کوئی مثبت فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اصل مسئلہ پیپلز پارٹی کا ہے۔ صوبہ سندھ پر اس نے ایک عرصے سے اقتدار کے جو پنجے گاڑے ہوئے ہیں' نہ تو ڈھیلا کرنے کے لیے تیار ہے' نہ اوپر والوں کی سرپرستی کے بغیر یہ ممکن ہے' اور نہ ہی سندھ کے اندر صوبے اور انتظامی اکائیاں بنا کر وہ صوبے کے اقتدار پر قابض رہ سکتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری اور آصف علی زرداری صاحب لندن میں صلاح مشورے کر رہے ہیں' طویل نشستیں ہو رہی ہیں۔ دوسری طرف سے پیغام پہنچائے جا رہے ہیں کہ ہمیں جلدی ہے۔ ان کے سیاسی کارندوں کے تند بیانات کا اشارہ ہے کہ وہ تصادم کیلئے تیار ہیں۔ اس بارے میں آخری فیصلہ زرداری صاحب ہی کریں گے۔ اوپر والوں کی بھی کچھ سمجھ نہیں آ رہی۔ ایک دو آدمی جو اس کام پر لگائے ہوئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اتنی گہری تبدیلی کیلئے قومی اتفاق رائے ہونا ضروری ہے۔ اگلی سانس میں ہی فرماتے ہیں کہ عوام کی رائے کو اس بارے میں رد نہیں کیا جا سکتا۔ پھر نظام کی خرابیوں اور ناکامیوں کا ڈھنڈورا پیٹتے پیٹتے اعلان کرتے ہیں کہ جلدی سب کو مل کر بیٹھنا اور اس مسئلے کا حل نکالنا ہوگا۔ قومی اتفاق کی تاریخ کو دیکھنا ہو تو کالا باغ ڈیم کی تاریخ کو دیکھ لیں۔ یہ نصف صدی میں اتفاق ہوا اور نہ اگلی نصف صدی میں ہوتا نظر آتا ہے۔ نئے صوبوں اور اکائیوں کے بارے میں بھی میرا تو خیال یہی ہے کہ جو لوگ اس وقت اسمبلیوں میں اکثریتی جماعتیں ہیں

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ [illegible]
☆ [illegible]
☆ [illegible]
☆ [illegible]

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430274188914 بنام بی بی جمیلہ زوجہ حفیظ اللہ خانوزئی بازار کے ایریا میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03164003888 پر مطلع کریں

نمائندہ خانوزئی ....

تلاش گمشدہ

میرے موٹر سائیکل یونیک ماڈل 2020 انجن نمبر DSE-2210230 چیسز نمبر DSC-3212541 کے اصل کاغذات [illegible] جبل نور کوئٹہ میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر عصمت علی ولد محمد ولی 03438228006 پر مطلع کریں

نمائندہ وزیارت ....

اطلاع عام

پلاٹ نمبر GS-229 رقبہ 291 فٹ واقع گیراج کمپلیکس ہزار گنجی کوئٹہ بنام سہیل جمیل ولد جمیل احمد سے سید جنت اللہ ولد حاجی عبدالباقی کے نام پر ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........63706

اطلاع عام

پلاٹ نمبر TA.730 رقبہ 300 فٹ واقع ٹرک اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ بنام امیر جان ولد حاجی سلیمان سے محمد فاروق ولد ملنگ خان کے نام پر ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........63706

اطلاع عام

مسمی محمد احمد ولد محمد علی قومی شناختی کارڈ نمبر 5440025494153 سکنہ باچا خان چوک مکان نمبر 2 سٹریٹ نمبر 2 محلہ نواں کلی حاجی عبدالحق اسٹریٹ کوئٹہ کے نام سے ایک عدد گاڑی رجسٹریشن نمبر AAN-496 جو کہ میں نے فروخت کر دی تھی لیکن اب تک وہ ایکسائز کے ریکارڈ میں میرے نام پر ہے لہذا اب اس گاڑی کو میرے نام سے منسوخ کیا جائے جس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں

آصف ستاف ....

اطلاع عام

منکہ مسمی محمد ولد محمد علی قومی شناختی کارڈ نمبر 5440025494153 سکنہ باچا خان چوک مکان نمبر 2 سٹریٹ نمبر 2 محلہ نواں کلی حاجی عبدالحق اسٹریٹ کوئٹہ کے نام سے دو عدد موٹر سائیکل رجسٹریشن نمبر QAM-39007 اور MF-8822 جو کہ میں نے فروخت کر دی تھی لیکن اب تک وہ ایکسائز کے ریکارڈ میں میرے نام پر ہے لہذا اب ان موٹر سائیکلوں کو میرے نام سے منسوخ کیا جائے جس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں

آصف ستاف ....

اطلاع عام

زرغون ہاؤسنگ اسکیم میں واقع پلاٹ B-356 رقبہ 120 گز کیو ڈی اے میں عصمت اللہ ولد عنایت اللہ کے نام پر ہے اب اس کی ٹرانسفر بنام اسعد علی ولد مشتاق احمد کروانا مقصود ہے کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم میں کیو ڈی اے سے رجوع کریں بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

R.No..........63707

اطلاع عام

میرا رکشہ اور اصل کاغذات بمعہ روٹ پرمٹ رجسٹریشن نمبر RB-3343 انجن نمبر 163ML20060361 چیسز نمبر SG-20080274 بنام قیصر رشید ولد محمد رشید مندوخیل آباد QDA گراؤنڈ کے ایریا میں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03303166092 مطلع کریں

R.No..........63704

اطلاع عام

پلاٹ نمبر D-278 رقبہ 120 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ اس وقت بابر زمان ولد عبدالرحیم بلوچ کے نام پر ہے ٹرانسفر بی بی آمنہ دختر گلزار حیدر کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........63705

اطلاع عام

پلاٹ نمبر D-279 رقبہ 120 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ اس وقت صاحبہ بانو زوجہ عبدالواحد ترین کے نام پر ہے ٹرانسفر ذوالفقار حیدر ولد منظور احمد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........63705

گنداخہ قلت آب ختم، سپلائی بحال کر دی گئی

گنداخہ (اے این این) گنداخہ شہر میں گزشتہ دنوں پانی کی قلت کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات کے بعد الحمدللہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کر دی گئی ہے، جس کے بعد شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ پانی کی فراہمی شروع ہونے سے شہریوں کو درپیش پینے کے پانی کی مشکلات میں کمی آنے کی امید پیدا ہوئی ہے۔ گنداخہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کرنے کے لیے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی کوششیں قابل تحسین ہیں۔

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب 9 کوئٹہ

مثل نمبر 11/26 آئندہ تاریخ پیشی 19/9/2026
نجیب اللہ شیرانی بنام جان محمد (دعویٰ ریکوری)
اشتہار بنام اپیلانٹ و مسئول علیہ:۔ جان محمد سکنہ سول کالونی گلی نمبر 2 کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں اپیلانٹ و مسئول علیہ جان محمد اپیل نوٹس سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں ہے اور روپوش ہے لہذا اشتہار بنام مذکورہ اپیلانٹ و مسئول علیہ شائع کیا جاتا ہے اگر مذکورہ اپیلانٹ مسئول علیہ آئندہ تاریخ سماعت مقررہ 19/9/2026 پر بمقام کوئٹہ حاضر عدالت نہیں ہوگا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 8/9/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

ADVT

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 84/26 دعویٰ گارڈین
نور اللہ جان ولد محمد حسن پتہ نواں کلی نزد گول مسجد محلہ زرغون آباد فیز 2 کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 18/09/2026 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ و دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہذا بذریعہ اشتہار مدعاعلیہ/مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

اشتہار ہذا آج بمورخہ 01/09/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

ADVT

بعدالت جناب سینئر سول جج V کوئٹہ

مثل نمبر 13/26 (دعویٰ دیوانی) آئندہ پیشی 12/9/2026
میر قربان علی بنام دولت علی وغیرہ

اشتہار بنام:۔ 1۔ دولت علی لہڑی 2۔ محمد علی لہڑی 3۔ ممتاز علی لہڑی 4۔ ذوالفقار علی لہڑی 5۔ مظفر علی لہڑی پسران حاجی میر فیروز خان لہڑی سکنہ گلی غوث آباد سریاب روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 12/9/2026 کیلئے مقرر ہے لہذا بذریعہ اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 2/9/2026 کو میرے بدستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63703

کوہلو، نیو کلی میں حفاظتی دیواروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث آبادی کو درپیش خطرات کے پیش نظر محکمہ اریگیشن کی جانب سے نیو کلی میں حفاظتی دیواروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق مون سون بارشوں کے دوران برساتی نالوں اور سیلابی پانی کے بہاؤ میں اضافے کے باعث نیو کلی کے رہائشی علاقوں اور گھروں کو پانی داخل ہونے اور دیگر نقصانات کا خدشہ رہتا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر محکمہ اریگیشن نے آبادی کو سیلابی پانی کے ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی دیواروں کی تعمیر شروع کر رکھی ہے، جس پر کام تیزی سے جاری ہے۔ حفاظتی دیواروں کی تعمیر سے سیلابی پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے اور اسے رہائشی آبادی سے دور رکھنے میں مدد ملے گی، جبکہ منصوبے کی تکمیل کے بعد نیو کلی میں رہائش پذیر شہریوں اور ان کے گھروں کو بارشوں کے دوران ممکنہ سیلابی صورتحال سے زیادہ بہتر تحفظ حاصل ہونے کی توقع ہے۔ مقامی مکینوں نے حفاظتی دیواروں کی تعمیر پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارشوں اور سیلابی پانی کے دوران انہیں اپنے گھروں اور املاک کے حوالے سے شدید خدشات کا سامنا رہتا تھا۔ انہوں نے آبادی کے تحفظ کے لیے حفاظتی اقدامات اٹھانے پر محکمہ اریگیشن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے منصوبے کو جلد از جلد مکمل کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔



جعفر آباد، اے سی ڈیرہ ج کاروکی قیادت میں ریلی نکالی جا رہی ہے

سیوی، مصنوعی مہنگائی اور منافع خوری کیخلاف کارروائی ہوگی، اے سی

بازاروں میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے گی

تاجروں کو سرکاری پرائس لسٹ کے مطابق اشیائے خوردونوش فروخت کرنے کی ہدایت

سیوی (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر سیوی ولیزی ملک بہادر خان منگوئی نے کہا ہے کہ شہریوں کو ریلیف اور پرامن ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مصنوعی مہنگائی اور منافع خوری کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ تاجر حضرات حکومت کی جانب سے جاری کردہ پرائس لسٹ کے مطابق اشیائے خوردونوش فروخت کریں، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر میر اللہ داد رند کی سربراہی میں صحافیوں کے وفد سے اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی، جنرل سیکرٹری خرم شہزاد اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل اور سپرنٹنڈنٹ اسسٹنٹ کمشنر رحمت اللہ سومرو بھی موجود تھے اسسٹنٹ کمشنر ملک بہادر خان منگوئی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ شہر میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی کے لیے باقاعدگی سے بازاروں کا معائنہ کیا جائے گا اور پرائس لسٹ کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عوام کو ناجائز منافع خوری اور مصنوعی مہنگائی سے بچانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی کو شہر میں روغانی روڈ کی تعمیر و بحالی کے جاری کام کے حوالے سے متعلقہ آفیسرز اور ٹھیکیدار بریفنگ دے رہے ہیں

اوستہ محمد، کھیرتھر کینال میں آپریشن، غیر قانونی 22 واٹر کورسز بند

ڈی سی کی ہدایت پر غلام محمد کی سربراہی میں آپریشن، محکمہ آبپاشی اور پولیس اہلکاروں نے بھرپور کارروائی کی گئی

کارروائی کا مقصد نہری پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانا اور ٹیل کے علاقوں تک پانی کی فراہمی میں رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا ہے

اوستہ محمد (آن لائن) کھیرتھر کینال کے بیرون غیر قانونی واٹر کورسز کے خلاف آپریشن، 22 واٹر کورسز بند کر دیے گئے وضاحت رہے کہ آج رات ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایت اور نگرانی میں کھیرتھر کینال کے بیرون میں قائم غیر قانونی واٹر کورسز اور پانی کے غیر مجاز اخراج کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کا آغاز کر دیا گیا آپریشن ایگزیکٹو انجینئر کھیرتھر کینال اوستہ محمد غلام محمد کی سربراہی میں کیا گیا، جس کا مقصد کھیرتھر کینال کے پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا اور ٹیل کے علاقوں تک پانی کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا تھا کارروائی کے دوران کھیرتھر کینال کی بیرون سائڈ کے مختلف مقامات پر قائم 22 غیر قانونی واٹر بند کر دیے گئے بند کیے جانے والے واٹر کورسز میں ولی محمد بروہی، محمد رمضان ناوڑہ، مظہل ناوڑہ، غلام فرید عمرانی، عمر خان جمالی، لعل بخش ناوڑہ، حاجی شاہ میر رند، ہیبت خان لہڑی، لعل بخش لہڑی، سیف اللہ جانڈیو، خان محمد جمالی، قابولا ریج چینل، تاج محمد خان جمالی، سفر خان بگٹی، کنگلی فارم، غلام حسین عمرانی، حمزہ پلال، کیڈٹ کالج الطاف حسین بروہی کھری مائنر بیرون، صابر چندرانی بیرون اور عمر خان بیرون ہیڈ باغ شامل ہیں آپریشن میں اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان اشتیاق ایس ڈی او اپر کینال زیشان جمالی ایس ڈی او لوئر کینال سلمان مینگل، ایس ایچ او صدر حضور بخش سمیت پولیس اور محکمہ آبپاشی کے اہلکاروں نے حصہ لیا کارروائی کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا اور تقریباً رات 2 بجے تک مختلف مقامات پر غیر قانونی پانی کے اخراج کو روکنے کے لیے بیرون کے واٹر کورسز کو بند کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال نے کہا کہ نہری پانی ایک قومی اور قیمتی اثاثہ ہے، جس کی تقسیم میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا غیر قانونی پانی کے اخراج کو برداشت نہیں کیا جائے گا

ژوب: تحفظ ختم نبوت کے تحت پرامن ریلی منعقد

علماء، سیاسی و سماجی رہنماؤں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں نے ریلی میں شرکت کی

مرکزی جامع مسجد سے شروع ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ختم نبوت چوک پہنچی

ژوب (آن لائن) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جس میں علماء کرام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں نے شرکت کی ریلی مرکزی جامع مسجد سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ختم نبوت چوک پہنچی، جہاں ریلی نے جلسہ عام کی شکل اختیار کر لی۔ جلسہ عام کی صدارت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ عطاء اللہ نے کی جلسہ عام سے مبلغ عطاء اللہ، ضلعی امیر مولانا آدم خان لعون، پشتونخوا میپ کے صدر جمال خان، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما انور مندوخیل، ٹرانسپورٹ یونین کے ڈویژنل صدر عبدالجبار کاکڑ، پیر عبدالشکور، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولوی محمد سرور کاکڑ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور ختم نبوت پر ایمان اسلام کے بنیادی عقائد میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر مسلمان کے لیے عقیدہ ختم نبوت پر ایمان رکھنا بنیادی دینی فریضہ ہے۔ مقررین نے کہا کہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت محمد ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور ختم نبوت کا عقیدہ قرآن و سنت کی روشنی میں واضح اور قطعی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے علماء کرام اور مسلمان ہمیشہ اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں اور آئندہ بھی اس حوالے سے پرامن طور پر آگاہی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا مقررین نے پاکستان کے آئین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آئین پاکستان میں بھی قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا ہے اور ان کی آئینی و قانونی حیثیت واضح ہے مقررین نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے نئی نسل کو آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ریلی نکالی گئی

ژوب (اے این این) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جس میں علماء کرام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں نے شرکت کی ریلی مرکزی جامع مسجد سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ختم نبوت چوک پہنچی، جہاں ریلی نے جلسہ عام کی شکل اختیار کر لی۔ جلسہ عام کی صدارت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ عطاء اللہ نے کی جلسہ عام سے مبلغ عطاء اللہ، ضلعی امیر مولانا آدم خان لعون، پشتونخوا میپ کے صدر جمال خان، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما انور مندوخیل، ٹرانسپورٹ یونین کے ڈویژنل صدر عبدالجبار کاکڑ، پیر عبدالشکور، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولوی محمد سرور کاکڑ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور ختم نبوت پر ایمان اسلام کے بنیادی عقائد میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر مسلمان کے لیے عقیدہ ختم نبوت پر ایمان رکھنا بنیادی دینی فریضہ ہے۔ مقررین نے کہا کہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت محمد کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا

بعدالت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج VII صاحب کوئٹہ۔

مثل نمبر 17/26۔ تاریخ پیشی 11-09-26)

عبدالکریم بنام عبدالحکیم ریکوری-/5400000 روپے۔
اشتہار بنام عبدالحکیم ولد دین محمد قوم نورزئی سکنہ فیروز آباد خضدار

ہو گاہ عنوان بالا مقدمہ ہذا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 11-09-2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ/مدعاعلیہم تعمیل سمن سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں اور حاضر نہیں۔ لہذا اشتہار ہذا بنام مذکورہ بالا مدعاعلیہ/مدعاعلیہم جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مندرجہ بالا مدعاعلیہ/مدعاعلیہم مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہذا نہیں ہوئے تو اس نسبت بابت سے ان کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔۔ آج بمورخہ 08-09-2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج VII، کوئٹہ۔

ازعدالت نائب تحصیلدار/کلکٹر درجہ اول ضلع برشور

اشتہار بنام عوام الناس

مسمی ولی خان ولد روزی خان قوم کاکڑ ساکن سکنہ ماکٹیل مسلم باغ محال زورکاریز موضع زورکاریز زیر نگرانی قطعات سرکل بہرام خان تحصیل برشور ضلع برشور نے ایک قطعہ درخواست اندراج وراثت انتقال زیر دستخطی کے عدالت پیش کی ہیں کہ محمد اکبر ولد محمد انور قوم کاکڑ ساکن مسلم باغ بروئے پیش کردہ شرعی فتویٰ خطیب مفتی سمیع اللہ کے بقضائے الٰہی وفات پا چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ جسکے ورثاء مسمیان روزی خان، فتح خان غیر منقولہ جائیداد واقعہ موضع بالا سرکل تحصیل بہرام خان برشور ضلع برشور انتقال وراثت درج ریکارڈ مطلوب ہیں لہذا اگر انتقال وراثت پر کسی فرد یا ادارہ کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے کا تعلق داران کا کوئی اعتراض ہو تو سات 7 یوم کے اندر زیر دستخطی کو اصالتاً یا وکالتاً پیش کریں بعد گزرنے معین میعاد کوئی اعتراض یا عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا 27/8/2026 کو میرے مہر و عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ خانوزئی

بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات: روشن مستقبل کی جانب عملی پیش رفت

تحریر: شیخ عبدالرزاق

بلوچستان میں تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے حکومت کی جانب سے شروع کی گئی اصلاحات اب محض پالیسی اعلانات تک محدود نہیں رہیں بلکہ ان کے عملی نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت تعلیمی نظام کی بحالی، غیر فعال اسکولوں کو فعال بنانے، اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی دھارے میں لانے، نئے تعلیمی اداروں کے قیام، کلاس رومز کی توسیع، اساتذہ کی کمی دور کرنے اور طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ان اصلاحات کا بنیادی مقصد ایک ایسا تعلیمی نظام تشکیل دینا ہے جس میں بلوچستان کا کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تعلیم کو اپنی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تعلیم محض ایک شعبہ نہیں بلکہ مستقبل کی تعمیر کا بنیادی ذریعہ ہے۔ ان کے نزدیک خواندگی صرف پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت کا نام نہیں بلکہ یہ بچوں کے روشن مستقبل، معاشرتی ترقی، معاشی خودمختاری اور ایک مضبوط و خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کی تعلیمی پالیسی کا دائرہ اسکولوں کی بحالی سے لے کر اعلیٰ تعلیم اور وظائف تک وسیع کیا گیا ہے۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران حکومت بلوچستان کی جانب سے 3,800 سے زائد غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا ہے۔ یہ اقدام اس اعتبار سے اہم ہے کہ پہلے سے موجود تعلیمی ڈھانچے کو فعال بنا کر بڑی تعداد میں بچوں کو دوبارہ کلاس روم تک لایا جا سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 7 لاکھ 68 ہزار سے زائد اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ یہ تعداد تعلیمی اصلاحات کے اس پہلو کو نمایاں کرتی ہے جس میں رسائی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ تعلیمی اداروں کی تعداد اور گنجائش میں اضافے کے لیے بھی بڑے پیمانے پر اقدامات کیے گئے ہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت 2,000 سے زائد نئے اسکول قائم کیے گئے ہیں، جبکہ مزید 1,800 اسکولوں کے قیام کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ اسی طرح 3,000 موجودہ اسکولوں میں اضافی کلاس رومز تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ اس توسیع کا مقصد نہ صرف زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے بلکہ موجودہ اداروں پر طلبہ کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو بھی کم کرنا ہے۔ تعلیمی اصلاحات کا ایک اہم پہلو انسانی وسائل کی فراہمی ہے۔ اسکول کی عمارت، کلاس روم اور دیگر سہولیات اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم معیاری تعلیم کا حقیقی مرکز استاد ہے۔ حکومت بلوچستان نے گزشتہ دو برسوں میں 15 ہزار سے زائد اساتذہ کو میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے تحت بھرتی کیا ہے۔ اس اقدام سے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی دستیابی بہتر بنانے اور اسکولوں کی استعداد کار میں اضافے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ ان اصلاحات کے مؤثر نفاذ اور حکومتی ترجیحات کو انتظامی سطح پر عملی شکل دینے میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی کاوشیں بھی اہم ہیں۔ صوبائی انتظامیہ کی سطح پر تعلیمی منصوبوں کی پیش رفت، متعلقہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور حکومتی فیصلوں پر عملدرآمد کو مؤثر بنانے کے لیے انتظامی نگرانی اصلاحات کے تسلسل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ کے وژن کو عملی پروگراموں اور زمینی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے سیاسی عزم کے ساتھ مضبوط انتظامی عملدرآمد ناگزیر ہے۔ حکومت کی توجہ صرف اسکول کی سطح تک محدود نہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کے تحت گزشتہ دو برسوں میں مختلف اسکالرشپ اسکیموں کے ذریعے مجموعی طور پر 23,520 وظائف فراہم کیے گئے ہیں۔ ان وظائف کے ذریعے مختلف تعلیمی مراحل سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ نویں سے دسویں جماعت تک 1,500 وظائف جبکہ شہید جینٹیر اسکالرشپ برائے میٹرک ضلعی پوزیشن ہولڈرز کے تحت 969 وظائف دیے گئے۔ انٹرمیڈیٹ پارٹ اول کے لیے 1,650، ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے لیے 2,431 اور ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کے لیے 552 وظائف فراہم کیے گئے۔ بلوچستان سے باہر بی ایس کی تعلیم کے لیے 4,682 جزوی وظائف جبکہ کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ پروگرام کے تحت 150 وظائف دیے گئے۔ کالجز اور یونیورسٹیوں میں بی ایس کے لیے 9,451 جزوی وظائف فراہم کیے گئے، جبکہ سول شہداء کے بچوں کے لیے 590 مکمل وظائف مختص کیے گئے۔ تعلیمی مواقع کو مختلف طبقات تک پہنچانے کے لیے ٹرانس جینڈر طلبہ کے لیے 60 وظائف، پنجاب ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کے تحت 898 وظائف اور صادق پبلک اسکول کے لیے 300 وظائف بھی فراہم کیے گئے۔ [illegible] نیشنل یونیورسٹی اسکالرشپ پروگرام کے تحت 30 وظائف، سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کے شعبوں میں بیرون ملک پی ایچ ڈی کے لیے 6 وظائف، آکسفورڈ پاکستان پروگرام کے تحت ایک اور پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ اسکالرشپ کے تحت 64 وظائف فراہم کیے گئے۔ اسی طرح وکلاء [illegible] فنڈ پروگرام کے تحت ایل ایل ایم کے لیے 16 وظائف جبکہ شہید پولیس اہلکاروں کے بچوں کے لیے 161 وظائف فراہم کیے گئے۔ یہ اعداد و شمار اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ حکومت کی تعلیمی پالیسی اسکولوں تک رسائی کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھولنے پر بھی مرکوز ہے۔ بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات کا یہ عمل ایک وسیع تر وژن کی عکاسی کرتا ہے جس میں اسکولوں کی بحالی، نئے اداروں کا قیام، انفراسٹرکچر کی توسیع، اساتذہ کی بھرتی، اسکول سے باہر بچوں کی واپسی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے وظائف کو ایک مربوط حکمت عملی کا حصہ بنایا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا واضح عزم ہے کہ بلوچستان کا کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے اور صوبے کی نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کے ذریعے بااختیار بنایا جائے۔ اس وژن کی کامیابی کے لیے اصلاحات کا تسلسل، مؤثر انتظامی نگرانی اور نتائج پر مبنی عملدرآمد بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ایک تعلیم یافتہ بلوچستان ہی ایسا بلوچستان بن سکتا ہے جو معاشی طور پر مضبوط، سماجی طور پر منظم اور مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ آج کے تعلیمی اقدامات دراصل آنے والی نسلوں کے مستقبل کی تعمیر ہیں، اور یہی وہ سوچ ہے جسے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے تعلیمی وژن کا بنیادی ستون قرار دیا جا سکتا ہے

7 ستمبر تحریک ختم نبوت کی تاریخی کامیابی کا دن ہے

بھاگ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بھاگ کے امیر مولانا قاضی عماد اللہ نے کہا ہے کہ 7 ستمبر مسلمانوں کے لیے تاریخی فتح کا دن ہے سات ستمبر 1974 کو پاکستان کے آئین میں قادیانوں احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا تھا یوم ختم نبوت کا دن مسلمانان عالم کے لیے انتہائی خوشی کا دن ہے 7 ستمبر 1974 کو تحریک ختم نبوت کامیاب ہوئی قومی اسمبلی میں طویل بحث و مباحثہ کے بعد یہ تاریخ ساز فیصلہ دیا گیا انہوں نے کہا قانون توہین رسالت کی روک تھام کے لیے طویل جدوجہد اور قربانیوں کے بعد بنائے گئے عاشقان رسول قانون پر پہرا دے رہے ہیں اور پہرا دیتے رہیں گے۔

نال، منشیات فروشی اور عطائی ڈاکٹروں کی سرگرمیاں عروج پر

نال (آن لائن) نال و گرد و نواح میں مبینہ طور پر منشیات فروشی اور عطائی ڈاکٹروں کی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ایک طرف منشیات فروش بلاخوف نوجوان نسل کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں، تو دوسری جانب عطائی ڈاکٹر انسانی جانوں کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ عطائی ڈاکٹر بغیر مطلوبہ طبی اہلیت کے خود کو ایم بی بی ایس ڈاکٹر ظاہر کر کے لوگوں کا علاج کر رہے ہیں، جس کے باعث غیر معیاری اور غیر مستند علاج سے انسانی صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اس کے باوجود تاحال ان کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونا کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ دوسری جانب نال و گرد و نواح میں منشیات کے کاروبار نے بھی نوجوان نسل کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ متعدد نوجوان مبینہ طور پر منشیات کے عادی ہو چکے ہیں، جس کے باعث کئی خاندان متاثر ہو رہے ہیں۔ منشیات کی وجہ سے بعض نوجوان اپنی صحت اور زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں جبکہ کئی جسمانی اور معاشرتی مسائل کا شکار ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ نال و گرد و نواح میں عطائی ڈاکٹروں اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ انسانی جانوں اور نوجوان نسل کو مزید نقصان سے بچایا جا سکے۔

بھاگ، قلت آب کا بحران شدت اختیار کر گیا

بھاگ ناڑی (اے این این) بھاگ شہر میں قلت آب کا بحران شدت اختیار کر گیا پی ایچ ای کے حکام کی ناقص کارکردگی کے بعد شہر کے مختلف محلوں میں پینے کے صاف پانی کا بحران جاری ہے گزشتہ کئی دنوں سے شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس رہے ہیں قلت آب کے باعث شہر کربلا کا منظر پیش کرنے لگا ہے صبح ہوتے ہی مرد و خواتین اور بچے پانی کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں شہری دور دراز سے گھنٹوں انتظار کے بعد بمشکل پینے کا پانی لانے پر مجبور ہیں واٹر سپلائی کی دو لائنیں غیر فعال ہیں جبکہ کچھی واٹر پائپ لائن سے بھی کئی دنوں سے پانی کی سپلائی بند ہے عدم توجہی کے باعث کوئی پرسان حال نہیں تالاب بھی تقریباً خشک ہو چکے ہیں اگر کہیں دستیاب ہے وہ پینے کے قابل نہیں سابق ادوار میں سابق گورنر امیر الملک مینگل اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالمالک بلوچ کی جانب سے بھاگ ناڑی کو پانی کی فراہمی کے مد میں جاری کردہ کروڑوں روپے کے باوجود بھی عوام کو پینے کا پانی میسر نہیں لوگوں کو زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری اور کمشنر نصیر آباد و کمشنر سبی سے بھاگ میں پانی بحران کی خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے

بے روزگار نوجوانوں کا حق تلفی قبول نہیں، محمد حنیف

سرکاری آسامیوں پر بھرتیوں کا عمل شفاف اور میرٹ پر ہونا چاہیے

روزگار کے مواقع یقینی بنانے کیلئے حکومت فوری اقدامات کرے، بیان

اوستہ محمد (نامہ نگار) قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کی راہ میں روڑے اٹکانے والوں کے خلاف ہر محاذ پر آواز بلند کی جائے گی۔ چند مفاد پرست عناصر عدالتوں سے حکم امتناعی حاصل کر کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سے محروم کر رہے ہیں، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیو سٹاک، محکمہ اریگیشن سمیت مختلف محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو رکوانے کے لیے مبینہ طور پر مفاد پرست عناصر اسٹے آرڈر حاصل کر رہے ہیں، جس سے بڑی تعداد میں بے روزگار نوجوان متاثر ہو رہے ہیں۔ نوجوان پہلے ہی شدید بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے میں روزگار کے مواقع میں رکاوٹیں ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا کہ مفاد پرست ٹولہ اپنا قبلہ درست کرے، بصورت دیگر ان کے خلاف قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے قانونی چارہ جوئی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبے میں سرکاری آسامیوں پر بھرتیوں کے عمل کو شفاف بنایا جائے اور بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

اظہار تعزیت

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن لاسی جاموٹ نے ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے ان کے والد محترم حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ بادینی ہاؤس جناح ٹاؤن کوئٹہ میں ملاقات کی اور گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اس موقع پر وڈیرہ شاہنواز جاموٹ نے کہا کہ حاجی میر جمعہ خان بادینی ایک باوقار، مخلص اور عوامی شخصیت تھے۔ ان کے انتقال سے نہ صرف بادینی خاندان بلکہ پورے علاقے کا بڑا نقصان ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے ایم پی اے حاجی میر غلام دستگیر بادینی، حاجی میر عبدالقیوم بادینی، حاجی منیر احمد بادینی، حاجی ناصر خان بادینی، میر ظفر اللہ بادینی و سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غم کی اس گھڑی میں بادینی خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔

وگی، ڈی سی فضل الرحمن کبدانی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)

پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی
Pakistan Airports Authority

دعوتِ بولی

PPRA رول نمبر 36(b) کے تحت درج ذیل دفتر کی مندرجہ ذیل ضروریات کے لیے EPADS v2.0 کے ذریعے پاکستانی روپے میں بولیاں طلب کی جاتی ہیں:

نمبر شمار	EPADS نمبر	تفصیل/بولی نمبر	مقررہ بڈ سیکیورٹی (پاکستانی روپے)	بولی جمع کرانے کی تاریخ/وقت	بولی کھولنے کی تاریخ/وقت/مقام	بنیاد (قیمت)
01	P-111607	NDB سٹیشن کے لاؤنج کے لیے فرنیچر کی خریداری اور BNB سکھر ایئرپورٹ کے لاؤنج کے لیے فرنیچر I.T. No. HQPAA/1984/398/XXLA	لاٹ-1-: 43,700/- لاٹ-2-: 176,625/-	29-09-2026 صبح 11:00 بجے	29-09-2026 صبح 11:30 بجے لاجسٹکس سینٹر (جنوبی) (APS Log. برانچ)	F.O.R

e-Pak اور v2.0 بولی دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ بولی کے عمل میں حصہ لینے کے لیے خود کو EPADS v2.0 پر رجسٹر کروائیں۔ ای-بولی کے دستاویزات، جن میں تفصیلی شرائط و ضوابط، وضاحتیں، تقاضے وغیرہ شامل ہیں، تمام دلچسپی رکھنے والے اور EPADS پر رجسٹرڈ بولی دہندگان کے لیے (EPADS) پر درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں:

https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements

ای-بولیاں، ای-بولی کے دستاویزات میں دی گئی ہدایات کے مطابق تیار کر کے EPADS v2.0 کے ذریعے جمع کرانا ضروری ہے۔ بولیوں کی دستی جمع کرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ وہ وینڈرز جنہوں نے ابھی تک EPADS v2.0 کے نئے ورژن پر رجسٹریشن نہیں کروائی، وہ خود کو درج ذیل لنک کے ذریعے رجسٹر کر سکتے ہیں: https://vendors.epads.gov.pk/

رجسٹریشن کے عمل کی وضاحت کے لیے ایک ٹیوٹوریل درج ذیل لنک پر دستیاب ہے: https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc

[نوٹ: تمام ممکنہ بولی دہندگان بولی کھولنے کی تاریخ/وقت سے قبل فوری طور پر PAA کو مطلع کریں اور FBR کی جانب سے جاری کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (100% تعمیل) اور GST/NTN سرٹیفکیٹس کا ثبوت درج ذیل پتے پر جمع کرائیں۔] یا ای میل کے ذریعے: azeem.sarwar@paa.gov.pk

اصل بولی ضمانت درج ذیل پتے پر بولی جمع کرانے کی تاریخ اور وقت سے کافی پہلے موصول ہو جانی چاہیے۔ بولی ضمانت کی کاپی (پے آرڈر/بینک گارنٹی) بھی EPADS کے ذریعے آن لائن بولی جمع کراتے وقت منسلک کرنا ضروری ہے۔

معاہدے کی تکمیل کی مدت: معاہدے اور وارنٹی کی مدت کی تسلی بخش تکمیل تک۔

PAA کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی بھی یا تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کر دے، جن سے درخواست کرنے پر بولی دہندگان کو آگاہ کیا جائے گا۔

یہ اشتہار PAA کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk اور PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

احتیاط: اگر بولی دہندہ کی جانب سے جمع کرایا گیا کوئی بھی مالیاتی دستاویز کسی بھی مرحلے پر جعلی پایا گیا یا اس کی ادائیگی نہ ہو سکی، تو اس کے نتیجے میں قانون کے مطابق بلیک لسٹنگ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر، لاجسٹکس (APS)
لاجسٹکس سینٹر (جنوبی) ہیڈکوارٹرز، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی
جے آئی اے پی، کراچی، پاکستان | ٹیلی فون: 021-9907-2689 | فیکس: 021-9924-2784
www.paa.gov.pk
PID(K)804/26

پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی

پیشکش کی طلبی

درج ذیل ضروریات کے لیے PPRA رول نمبر 36(b) کے تحت مذکورہ دفتر میں EPADS v2.0 کے ذریعے پاکستانی روپے میں بولیاں طلب کی جاتی ہیں۔

S. #	EPAD No.	Description & Bid No	Fixed Bid Security (PKR)	Bid Submission Date/Time	Bid Opening Date/Time/ Place	Basis PKR (Price)
01	P-110326	PROCUREMENT OF VIDEO CONFERENCING SYSTEM SOLUTION ALONGWITH SMART LED SCREEN & ALLIED ACCESSORIES FOR DG PAA MAIN CONFERENCE I.T.No.HQPAA/1984/401/XXLA	146,011/-	25-09-2026 1100 Hours	25-09-2026 1130 Hours Log. Center (S) (Log. APS Branch)	F.O.R

تفصیلی شرائط و ضوابط، تصریحات، تقاضوں وغیرہ پر مشتمل ای-بڈنگ دستاویزات، ای-پاکستان ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) پر درج ذیل لنک https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements کے ذریعے EPADS v2.0 پر رجسٹرڈ تمام دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان کے لیے دستیاب ہیں۔ بولی دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ بولی کے عمل میں حصہ لینے کے لیے خود کو EPADS v2.0 پر رجسٹرڈ کرائیں۔

ای-بڈنگ دستاویزات میں درج ہدایات کے مطابق تیار کردہ ای-بولیاں EPADS v2.0 کے ذریعے جمع کرانا لازمی ہے۔ دستی طور پر بولیاں جمع کرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ وہ وینڈرز جنہوں نے ابھی تک EPADS v2.0 کے نئے ورژن پر رجسٹریشن نہیں کرائی، وہ درج ذیل لنک https://vendors.epads.gov.pk/ کے ذریعے خود کو رجسٹر کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے طریقہ کار کی وضاحت کے لیے ٹیوٹوریل درج ذیل لنک https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc پر دستیاب ہے

[نوٹ: تمام متوقع بولی دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ بولیاں کھولنے کی تاریخ اور وقت سے قبل فوری طور پر PAA کو مطلع کریں اور ذیل میں دیے گئے پتے یا ای میل کے ذریعے: azeem.sarwar@paa.gov.pk پر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں 100 فیصد مطابقت کا ثبوت اور FBR کے GST/NTN سرٹیفکیٹس جمع کرائیں۔]

اصل بڈ سیکیورٹی بولیاں جمع کرانے کی تاریخ اور وقت سے پہلے درج ذیل پتے پر موصول ہونا ضروری ہے۔ بولی کی ضمانت کی نقل (پے آرڈر/بینک گارنٹی) بھی EPADS کے ذریعے آن لائن بولی جمع کراتے وقت لازماً منسلک کی جائے۔

معاہدے کی تکمیل کی مدت: معاہدہ اور وارنٹی کی مدت تسلی بخش طور پر مکمل ہونے تک۔

PAA کو معقول وجوہات کی بنا پر کسی بھی یا تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔ ایسی وجوہات درخواست پر بولی دہندگان کو فراہم کی جائیں گی۔

یہ اشتہار PAA کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk اور PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

انتباہ: بولی دہندہ کی جانب سے جمع کرایا گیا کوئی بھی مالیاتی دستاویز یا مالیاتی ذریعہ اگر کسی بھی مرحلے پر جعلی پایا گیا یا قابل ادائیگی نہ رہا تو قانون کے مطابق بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کرنے کے ساتھ ساتھ قانونی کارروائی بھی کی جائے گی۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر، لاجسٹکس (اے پی ایس) لاجسٹکس سینٹر (ساؤتھ)
ہیڈکوارٹرز، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ (JIAP)، کراچی، پاکستان۔ فون: 021-9907-2689 فیکس: 021-9924-2784
www.paa.gov.pk
PID K-791/26

روزنامہ مشرق کوئٹہ



اسپورٹس

جونیئر ہاکی ایشیا کپ: پاکستان ملائیشیا کو شکست دیکر سیمی فائنل میں پہنچ گیا

ملائیشیا کو 2-5 سے شکست دی، میچ کا آغاز سنسنی خیز رہا جہاں 9ویں منٹ میں ملائیشیا کے محمد صالحی نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی

جونیئر ہاکی ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کو ابھی تک ایونٹ میں ناقابل شکست رکھتے ہوئے تیسری فتح حاصل کی

مسقط جونیئر ایشیا کپ 2026 میں پاکستان نے ملائیشیا کو شکست دے کر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پول بی کے ایک اہم میچ میں پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملائیشیا کو 2 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دے دی۔ میچ کا آغاز سنسنی خیز رہا جہاں 9ویں منٹ میں ملائیشیا کے محمد صالحی نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔ تاہم پاکستان کی قومی جونیئر ٹیم نے دوسرے ہاف میں زبردست کم بیک کیا اور ملائیشیا کے دفاع کو تہس نہس کردیا۔ پاکستان کی جانب سے گول کرنے کا سلسلہ 32ویں منٹ میں ندیم خان کے شاندار گول سے شروع ہوا، جس نے مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا۔ اس کے بعد 36ویں منٹ میں عبداللہ سمیع رانا نے گول کر کے پاکستان کو 1-2 کی برتری دلائی۔ پاکستان کے ولید رانا نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 39ویں اور 40ویں منٹ میں بیک ٹو بیک دو خوبصورت گول داغ کر میچ پر پاکستان کی گرفت مضبوط کردی۔ 1ویں منٹ میں علی حمزہ نے پانچواں گول کر کے اسکور 1-5 کر دیا۔ میچ کے 54ویں منٹ میں ملائیشیا کے کن سیلن دھیرش نے اپنی ٹیم کا دوسرا گول اسکور کیا لیکن پاکستان نے میچ کے اختتام تک اپنی برتری برقرار رکھی اور 2-5 سے فتح اپنے نام کی۔ پاکستان کی ابھی تک ایونٹ میں ناقابل شکست رہتے ہوئے یہ تیسری فتح ہے۔

عمر بتانے میں فراڈ، بھارتی انڈر 19 کرکٹر آسٹریلیا کے دورے سے باہر

سڈنی (آئی این پی) بھارت کی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے لیگ اسپنر روہت یادیو کو آسٹریلیا کے خلاف آئندہ سیریز سے دستبردار کروا دیا گیا ہے، جبکہ بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے عمر سے متعلق دستاویزات میں تضاد سامنے آنے کے بعد انہیں دو سال کے لیے ڈومیسٹک کرکٹ سے معطل کردیا ہے۔

کھیل امن، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دیتے ہیں، اصغر خان اوتمانخیل

یوم دفاع کے حوالے سے منعقدہ یادگاری فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار اختتام

لورالائی (آن لائن) یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کے حوالے سے ڈسٹرکٹ چیئرمین اصغر خان اوتمانخیل کی جانب سے منعقدہ یادگاری فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار اختتام ہوگیا۔ اس موقع پر لورالائی اقبال اسٹیڈیم اور کالج گراؤنڈ میں کھیلوں کے شائقین، نوجوانوں اور تماشائیوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جبکہ فضا قومی جذبے اور حب الوطنی کے نعروں سے گونجتی رہی۔ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں پرنس ایف سی اور ناصر الیون ایف سی کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلہ ہوا، جس میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل، مہارت اور اسپورٹس مین اسپرٹ کا شاندار مظاہرہ کیا۔ میچ کے دوران کھلاڑیوں اور شائقین میں حب الوطنی اور کھیل کے جذبے کا حسین امتزاج دیکھنے کو ملا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ چیئرمین اصغر خان اوتمانخیل جبکہ چیئرمین تحصیلدار سمیع اللہ اوتمانخیل بھی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ مہمانان خصوصی نے کھلاڑیوں سے فرداً فرداً مصافحہ کیا، ان کی حوصلہ افزائی کی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کو نوجوان نسل کے لیے انتہائی ضروری قرار دیا۔ فائنل مقابلے کے اختتام پر بہترین کارکردگی دکھانے والی ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 30 ہزار روپے نقد، رنر اپ ٹیم کو 20 ہزار روپے نقد جبکہ میچ کے ریفریز کو 10 ہزار روپے نقد انعام دیا گیا۔ تقریب کے دوران ڈسٹرکٹ چیئرمین اصغر خان اوتمانخیل نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان میں قومی پرچم تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک عظیم اور یادگار دن ہے، جو ہمیں اپنی بہادر مسلح افواج کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن عزیز کے دفاع کو یقینی بنایا اور قوم کو بہادری، قربانی اور حب الوطنی کا عظیم درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں مثبت سرگرمیوں خصوصاً کھیلوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، برداشت، بھائی چارے اور باہمی تعاون کے جذبات کو فروغ دیتے ہیں۔ تقریب میں الیاس کبزئی کے سیکرٹری اطلاعات سمیت صحافیوں، سیاسی و سماجی شخصیات، کھیلوں سے وابستہ افراد اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اس نوعیت کے کھیلوں کے مقابلے نوجوانوں میں قومی جذبے کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے ہیں۔

پاکستان کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید ہیں، جیسن گلیسپی

پی سی بی کے ذمے میرے اب بھی ہزاروں ڈالرز واجب الادا ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریڈ بال کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی ایک بار پھر پاکستان کرکٹ کے معاملات پر پھٹ پڑے اور کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید کو دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی سی بی کے ذمے میرے اب بھی ہزاروں ڈالرز واجب الادا ہیں، اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، آئندہ بھی نہیں کروں گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خاموش رہ کر سب کچھ مان سکتا تھا مگر یہ میری فطرت نہیں، میں یس مین نہیں، میں خاموش رہ کر تنخواہ گھر لے جا سکتا تھا، مجھے اندازہ تھا کہ مجھے چند ماہ میں برطرف کیا جا سکتا ہے، عاقب جاوید کی اپنے خلاف منفی گفتگو سے تنگ آ چکا ہوں، قومی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ نے کہا کہ منفی گفتگو جاری رہی تو عاقب جاوید کے خلاف قانونی کارروائی کروں گا، پاکستان کرکٹ کی موجودہ صورتحال دیکھ کر دل ٹوٹتا ہے۔ جیسن گلیسپی نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ایک نقصان دہ چکر میں پھنس چکی ہے، پاکستان کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید ہیں، پاکستان کرکٹ میں ذمے داریاں سنبھالنے سے قبل مجھے کئی معاملات کی وجہ سے خبردار کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کرکٹ میں غیر مستحکم مزاجی سے آگاہ تھا، پاکستان میں کوچنگ میرے کیریئر کی بڑی کامیابیوں میں سے ہونے والی تھی، پاکستان کرکٹ کی تاریخ شاندار ہے یہاں لوگ کرکٹ کے لیے جیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیسٹ ٹیم کو بہتر بنانے کا موقع سمجھ کر کوچنگ قبول کی، پاکستان میں فاسٹ بولنگ واپس لانا میرے مینڈیٹ کا حصہ تھا، ایسی پچز تیار کرنا چاہتے تھے جو باؤنس اور فاسٹ بولنگ کو سپورٹ کریں۔ پاکستان ریڈ بال کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ نے کہا کہ عاقب جاوید کی تقرری نے پورا منظر نامہ بدل دیا، عاقب جاوید پاکستان کرکٹ میں ہر چیز کے انچارج بن گئے تھے، سلیکشن کے معاملات میں بھی میرا کوئی کردار نہیں رہا، پاکستان میں پورے تجربے نے مجھے کوچنگ سے بددل کر دیا، ذہنی طور پر متاثر کیا۔ جیسن گلیسپی نے کہا کہ عاقب جاوید نے کبھی ملاقات میں اپنی بالادستی ظاہر کرنے کی کوشش کی۔

کراچی، گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے گورنر ہاؤس میں گرینڈ سیم ویٹ تائیکوانڈو لیگ میں تین سونے اور دو کانسی کے تمغے جیتنے والے نوجوان کھلاڑی ملاقات کر رہے ہیں

افغانستان کا دو بڑی ٹیموں کیخلاف طویل سیریز کا اعلان

بھارت کے خلاف ٹیسٹ سمیت افغانستان رواں سال چار ٹیسٹ کھیلے گا

کابل (این این آئی) افغانستان کرکٹ ٹیم رواں سال اکتوبر اور نومبر میں بنگلہ دیش اور زمبابوے کے خلاف تینوں فارمیٹس پر مشتمل مصروف ہوم سیزن کھیلے گی۔ تفصیلات کے مطابق افغانستان کی میزبانی میں تمام میچز متحدہ عرب امارات میں ہوں گے تاہم افغانستان کرکٹ بورڈ نے ابھی میچز کے وینیوز کا اعلان نہیں کیا۔ سیریز کا آغاز 19 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف واحد ٹیسٹ سے ہوگا، اس کے بعد 17 سے 23 اکتوبر تک افغانستان، بنگلہ دیش اور زمبابوے کے درمیان ون ڈے ٹرائی سیریز کھیلی جائے گی جس کے فائنل میں ٹاپ دو ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ بعد ازاں افغانستان اور زمبابوے کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی میچز 27 اکتوبر سے یکم نومبر تک ہوں گے، جس کے بعد دونوں ٹیمیں دو ٹیسٹ میچز کھیلیں گی۔ پہلا ٹیسٹ 5 سے 9 نومبر جبکہ دوسرا 13 سے 17 نومبر تک شیڈول ہے۔ بھارت کے خلاف جون میں کھیلے گئے ٹیسٹ سمیت افغانستان رواں سال مجموعی طور پر چار ٹیسٹ کھیلے گا جو ایک کیلنڈر ایئر میں اس کے لیے ریکارڈ تعداد ہے۔ افغانستان نے بنگلہ دیش کے خلاف اب تک دو ٹیسٹ کھیلے ہیں، ایک جیتا اور ایک ہارا جبکہ زمبابوے کے خلاف پانچ ٹیسٹس میں دو کامیابیاں، دو شکستیں اور ایک میچ ڈرا ہوا ہے۔

فٹبال کے شائقین کے لئے خوشخبری

لارڈز ٹیسٹ کے بعد ٹیم میں بڑی تبدیلیوں پر خود حیران ہوں، بابر اعظم

تیسرے ٹیسٹ سے قبل پریس کانفرنس کے دوران بابر اعظم نے اسکواڈ میں تبدیلیوں سے متعلق سوالات پر محتاط انداز اختیار کیا

یہ میرے لیے بھی خبر تھی، مجھے بھی بعد میں پتا چلا کہ پی سی بی نے یہ فیصلہ کیا ہے، اس لیے وہ اس کی بہتر وضاحت کر سکتے ہیں' کپتان قومی ٹیم

پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ لارڈز ٹیسٹ کے بعد قومی اسکواڈ میں کی جانے والی بڑی تبدیلیوں کے بارے میں انہیں نہ تو پہلے سے آگاہ کیا گیا نہ ان سے مشاورت ہوئی اور نہ ہی ان کی منظوری لی گئی۔ کرک انفو کے مطابق انگلینڈ میں تیسرے ٹیسٹ سے قبل پریس کانفرنس کے دوران بابر اعظم نے اسکواڈ میں تبدیلیوں سے متعلق سوالات پر محتاط انداز اختیار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے کھلاڑیوں کے لیے یہ ایک سنہری موقع ہے۔ بابر اعظم نے بتایا کہ وہ بھی دیگر افراد کی طرح اچانک سامنے آنے والی تبدیلیوں سے حیران ہوئے اور انہیں اسکواڈ میں بڑے پیمانے پر رد و بدل کا علم پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے باضابطہ اعلان کے بعد ہوا۔ قومی ٹیم کے کپتان کا کہنا تھا کہ یہ ان کے لیے بھی خبر تھی، انہیں بھی بعد میں پتا چلا۔ پی سی بی نے یہ فیصلہ کیا ہے، اس لیے وہ اس کی بہتر وضاحت کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی سی بی نے یہ فیصلہ یقیناً کسی سوچ بچار کے بعد کیا ہوگا، اس لیے بہتر ہے کہ اس فیصلے کی وجوہات کے بارے میں بورڈ سے ہی پوچھا جائے۔ لارڈز میں پاکستان کی شکست کے اگلے روز پی سی بی نے اسکواڈ سے سات کھلاڑیوں کو باہر کرنے کے ساتھ ہی ہیڈ کوچ سرفراز احمد اور بولنگ کوچ عمر گل کو بھی عہدوں سے ہٹا دیا تھا۔ ان کی جگہ سات نئے کھلاڑیوں کو اسکواڈ میں شامل کیا گیا، جن میں سے پانچ نے اس سے قبل کوئی ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا۔ بابر اعظم نے اگرچہ اس تاثر کو مسترد کیا کہ اچانک ہونے والی تبدیلیوں نے ان کے لیے گزشتہ ہفتہ مشکل بنا دیا، البتہ انہوں نے اعتراف کیا کہ وہ اس صورتحال پر حیران ضرور ہوئے۔

میر گشتی انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے گرلز ایونٹس

دارالعلوم پبلک اسکول نے گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر کو شکست دی

مقابلوں کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر اسکولز بلوچستان منیر احمد نوتیزئی تھے

گوادر (ق ن) میر گشتی انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے گرلز ایونٹس کے دوسرے روز بھی مختلف کھیلوں کے مقابلے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ جاری رہے۔ فیسٹیول محکمہ تعلیم، پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن اور ادارہ ترقیات گوادر کے اشتراک و تعاون سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ دوسرے روز فٹبال کے مقابلوں میں دارالعلوم پبلک اسکول گوادر نے گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر، جبکہ گوادر گرامر اسکول نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شمبے اسماعیل گوادر کو شکست دی۔ کرکٹ میں بحریہ ماڈل کالج گوادر نے یونیورسٹی آف گوادر، جبکہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شمبے اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول جنتی کالونی کو شکست دے کر دوسرے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ مقابلوں کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر اسکولز بلوچستان منیر احمد نوتیزئی تھے۔ اس موقع پر چیئرمین میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن گوادر میر ارشد کلمتی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ڈپٹی ڈی ای او حسن الاسلام، ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر میڈم راشدہ افضل، گرلز ایونٹس کی سربراہ میڈم بلقیس سلیمان، ڈسٹرکٹ اسپورٹس سپروائزر علی عاقب اور میر فاؤنڈیشن کے نمائندگان سمیت دیگر موجود تھے۔ مہمان خصوصی نے کھلاڑیوں سے ملاقات اور مصافحہ کیا اور طلبہ و طالبات کے لیے مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کے انعقاد پر میر ارشد کلمتی کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ کھیلوں کا فروغ صحت مند، باصلاحیت اور متحرک معاشرے کی تشکیل کے لیے نہایت اہم ہے۔

چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی تاریخ کا اعلان

آغاز 20 ستمبر سے ہوگا ٹورنامنٹ کا شیڈول جاری، تیاریوں کا جائزہ، ٹیموں، لاجسٹکس، رہائش اور تمام انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے اہم اجلاس

گولڈ کپ کا مقصد صوبے میں فٹبال کے فروغ اور بلوچستان کو ملک کے فٹبال نقشے پر مزید نمایاں کرنا ہے' سیکرٹری کھیل درا بلوچ

کوئٹہ (ق ن) فٹبال کے شائقین کیلئے خوشخبری، چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ سیکرٹری کھیل درا بلوچ کی زیر صدارت اجلاس، وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا آغاز 20 ستمبر سے ہوگا ٹورنامنٹ کا شیڈول، تیاریوں کا جائزہ، ٹیموں، لاجسٹکس، رہائش اور تمام انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے اہم اجلاس کوئٹہ 8 ستمبر 2026۔ چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی تاریخ کا باضابطہ اعلان اجلاس میں کر دیا گیا ٹورنامنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر بازئی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایکٹیویٹیز محمد آصف لانگو، بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں طے پایا کہ چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا باقاعدہ آغاز 20 ستمبر سے ہوگا جبکہ ٹورنامنٹ کا فائنل 5 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن پاکستان کی تمام نمایاں اور ٹاپ فٹبال ٹیموں کو ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے باضابطہ دعوت نامے جاری کرے گی۔ ٹاپ ٹیموں کی شرکت یقینی بنانے کی ذمہ داری بھی بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن کو سونپی گئی ہے۔ اجلاس میں فٹبال گولڈ کپ سے متعلق لاجسٹکس، تمام گراؤنڈ کمیٹیوں کی ذمہ داریاں، کھلاڑیوں اور آفیشلز کی رہائش و دیگر سہولیات سمیت تمام انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری کھیل درا بلوچ نے کہا کہ آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا ملک کے بڑے فٹبال ایونٹس میں شمار ہوتا ہے گولڈ کپ صوبے میں فٹبال کے فروغ کا اہم ذریعہ بن گیا ہے، جس میں ملک بھر کی ٹیمیں اور باصلاحیت و نامور کھلاڑی ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوتے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا مقصد صوبے میں فٹبال کے فروغ، باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنا اور بلوچستان کو ملک کے فٹبال نقشے پر مزید نمایاں کرنا ہے۔

ویمنز ایشیا کپ، پاکستان نے ہانگ کانگ کو شکست دیکر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا

پاکستان کی جانب سے شوال ذوالفقار 47 جبکہ عائشہ ظفر 26 رنز کیساتھ نمایاں رہیں، رپورٹ

ہانگ کانگ (این این آئی) ویمنز ایشیائی ٹوئنٹی کپ میں پاکستان نے ہانگ کانگ کو 72 رنز سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں قومی ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ قومی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنائے اور ہانگ کانگ کو جیت کے لیے 144 رنز کا ہدف دیا۔ پاکستان کی جانب سے شوال ذوالفقار 47 جبکہ عائشہ ظفر 26 رنز کیساتھ نمایاں رہیں جبکہ ہانگ کانگ کی جانب سے جولین گور نے 4 جبکہ اقرا سحر اور کیری چن نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ ہانگ کانگ کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں 19 اوورز میں 71 رنز بنا سکی، کیری چن 30 یاسمین 13 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں جبکہ پاکستان کی جانب سے صرف ایک نشرح سندھو نے 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل قومی ٹیم کو بھارت کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ ایشیا کپ کے پہلے میچ میں پاکستان نے تھائی لینڈ کو شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا تھا۔

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان آخری ٹیسٹ میچ آج کھیلا جائیگا

انگلینڈ کو پاکستان کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ (آج) بدھ 9 سے 13 ستمبر تک ایجبسٹن، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انگلینڈ کو پاکستان کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ انگلینڈ نے لیڈز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں گرین شرٹس کو ایک اننگز اور 103 رنز سے شکست دی تھی جبکہ لارڈز میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں 194 رنز سے ہرایا تھا۔ اس سے قبل پروفیشنل کاؤنٹی کلب سلیکٹ الیون اور پاکستان کی ٹیموں کے درمیان اس سے قبل تین روزہ وارم اپ میچ پاکستان کی ٹیم نے 7 وکٹوں سے جیت لیا تھا۔ انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 9 سے 13 اگست تک ایجبسٹن، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کی ٹیم کی قیادت جو روٹ کریں گے جبکہ پاکستان کی ٹیم مایہ ناز بلے باز بابر اعظم کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔

کرکٹ بورڈ نے خود کھلاڑیوں کو سب سے زیادہ مایوس کیا ہے' سعید اجمل

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق اسٹار اسپنر سعید اجمل نے قومی ٹیم میں مسلسل تبدیلیوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ گزشتہ 10 سال پیچھے چلی گئی ہے اور مستقبل کے لیے مناسب منصوبہ بندی نہیں کی گئی۔ ٹیم میں حالیہ تبدیلیوں پر بات کرتے ہوئے سعید اجمل نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی پالیسی پر سوالات اٹھائے ہیں۔ سعید اجمل کے مطابق بار بار ہونے والی ان تبدیلیوں سے کھلاڑیوں کا اعتماد متاثر ہو رہا ہے اور انہیں اپنی جگہ بنانے کے لیے مستقل مواقع نہیں مل رہے۔ سعید اجمل نے کہا کہ بورڈ نے خود کھلاڑیوں کو سب سے زیادہ مایوس کیا ہے۔ بورڈ کسی بھی کھلاڑی کو اپنی جگہ بنانے کا موقع نہیں دے رہا، ایسے کھلاڑی بھی ہیں جنہوں نے اچھی کارکردگی دکھائی لیکن انہیں بھی باہر کر دیا گیا۔ کچھ کھلاڑیوں کی پی سی بی کی جانب سے تضحیک بھی ہوئی ہے۔ سابق اسپنر نے ٹیم کے ہائی پرفارمنس ڈائریکٹر عاقب جاوید اور مائیک ہیسن کی ذمہ داریوں پر بھی تنقید کی۔ سعید اجمل نے کہا کہ عاقب جاوید اور مائیک ہیسن ایک ٹیم ہیں۔

کرکٹ آسٹریلیا کا بگ بیش لیگ کی فرنچائزز فروخت کرنے کا فیصلہ

کرکٹ وکٹوریہ کی ملکیت میلبرن رینیگیڈز نے 2018-19 میں بی بی ایل ٹائٹل جیتا تھا

سڈنی (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا نے اعلان کیا ہے کہ بگ بیش لیگ (بی بی ایل) میں 2027-28 کے سیزن سے نجی سرمایہ کاری متعارف کرائی جائے گی جس کا آغاز میلبرن رینیگیڈز کی فرنچائز سے ہوگا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق رینیگیڈز کے لیے نجی سرمایہ کاروں سے بولیاں طلب کی جائیں گی اور کوشش ہوگی کہ ٹیم 2027-28 کا سیزن نئے مالکان کے تحت کھیلے۔ اس کے بعد دیگر ٹیموں کی نیلامی کا فیصلہ متعلقہ ریاستی کرکٹ بورڈز کی مرضی اور مقامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ کرکٹ وکٹوریہ کی ملکیت میلبرن رینیگیڈز نے 2018-19 میں بی بی ایل ٹائٹل جیتا تھا۔ کرکٹ آسٹریلیا نے اس سے قبل لیگ میں نجی سرمایہ کاری کے منصوبے سے تقریباً 600 ملین آسٹریلوی ڈالر حاصل کرنے کی امید ظاہر کی تھی۔ تاہم آسٹریلوی کرکٹ کے بعض اہم حلقے نجی سرمایہ کاری کی مخالفت کرتے رہے ہیں اور انہیں خدشہ ہے کہ اس سے مقامی کنٹرول متاثر ہو سکتا ہے۔

عاقب جاوید کرکٹ بہتر نہیں کر سکتے تو عہدہ چھوڑ دیں' اظہر علی

حالات نہ سنبھلے تو فینز کو دوبارہ کرکٹ کی طرف نہیں لا سکیں گے، سابق کپتان

لاہور (آئی این پی) قومی ٹیم کے سابق کپتان اظہر علی نے برطانوی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ عاقب جاوید قومی ٹیم کی کارکردگی کی ذمہ داری قبول کریں، ہم تین سال سے برے فیصلے ہی دیکھ رہے ہیں۔ سابق کپتان نے کہا کہ عاقب جاوید سرفراز، بابر پر ذمہ داری ڈالنے کی کوشش کر رہے تھے، پہلے اپنا جائزہ لیں، کرکٹ بہتر نہیں کر سکتے تو عہدہ چھوڑ دیں، پاکستان کی کپتانی کے لیے اس سے برا وقت نہیں ہو سکتا، بابر اعظم کو اپنے مستقبل کے بارے میں سوچنا چاہیے۔

صحبت پور: خود ساختہ مہنگائی بے قابو، عوام مشکلات کا شکار

دکانداروں نے اشیائے ضروریہ کے من مانے نرخ مقرر کر رکھے ہیں، انتظامیہ قیمتیں کنٹرول کرنے میں ناکام

برائلر مرغی سات سو روپے کلو، بکرے کا گوشت تین ہزار روپے کلو تک پہنچ گیا، مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے

بڑے جانور کا گوشت پچیس سو روپے کلو تک فروخت ہونے لگا، جبکہ بیس کلو آٹے کا تھیلا چار ہزار روپے تک پہنچ گیا

چینی تین سو روپے کلو فروخت ہونے لگی، آلو، پیاز، سبزیوں اور پھلوں سمیت دیگر ضروری اشیاء کی قیمتوں میں بھی ہوشربا اضافہ ہے

صحبت پور میں مبینہ ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا، عوام نے فوری کارروائی کا مطالبہ کر دیا

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پنہور، سہتوئی، مانجھی پور، تحصیل سعید خان، حیر دین، فرید آباد اور جیا خان کے علاقوں میں خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر پہنچ گئی ہے، جہاں ہر دکاندار نے اپنے من مانے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں۔ مہنگائی کے اس طوفان کے باعث غریب عوام کا جینا محال ہو چکا ہے اور علاقے کے 90 فیصد لوگوں کے چولہے بجھ چکے ہیں۔ موجودہ صورتحال کے مطابق برائلر مرغی سات سو روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، بکرے کا گوشت تین ہزار روپے جبکہ بڑے جانور کا گوشت دو ہزار پچیس سو روپے فی کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ بیس کلو گندم کا آٹا چار ہزار روپے، چینی تین سو روپے فی کلو جبکہ آلو، پیاز، سبزیوں اور پھلوں سمیت دیگر جملہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سنگین صورتحال میں نہ تو پرائس کنٹرول کمیٹی کا کوئی وجود دکھائی دے رہا ہے اور نہ ہی ضلعی انتظامیہ اس پر قابو پانے کے لیے متحرک ہے، جس کے باعث غریب اور محنت کش عوام سڑکوں پر رل گئے ہیں۔ سیاسی و سماجی حلقوں نے چیف آف بگٹی و وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ صحبت پور اور اس کے گرد و نواح میں جاری اس خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کا فوری نوٹس لیں تاکہ عوام کو اس عذاب سے نجات دلائی جا سکے۔

نصیر آباد، 28 خالی آسامیوں کیلئے 34 ڈاکٹرز کے انٹرویوز

ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کی سربراہی میں میڈیکل آفیسران کے انٹرویوز لیے گئے

پہلے مرحلے میں 28 خالی آسامیوں کیلئے 34 سے زائد ڈاکٹرز شریک ہوئے

نصیر آباد (ق ن) نصیر آباد ڈویژن میں محکمہ صحت کی خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کے چیئرمین و کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں میڈیکل آفیسران کے انٹرویوز لیے گئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں پہلے مرحلے میں نصیر آباد ڈویژن کی 28 خالی آسامیوں کے لیے 34 سے زائد ڈاکٹرز نے انٹرویوز میں حصہ لیا۔ ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کے اراکین نے امیدواروں کے تعلیمی و دیگر ضروری کاغذات کی جانچ پڑتال کی اور ان سے مختلف سوالات بھی کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریدر لعل، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ داؤد خان کاسی، ایم ایس ڈاکٹر حبیب چندراوی سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے کو مزید تقویت دینے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ڈاکٹرز کی کمی کو دور کرنے کے دور دراز علاقوں سمیت ڈویژن بھر کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

خضدار، ڈرگ انسپکٹر عبید اللہ شاہ شہر میں جعلی ڈاکٹروں، غیر لائسنس میڈیکل اسٹورز کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

چمن ختم نبوت کی عظیم ریلی، ہزاروں افراد کی شرکت

یوم تحفظ ختم نبوت ریلی حافظ عبدالرشید ایوبی کی قیادت میں نکالی گئی

مولانا حافظ محمد یوسف نے 1974 کے تاریخی فیصلے کی اہمیت اجاگر کی

چمن (محمد اصغر اچکزئی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع چمن "7 ستمبر" ریلی میں ہزاروں کا شرکت۔ مہمان خصوصی مولانا حافظ محمد یوسف کا پرجوش خطاب "چمن: "الحمدللہ! ضلعی امیر محترم حافظ عبدالرشید ایوبی" کی قیادت میں آج "عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع چمن" کے زیر اہتمام "7 ستمبر یوم تحفظ ختم نبوت" کی عظیم الشان ریلی "خیر و عافیت" سے منعقد ہوئی۔ ریلی کے اختتام پر منعقدہ جلسہ عام کے مہمان خصوصی جانشین علامہ عبدالغنی رحمہ اللہ شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ محمد یوسف دامت برکاتہم نے خصوصی خطاب فرمایا۔ آپ نے 7 ستمبر 1974 کے پارلیمنٹ کے تاریخی فیصلے کی اہمیت اجاگر کی اور کہا کہ "ختم نبوت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ اس پر آنچ نہیں آنے دیں گے"۔ آپ کے خطاب پر شرکاء نے "لبیک" کہا کے پورا چوک ختم نبوت زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ جلسہ میں شہر بھر کے دیگر جید علماء کرام نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے عقیدہ ختم نبوت کی شرعی حیثیت، قادیانیت کے فتنے اور امت کی ذمہ داریوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ سب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آخری سانس تک ختم نبوت کی حفاظت کریں گے۔ آخر میں ضلعی امیر حافظ عبدالرشید ایوبی نے تمام مہمانوں، شرکاء، والدین اور سکیورٹی اداروں کا شکریہ ادا کیا اور ملک و ملت کے استحکام کے لیے دعا فرمائی۔

ژوب: کنٹریکٹ فیز ون اساتذہ تین ماہ سے تنخواہوں سے محروم

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے سابق ضلعی صدر و سربراہ اساتذہ اتحاد پینل جی ٹی اے ژوب فتح خان مندوخیل اور ساتھیوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کنٹریکٹ فیز 1 کے اساتذہ گزشتہ 3 ماہ سے اپنے تنخواہوں سے محروم ہیں اساتذہ کے ہزاروں خاندان فاقہ کشی پر مجبور ہیں تمام پراسیس مکمل ہونے کے باوجود اساتذہ کی تنخواہیں جاری نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے حکام بالا خاص کر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اپیل کرتے ہیں کہ غریب خاندانوں کی فاقہ کشی کو مدنظر رکھ کر اساتذہ کی تنخواہیں ریلیز کی جائیں اگر کسی ضلع میں شاذ و نادر پراسیس میں کوئی کمی بیشی ہو تو وہ ساتھ ساتھ مکمل کیا جائے۔

چمن، شناختی کارڈز کی بندش، کمیٹی ہفتہ بھر فعال کرنے کا فیصلہ

حاجی امان اللہ نے نادرا حکام سے ملاقاتوں اور کوششوں کی تفصیل بتائی

چمن (محمد اصغر اچکزئی) ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی امان اللہ سول سوسائٹی اور مرکزی انجمن تاجران پر مشتمل وفد جس میں سول سوسائٹی صدر بشیر خان آغا محمد مرکزی انجمن تاجران صدر احمد خان جنرل سیکرٹری جان اچکزئی کے درمیان اہم نشست ہوئی، وفد نے ہزاروں شناختی کارڈوں کی بندش کمیٹی پر کمیٹی اور کمیٹی کی تو کبھی پندرہ پندرہ دن اور ایک سال کا طویل وقت اور ہفتے میں صرف دو دن اور وہ بھی دو افراد پر مشتمل پاگل پن اور سمجھ سے بالاتر قرار دیا۔ دوسری طرف وفد نے انٹرویو کے نام پر لوگوں کو تکلیف جیسے تمام مسائل سے آگاہ کیا، حاجی امان اللہ نے وفد کو ڈی جی نادرا اپریشن ڈائریکٹر اور دوسرے تمام ذمہ دار حکام سے اپنی توانائیوں اور ملاقاتوں کی تفصیل بیان کی جو قابل ستائش ہے اور وفد کو اس کے متعلق لیٹر بھی دکھا، اب ہفتے میں دو دن کے بجائے ہفتہ بھر کمیٹی ہوگی

شہداء وطن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھیں گے، غلام سرور

6 ستمبر ہمیں وطن کے دفاع کیلئے قومی یکجہتی کا درس دیتا ہے

قوم ہر مشکل وقت میں وطن کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی

چمن (محمد اصغر اچکزئی) شہداء وطن کی قربانیاں فراموش نہیں کرینگے 6 ستمبر کے دن ہمیں اپنی وطن کی دفاع کیلئے یکجہتی کی تلقین کرتی ہیں ہمیں اپنے مسلح افواج پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار امیدوار قومی وصوبائی اسمبلی غلام سرور دشتی ڈویژنل نائب صدر ڈویژن ڈیرہ غازی خان کوٹ چھٹہ سے وطن کے میڈیا نمائندوں سے فون کے ذریعے بات چیت کرتے ہوئے کی انہوں نے مزید کہا کہ ہم بحیثیت قوم اس دن کو ایک یاد کے طور پر مناتے ہیں اور یہ دن ہمیں تلقین کرتی ہیں کہ ہر پاکستانی ایک ملک پاکستان کا شہری ہیں جو اپنے ملک کیلئے ہر مشکل وقت میں اپنے ملک کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے انہوں نے مزید کہا کہ ہم فخر کرتے ہیں کہ ہم آج ایک آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں جس پر ہم فخر کرتے ہیں۔

خضدار: جعلی کلینکس کیخلاف کریک ڈاؤن، 10 مراکز سیل

محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم نے خضدار سٹی، کٹھان، کوشک کانک اور نال میں نجی طبی مراکز کا اچانک معائنہ کیا

کارروائی کے دوران غیر رجسٹرڈ کلینکس میں ادویات، طبی سہولیات اور قانونی تقاضوں کی مکمل جانچ پڑتال کی گئی

ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر اتائی معالجین اور غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائی شروع کر دی گئی

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی کی قیادت میں ٹیم نے مختلف علاقوں میں متعدد طبی مراکز کی جانچ کی

محکمہ صحت نے ضلع بھر میں غیر قانونی کلینکس اور غیر معیاری ادویات کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا

خضدار (یو این اے) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایات پر محکمہ صحت نے جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف خضدار سٹی اور مضافاتی علاقوں میں بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 10 جعلی کلینکس سیل کر دیے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی کی قیادت میں محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر نال عبداللہ مینگل اور ڈرگ انسپکٹر عبدالرشید مینگل کے ہمراہ کٹھان، کوشک کانک اور خضدار سٹی کے مختلف علاقوں میں متعدد نجی کلینکس اور طبی مراکز کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے 10 کلینکس کو موقع پر سیل کر دیا گیا، جبکہ مختلف طبی مراکز میں موجود ادویات، رجسٹریشن، طبی سہولیات اور دیگر قانونی و معیاری تقاضوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے کہا کہ عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی اولین ترجیح عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کا تحفظ ہے۔ ضلع بھر میں غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ محکمہ صحت کے مطابق ضلع خضدار کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی کلینکس، عطائی ڈاکٹروں اور غیر معیاری ادویات کے خلاف مزید کارروائیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

خضدار: زمینداروں کا دھرنا ختم، کھاد فراہمی کی یقین دہانی

خضدار (آن لائن) زمینداروں کا احتجاج ختم، روڈ ٹریفک کے لیے بحال کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خضدار میں زمینداروں کی جانب سے کھاد کی عدم دستیابی اور قیمتوں کے خلاف روڈ پر جاری دھرنا انتظامیہ اور زمینداروں کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد ختم کر دیا گیا۔ انتظامیہ نے زمینداروں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ اسٹاک میں موجود کھاد مناسب اور مقررہ ریٹ پر دستیاب بنانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ انتظامیہ کے مطابق آئندہ تین دن کے اندر کھاد کی دستیابی میں بہتری لائی جائے گی، جبکہ مستقبل میں بھی زمینداروں کو بہتر انداز میں کھاد کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ دھرنا ختم ہونے کے بعد روڈ کو ٹریفک کے لیے بحال کر دیا گیا ہے۔

چمن، صفائی، شجرکاری مہم جاری، تعلیمی اداروں میں بھی سرگرمیاں تیز

تعلیمی اداروں میں صفائی، تزئین و آرائش اور شجرکاری مہم کا بھی آغاز ہوگیا

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول میں طلبہ نے صفائی مہم میں حصہ لیا

چمن (ق ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات پر چمن میں صفائی و شجرکاری مہم جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر نگرانی چمن شہر اور گرد و نواح میں صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں بھی خصوصی صفائی، تزئین و آرائش اور شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں آج گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول چمن میں طلبہ اور اسکول انتظامیہ نے صفائی ستھرائی، اسکول کی خوبصورتی اور تزئین و آرائش کی خصوصی مہم میں بھرپور حصہ لیا، جبکہ سرسبز و صاف تعلیمی ماحول کے فروغ کے لیے مختلف مقامات پر پودے بھی لگائے گئے۔ مہم کا مقصد طلبہ میں صفائی، شجرکاری، ماحولیاتی تحفظ اور اجتماعی ذمہ داری کا شعور اجاگر کرتے ہوئے ایک صحت مند، صاف ستھرے اور سرسبز معاشرے کی تشکیل میں عوامی و طلبہ شمولیت کو فروغ دینا ہے۔

چمن، عالمی ختم نبوت کے زیر اہتمام نکالی ریلی کے شرکاء سے جے یو آئی کے مرکزی رہنما مولانا حافظ محمد یوسف، حافظ عبدالرشید و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

ژوب، ڈی سی محمد عارف زرکون غیر قانونی اور سود کے کاروبار کے حوالے سے شوروم مالکان و علماء کرام کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

مسل نمبر 10/26، آئندہ تاریخ پیشی 19-09-26، حیات اللہ بنام محمد عمر، دعویٰ ریکوری، اشتہار بنام اپیلانٹ و مسئول علیہ محمد عمر ولد غلام فاروق سکنہ شالدرہ بازار کاسی روڈ کوئٹہ، ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں اپیلانٹ و مسئول علیہ محمد عمر تعمیل نوٹس سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں ہے اور روپوش ہے۔ لہٰذا اشتہار بنام مذکورہ اپیلانٹ و مسئول علیہ شائع کیا جاتا ہے کہ اگر مذکورہ اپیلانٹ مسئول علیہ آئندہ تاریخ ساعت محررہ 19-09-26 پر بمقام کوئٹہ حاضر عدالت نہیں ہوگا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج بمورخہ 05-09-2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج IX کوئٹہ
ADVT

بعدالت نائب تحصیلدار ہرنائی/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آمدہ انگریزی چٹھی نمبری ڈپٹی کمشنر صاحب No12Mins/2024-25-2381-83 محررہ 9/4/2026 و منسلک چٹھی نمبر No.DG(MM)PL-31(5923)845-47 محررہ 27/2/2026 کے تحت بذریعہ موسیٰ کول مائنز MS-H272B سٹریٹ نمبر 53 سیکٹر F10/4 اسلام آباد محمد ایوب، محمد اکرام اکاسی کول کیلئے درخواست گزاری جب 806.0 ایکڑ زمین بغرض ضلع ہرنائی الاٹ کرانا چاہتا ہے اگر کسی شخص یا پٹی دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر میعاد اندر پندرہ (15) یوم زیر دستخطی کو اپنا عذر اعتراض پیش کرے بصورت دیگر میعاد گزرنے کے بعد کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

آج مورخہ 3/9/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
ADVT

بعدالت جناب حضرت بلال شیرانی جوڈیشل مجسٹریٹ III پشین اسول جج پشین

دعویٰ دیوانی نمبر 64/2025 آئندہ تاریخ ساعت 16/9/2026

محمد اسحاق ولد غلام رسول قوم کاکڑ ساکن گلی پاؤدیان زئی تحصیل و ضلع پشین (مدعی) بنام 1۔ ڈی جی نادرا پشین 2۔ نجیب اللہ 3۔ اکرام اللہ 4۔ عبدالعزیز پسران محمد اسحاق ساکنان گلی پاؤدیان زئی ضلع پشین (مدعا علیہان)

اشتہار بنام مدعا علیہان نمبر 2 تا نمبر 4۔ حوالہ مقدمہ عنوان بالا میں نوٹس مدعا علیہان نمبر 2 تا نمبر 4 جاری ہونے پر اس رپورٹ کے ساتھ موصول ہوئے کہ مدعا علیہان نمبر 2۔ نجیب اللہ 3۔ اکرام اللہ 4۔ عبدالعزیز گلی پاؤدیان زئی کے رہائشی نہ ہیں اور نہ ہی گلی پاؤدیان زئی پشین میں دستیاب ہوسکے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ مدعا علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ ساعت مورخہ 16/9/2026 کو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر جواب دعویٰ کریں بصورت دیگر بعد از تاریخ ساعت کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

آج بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا
[illegible] پشین

بعدالت نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آمدہ چٹھی نمبری ڈپٹی کمشنر صاحب No12Mins/2024-25/2378-80 محررہ 9/4/2026 و منسلک چٹھی نمبر No.DG(MM)PL-31(5922)841-43 محررہ 27/2/2026 آمدہ ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرل اٹک سریاب روڈ کوئٹہ درخواست گزار MS نصیب کول مائنز مسمیان محمد ایوب، محمد اکرام اکاسی کول 98728 ایکڑ الاٹ کرانا چاہتا ہے پتہ زد مغربی ضلع ہرنائی اگر کسی شخص یا پٹی دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر میعاد اندر پندرہ (15) یوم زیر دستخطی کو اپنا عذر اعتراض پیش کرے بصورت دیگر معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج

مورخہ 3/9/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
ADVT

بقیہ وزیراعلیٰ 1

میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کوئٹہ کو ایسا خوبصورت اور منظم شہر بنانے کے لیے پرعزم ہے جہاں شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات میسر ہوں اور صوبائی دارالحکومت اپنی تاریخی و ثقافتی شناخت کے ساتھ ایک جدید شہر کے طور پر بھی نمایاں ہو۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایس ایم بی آر کبیر خان دشتی، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ آئل تنصیبات 2

زخمی ہو گئے جبکہ کئی مقامات پر آگ لگ گئی۔ بعض آپریشنز عارضی طور پر روک دیئے گئے ہیں۔ یمن کے حوثی جنگجوؤں کی جانب سے سعودی عرب کے اقتصادی اور عسکری اہداف پر حوثی حملوں کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ گئی ہیں۔ سعودی وزارت توانائی کے مطابق حملوں کے بعد متعدد افراد زخمی ہوئے، جنہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ متعلقہ ادارے متاثرہ تنصیبات کو محفوظ بنانے، آگ پر قابو پانے اور نقصانات کا جائزہ لینے میں مصروف ہیں۔ سعودی حکام کے مطابق حملوں میں ابہا، خمیس مشیط، جازان اور نجران میں شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 73 افراد زخمی ہوئے، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ سعودی وزارت خارجہ نے حوثیوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کارروائی قرار دیا ہے۔ سعودی حکام نے مزید کہا کہ حملوں کے اثرات کا جائزہ لیا جارہا ہے اور تنصیبات اور عملے کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔ حالیہ حملوں نے سعودی عرب کی توانائی تنصیبات کے تحفظ اور خطے میں تیل کی سپلائی کے حوالے سے خدشات مزید بڑھا دیئے ہیں۔ جازان میں سعودی آرامکو کی تنصیبات کو بھی حالیہ دنوں میں حملوں کا سامنا رہا ہے، تاہم تازہ نقصانات کا مکمل تخمینہ ابھی سامنے نہیں آیا۔ سعودی اتحادی فورس کے مطابق سعودی عرب میں یمن کی حوثی جماعت انصاراللہ نے حملے کیے جس میں 73 افراد زخمی ہوئے جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ سعودی اتحادی فورس کا کہنا ہے کہ حوثیوں نے سعودی شہروں ابہا، خمیس مشیط، نجران اور جازان میں حملے کیے۔ ان حملوں کے دوران شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ سعودی اتحادی فورس کے مطابق سعودی عرب پر انصاراللہ کے حملوں کا سخت جواب دیا جائے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق حکومتی فورسز اور حوثیوں کے درمیان البیضا اور الجوف صوبوں میں لڑائی میں شدت آگئی ہے۔ دوسری جانب یمنی فورسز نے حوثیوں کیخلاف جوابی کارروائیوں کا اعلان کردیا ہے۔ یمنی نائب وزیر دفاع میجر جنرل سمیر الصبری کا کہنا ہے کہ حوثیوں سے صنعا کو دوبارہ حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دوسری جانب یمن میں ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغیوں کی مختلف محاذوں پر تازہ کارروائیوں کے بعد جھڑپوں میں شدت پر اقوام متحدہ نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ صورتحال وسیع جنگ کی شکل اختیار کرسکتی ہے۔ یمن کے لئے اقوام متحدہ کے خصوصی ایلچی ہانس گرنڈ برگ نے کہا ہے کہ شہریوں کی ہلاکتیں، زخمی ہونے، خاندانوں کی نقل مکانی اور شہری تنصیبات کو پہنچنے والا نقصان انتہائی تشویشناک ہے۔

بقیہ وزیراعظم شہباز شریف 3

میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ پاکستان خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور سعودی عرب کے برادر عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس نوعیت کے بزدلانہ اور مذموم حملے نہ صرف بے گناہ انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہیں بلکہ علاقائی امن و سلامتی کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ شہباز شریف نے سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ حوثیوں کا سعودی عرب پر حملہ پاکستان پر حملہ ہے۔ اسلام آباد کو وفاقی علاقہ رکھا جاسکتا ہے اور ممکن ہے مزید ایک دو وفاقی علاقے بھی بنائے جائیں جو براہ راست وفاق کے زیر انتظام ہو

بقیہ دہشتگرد ہلاک 4

ہوئے 3 خوارج کو ہلاک کردیا اور ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر حساس مواد برآمد کرلیا۔ دوسری کارروائی میں کھڈ کوچہ کے علاقے میں کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 3 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے ان کے قبضے سے مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، گولہ بارود قبضہ میں لیکر سرچ آپریشن شروع کردیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق فورسز کی یہ کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ مزید اضافہ 5

قیمت میں بھی 4 روپے 18 پیسے اضافہ کیا ہے، جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے 95 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اس حوالے سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں 9 ستمبر کے لیے ہیں۔

بقیہ وزیراعظم 6

۔وزیراعظم نے صنعتکاروں اور کاروباری شخصیات سے گفتگو میں مزید کہا کہ بجٹ سے پہلے بھی صنعتکاروں سے مشاورت کی گئی، مشکل حالات کے باوجود بنیادی اصلاحات کی گئیں۔ تاجر برادری کے وفد نے کہا کہ مشاورت کا عمل جاری رہنا چاہیے، معیشت کیلئے فائدہ مند ہوگا، مشاورتی عمل پر وزیراعظم کے مشکور ہیں۔

بقیہ سربراہ پاک بحریہ 7

عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع کے لیے پاک بحریہ کا عزم غیر متزلزل ہے، دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ کے سربراہ نے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا، سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے اس موقع پر کہا کہ دفاع وطن کے غیر متزلزل عزم کے ساتھ پاک بحریہ نے قربانی، مہارت، شجاعت کی روایت پروان چڑھائی۔ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ امیر البحر کا کہنا تھا کہ 8 ستمبر 1965 کو پاک بحریہ نے دوارکا میں دشمن کے ساحلی ریڈار تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا، معرکہ حق میں بھارتی بحریہ کو ہر ممکنہ جارحیت سے باز رکھا۔ ہنگورکلاس آبدوزوں کی پاک بحریہ میں شمولیت غیر معمولی جنگی صلاحیتوں کے ساتھ نئے عہد کا آغاز ہے۔ یوم دفاع کی تقریبات کا آغاز پاک بحریہ کی تمام مساجد میں ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا، مختلف فیلڈ کمانڈز اور ہیڈ کوارٹرز میں بھی شہداء کی یادگاروں پر پھول چڑھائے گئے اور قرآن خوانی کی گئی

بقیہ خارگ 8

مرتبہ نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی وزارت پیٹرولیم کی گزشتہ دو سالہ کارکردگی کے حوالے سے ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے محسن پاک نژاد نے کہا کہ وزارت نے حملوں اور دیگر مشکلات کے باوجود ملک کے تیل و گیس کے شعبے سے متعلق اہم منصوبوں پر کام جاری رکھا۔ ایرانی وزیر نے بتایا کہ تقریباً 23 سے 24 مربع کلومیٹر رقبے پر محیط خارگ جزیرہ، جو ایران کی تیل برآمدات کا اہم مرکز ہے، حملوں کے دوران بار بار نشانہ بنا۔ ان کے مطابق خارگ جزیرے پر 550 سے زائد حملوں کے باوجود ایرانی عملے نے بمباری کے دوران بھی کام جاری رکھا اور آئل ٹینکرز میں تیل بھرنے کا عمل مکمل عزم کے ساتھ جاری رکھا۔

بقیہ اسد قیصر 9

میں اسد قیصر نے کہا کہ نئے صوبوں سے متعلق فیصلے مشاورت سے کیے جائیں، سندھ کے عوام کے ساتھ ہیں، جو وہ چاہتے ہیں وہ فیصلہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے اختلافات ہیں لیکن کوشش ہے رابطے کی حد تک چیزوں کو بہتر کیا جائے۔ پی ٹی آئی رہنما نے دہشت گردی سے متعلق وزیراعلیٰ پنجاب کے بیان پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ مریم نواز کو اپنے الفاظ واپس لینے چاہئیں۔

بقیہ متنازع علاقہ 10

قرارداد کے حق میں بھارت سمیت 164 ممالک نے ووٹ دیا۔ اقوام متحدہ کے معیاری اٹلس ارتھ نقشے میں کشمیر کو متنازع خطے کے طور پر دکھایا گیا ہے، جبکہ لائن آف کنٹرول کو نقطہ دار لکیر سے واضح کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے عالمی نقشے میں کشمیر کی متنازع حیثیت کی نشاندہی بھارتی موقف کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دی جارہی ہے۔ بھارت طویل عرصے سے کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دیتا رہا ہے، جبکہ پاکستان کشمیر کو ایک متنازع مسئلہ قرار دیتا ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی فورم پر بھارت کی جانب سے قرارداد کے حق میں ووٹ دینے سے کشمیر کو بھارت کا اندرونی معاملہ قرار دینے کے نئی دہلی کے موقف پر سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ بھارت کے اندر بھی اس معاملے پر مخالفت کے بعد بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے وضاحتی بیان جاری کیا گیا، تاہم اس وضاحت سے معاملے پر اٹھنے والے سوالات ختم نہیں ہوسکے۔ پاکستانی موقف کے مطابق اگر بھارتی ووٹ صرف جغرافیائی کتاب سے متعلق تھا تو نئی دہلی نے نقشے میں کشمیر کو متنازع علاقہ دکھائے جانے پر اعتراض کیوں نہیں کیا۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ اقوام متحدہ کا منظور کردہ نقشہ ہی عالمی سطح پر قابل قبول ہے۔

بقیہ قیدی 11

عدالت سے ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ آرٹیکل 25 تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک کا پابند بناتا ہے، بانی پی ٹی آئی کو دستیاب طبی سہولتیں ہمیں بھی فراہم کی جائیں۔ سپریم کورٹ کا حکم اب بھی نافذ العمل ہے، سپریم کورٹ نے 18 اگست کو بانی پی ٹی آئی کو شفاء انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ ویزا کیٹگریز 12

داخلہ کی رپورٹ کے مطابق 24 ممالک ٹورسٹ اور 15 گرانٹ ویزا کی فہرست میں شامل ہیں جبکہ پاکستان نے 36 ممالک کے ساتھ معاہدے ختم کیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق معاہدہ ختم کرنے والوں میں ڈپلومیٹک پاسپورٹ کے 9 ممالک شامل ہیں، آفیشل پاسپورٹ کے 19 اور 8 قومی ممالک بھی ویزا ختم کرنے کے معاہدے میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق دہری شہریت دینے والے 16 ممالک کے نام بھی فہرست کا حصہ ہیں جبکہ دنیا کے 69 ممالک پاکستان کی بزنس ویزا فہرست میں شامل ہیں

بقیہ لارجر بنچ تشکیل 13

10 ستمبر تک جواب طلب کرلیا اور معاملے پر سماعت کے لیے لارجر بنچ تشکیل دے دیا۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر نے معاملے کو آئینی بحران سے تشبیہ دیتے ہوئے لارجر بنچ تشکیل دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے اٹارنی جنرل پاکستان سے معاونت طلب کرلی۔ عدالت نے چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز، آئی جیز کو ذاتی حیثیت میں عدالت طلب کرلیا۔ عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد، ڈی سی اسلام آباد اور آئی جی اسلام آباد کو بھی پیش ہونے کا حکم دے دیا جبکہ چاروں صوبوں اور اسلام آباد کے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد کو طلب کرلیا۔

بقیہ قائمہ کمیٹی داخلہ 14

اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ حمزہ شفقات اور ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال سمیت متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں "دی کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 (V آف 1898) بلوچستان ترمیمی بل، "2026 پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضابطہ فوجداری 1898 کی دفعہ 144 میں ترمیم کا مقصد شہریوں کی جان و مال اور آزادی کا تحفظ، عوامی امن و امان کو درپیش ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے واضح قانونی طریقہ کار وضع کرنا اور امن و امان میں ممکنہ خلل کو بروقت اور مؤثر حفاظتی اقدامات کے ذریعے روکنا ہے۔ مجوزہ ترمیم کے تحت ڈپٹی کمشنر، کمشنر اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری (داخلہ)، حکومت بلوچستان کو متعین اختیارات اور احکامات کے لیے مخصوص مدت کے ساتھ واضح قانونی اختیار فراہم کیا جائے گا، تاکہ ان اختیارات کے استعمال میں شفافیت، جوابدہی اور مؤثر نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ مجوزہ ترمیم کے ذریعے پرانی انتظامی اصطلاحات کو موجودہ انتظامی عہدوں اور حکام سے تبدیل کیا جائے گا، جبکہ صوبے کے حفاظتی و انتظامی قانونی نظام کو دیگر صوبوں میں رائج مؤثر طریقہ کار سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ کمیٹی نے بل کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا اور اس امر پر زور دیا کہ قانون میں ایسی ترامیم ضروری ہیں جو موجودہ حالات کے تقاضوں کے مطابق عوامی تحفظ، امن و امان اور مؤثر انتظامی حکمرانی کو یقینی بنانے میں معاون ثابت ہوں۔

بقیہ حملے کی وارننگ 15

مطابق اسرائیلی وزیراعظم نے اماراتی وارننگ کو سنجیدگی سے نہیں لیا تھا، اس کے 7 اکتوبر کے حملے سے 10 روز قبل اماراتی صدر محمد بن زاید نے نیتن یاہو کو خبردار کیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید نے نیتن یاہو کو یحییٰ سنوار کی بڑے حملے کی منصوبہ بندی سے آگاہ کیا۔

بقیہ فضل الرحمٰن 16

طاقت کی بنیاد پر مسلط ہونے کی سیاست نہیں چلے گی۔ لاہور میں وحدت روڈ کرکٹ گراؤنڈ میں ختم نبوت کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ملک کو سیاسی لحاظ سے کمزور کیا گیا، عوام میں تو ریاست ہے، ہم یونٹ بنانے کے خلاف نہیں ہیں، ہم صوبے بنانے کے خلاف نہیں ہیں لیکن وقت اور حالات کو بھی دیکھنا چاہیے۔ یکطرفہ کوئی فیصلہ مسلط نہ کرو، اس پر ڈبیٹ ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبوں میں معدنی ذخائر ہیں اور 18 ویں ترمیم کے تحت صوبے اس کے مالک ہیں، سیاسی جماعتوں کو اس میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پیپلز پارٹی بات تو کرتی ہے لیکن صرف سندھ کی حد تک، مسلم لیگ ن خاموش ہے اس کی حیثیت غلام سے زیادہ نہیں ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم دو قومی نظریے کی بنیاد پر ایک قوم نہیں بن سکے، یہاں لسانیت کی بنیاد پر فسادات کرائے گئے، ہم نے پاکستان کی اساس بیرونی قرضوں پر رکھی ہے، نوآبادیاتی نظام ختم ہو چکا لیکن بین الاقوامی ادارے آج ہمارے ملک کا فیصلہ کرتے ہیں، آج ہم ورلڈ بینک، آئی ایم ایف کے قرضوں کے محتاج بنا دیئے گئے، ہماری معیشت کی پالیسیاں وہ طے کریں تو یہ تو نوآبادیاتی نظام کی ہی ایک شکل ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ یہ عوام کا ملک ہے یہاں عوام نے رہنا ہے، ملک امن وامان سے طاقتور ہوتا ہے۔

بقیہ نواز شریف 17

حسن نواز اور حسین نواز بھی ان کے ہمراہ وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے داماد چوہدری راحیل منیر اور ڈاکٹر عدنان بھی لاہور پہنچے ہیں۔

بقیہ پی ایم ڈی سی 18

کردی گئی ہے جبکہ افغان شہریوں کو میڈیکل و ڈینٹل اداروں میں پلیسمنٹ، ٹرانسفر یا مائیگریشن کی اجازت بھی نہیں ہوگی۔ دوسری جانب پی ایم ڈی سی نے میڈیکل و ڈینٹل اداروں کو ہدایت کی ہے کہ افغان شہریوں کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم نہ کی جائے اور سابقہ ہدایات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اسی طرح جن اداروں نے تاحال تفصیلی رپورٹ جمع نہیں کرائی، انہیں 3 روز کے اندر مکمل تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ ٹرانسپورٹرز، ملاقات 19

کے دوران ٹرانسپورٹرز نے صوبے میں ٹرانسپورٹ کے شعبے کو درپیش مختلف مسائل اور مشکلات سے آئی جی ایف سی کو آگاہ کیا۔ میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے وفد کے سوالات اور تحفظات کو تفصیل سے سنا اور ان کے مختلف امور پر جامع جواب دیے۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے ٹرانسپورٹرز کو درپیش جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ متعلقہ اداروں کے ساتھ باہمی رابطے اور تعاون کے ذریعے مسائل کے مؤثر اور بروقت حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ وفد نے مسائل کو سننے اور ان کے حل کے لیے تعاون کی یقین دہانی پر آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ گورنر 20

نے کہا کہ کسی بھی وزارت میں نئی اصلاحات متعارف کرانا متعلقہ وزیر اور ان کی پوری ٹیم کی بصیرت، موجودہ حالات کا ادراک اور مستقبل قریب کی ضروریات سے آگاہی کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ انفارمیشن سسٹم کا نفاذ پورے نظام صحت کو مضبوط، منظم اور جدید بنیادیں فراہم کرنے کے مترادف ہے۔ گورنر نے کہا کہ نیوٹرا سینٹر کے قیام اور ضلعی سطح پر ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت، لیبر روم اور دیگر طبی سہولیات کی فعالیت کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مانیٹر کرنا ایک اہم پیش رفت ہے۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ زرین مگسی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ثقافت، سیاحت، مادری زبانوں، ادب و فن کے فروغ سمیت صوبے کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان اپنے قدیم تہذیبی ورثے، تاریخی مقامات، طویل ساحلی پٹی اور نایاب پرندوں و جانوروں کے باعث دنیا بھر کے سیاحوں کیلئے ایک پرکشش مقام رکھتا ہے۔ صوبے میں سیاحت اور ثقافت کو منظم انداز میں فروغ دیکر نہ صرف سرمایہ کاری کو راغب کیا جاسکتا ہے بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ خواجہ آصف 21

کوئی خطرہ نہیں، یہ کلیس اور رونے پی ٹی آئی کے ہیں، پی ٹی آئی میں ہر بندہ اپنا اپنا مفادات کی جنگ لڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں چند سیاسی لوگ ہیں باقی سب مار دھاڑ کرنے والے ہیں، یہ خود ہی ایک دوسرے کیلئے کافی ہیں، ہمیں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

بقیہ آئی ایم ایف 22

ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کے تحت پانچویں جائزے کے مذاکرات رواں ماہ شروع ہوں گے۔ آئی ایم ایف وفد کے ساتھ رواں ماہ مذاکرات کے دوران ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت پانچویں جائزے پر مذاکرات ہوں گے، جس میں اس حوالے سے بھی تبادلہ خیال ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسلام آباد کی حدود میں بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکٹھا کیا جائے گا جو اسلام آباد کی حدود میں ہی خرچ ہوسکے گا۔

بقیہ بلوچستان اسمبلی 23

گیا ہے کہ بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے موصولہ ہدایات کے مطابق اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کی رولنگ کے تحت اسمبلی کی کارروائی سے جن ریمارکس/الفاظ کو حذف (Expunged) قرار دیا گیا ہے، ان کی اشاعت، نشر، دوبارہ نشر، ری پروڈیوس، تشہیر یا سوشل میڈیا کے ذریعے گردش سے مکمل طور پر گریز کیا جائے۔ یہ امر واضح کیا جاتا ہے کہ اسپیکر کی رولنگ اسمبلی کی کارروائی کے حوالے سے قابل احترام اور لازم التعمیل حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ بلٹ پروف 24

گاڑیوں کی خریداری کے معاملے نے نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس میں غیر ملکی سربراہان مملکت کی آمد و رفت کے لیے تیس نئی بلٹ پروف گاڑیوں کی خریداری کی مد میں چھ ارب ساٹھ کروڑ روپے کی گرانٹ منظور کی گئی ہے۔

بقیہ فرانس، برطانیہ 25

، پولینڈ، ناروے، اسپین، نیوزی لینڈ بھی شامل ہیں، 12 ممالک کے مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ مقبوضہ مغربی کنارے کی صورتحال تیزی سے خراب ہورہی ہے، آبادکاروں کا تشدد اور بستیوں کی توسیع بے مثال سطح پر پہنچ چکی ہے، برطانیہ، فرانس اور کینیڈا نے ای ون منصوبے کو ناقابل قبول قرار دے دیا اور مشترکہ بیان میں کہا کہ اسرائیل فوری طور پر یہودی بستیوں کی توسیع روکے اور پرتشدد آبادکاروں کا احتساب یقینی بنائے، اسرائیلی فورسز پر عائد الزامات کی بھی تحقیقات کی جائیں۔ 12 ممالک کے مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کی ہر کارروائی کی سخت مخالفت کرتے ہیں۔

بقیہ بیرسٹر گوہر 26

اڈیالہ روڈ داہگل ناکہ پر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ملاقاتیں نہ ہونے پر تشویش ہے، اسی وجہ سے حالات اس نہج پر پہنچے، بانی کے ساتھ روا سلوک ملکی تاریخ میں کسی سیاسی قیدی سے نہیں رکھا گیا، ملاقاتیں ہوتیں تو پیغام آتے اور حالات بہتری کی جانب جاتے مگر عدلیہ نے بھی ہمیں ہمیشہ مایوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم سے پہلے کی عدلیہ انتخابات نہ کرواسکی، آج کی عدلیہ بھی ایک ملاقات تک نہ کرواسکی، ملاقاتوں کی درخواست پر عدالت کے حکم پر عمل نہیں کیا گیا، سپریم کورٹ میں ہماری درخواستیں زیر التواء ہیں، ہمیں دیوار کے ساتھ لگا کر پارٹی کو دیوار میں چن دیا گیا، 27 ستمبر کے احتجاج سے قبل کارکنان کی پکڑ دھکڑ شروع ہے، کیا عوام کے پاس اختیار نہیں کہ وہ پر امن احتجاج کے لیے سڑکوں پر آجائیں؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے واضح کیا کہ کسی کے ہاتھ کوئی اخلاقی قبیل نہیں ہوگی، عدلیہ ہمیں انصاف نہ دے، پارلیمنٹ بات نہ سنے تو ہم انصاف کے خاطر گلیاں جائیں، سڑکوں پر بھی جائیں گے، سیاسی تناؤ اور چپقلش سے عوام اکتا چکی ہے، ایک ایک قدم سب کو پیچھے ہٹنا پڑے گا تو حالات بہتر ہو سکتے ہیں، 27 ستمبر احتجاج کی کال اٹل ہے اس پر ہم نظر ثانی نہیں کر سکتے، عمران خان کو اسپتال منتقل کرنا اور ملاقات سے متعلق عدالت کے واضح احکامات ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ کے عوام نے وزیراعلیٰ کے پی کا شاندار استقبال کیا، سندھ حکومت نے راستے بند کیے جو مناسب نہیں تھا، بانی نے اسٹریٹ موومنٹ کی ذمہ داری سہیل آفریدی کو دی ہے۔

بقیہ موڈیز 27

دیا۔ گریس لم کے مطابق پاکستان کی معیشت 2022ء کے تیل بحران کے مقابلے میں زیادہ مضبوط ہے جبکہ آبنائے ہرمز کے بحران کا پاکستان پر ممکنہ اثر بھی 2022ء کے مقابلے میں کم ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے گزشتہ 2 سال کے دوران معاشی استحکام اور پائیداری حاصل کی ہے، کم مہنگائی اور مستحکم شرح تبادلہ پاکستان کی بڑی طاقت بن چکی ہے۔

بقیہ افتتاح کردیا 28

میں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان کی سربراہی میں پاک-ایران سرحد پر واقع چیدگی بارڈر مارکیٹ کا باضابطہ افتتاح کردیا گیا

بقیہ اپیلیں خارج 29

برقرار رکھتے ہوئے ملازمین کے حق میں فیصلہ دیا۔ دوران سماعت ایف بی آر کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سرکاری ملازمین کو ایگزیکٹو الاؤنس دیا جاتا ہے۔

بقیہ پی اے سی 30

قادر مندوخیل، محمد خان لہڑی، صفیہ فضل، رحمت صالح بلوچ، ولی محمد نورزئی، طاہر شاہ کاکڑ سیکرٹری بلوچستان اسمبلی، شجاع علی ڈی جی آڈٹ، شعیب بلوچ ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ صحت، سراج لہڑی ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی، سعید اقبال ایڈیشنل سیکرٹری قانون، ڈاکٹر ہادی ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ، ڈاکٹر امین ڈی جی ہیلتھ بلوچستان و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہسپتال کے اسپیشل آڈٹ سال 2022-23 کے پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین اور اراکین کمیٹی نے محکمہ صحت کی جانب سے مطلوبہ ریکارڈ بروقت فراہم نہ کرنے اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی سابقہ ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے محکمہ صحت صرف اپنا موقف کمیٹی کے سامنے بیان کر رہا ہے، ریکارڈ یا [illegible] پر کوئی عملدرآمد نہیں کر رہا، اسمبلی اور پی اے سی کو کوئی اہمیت نہیں دے رہا، جبکہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کے باوجود آڈٹ پیراز پر کوئی خاطر خواہ پیش رفت نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو آئینی و قانونی طور پر جو اختیارات حاصل ہیں، ان کا مقصد سرکاری وسائل کے استعمال میں شفافیت، جوابدہی اور مالی نظم و ضبط کو یقینی بنانا ہے، تاہم محکمے کی جانب سے کمیٹی کو سنجیدگی سے نہ لینے کا تاثر پیدا ہو رہا ہے۔ خصوصی آڈٹ کے دوران یہ بات بھی عیاں ہوئی کہ سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کی انتظامیہ کی جانب سے 30.016 ملین روپے مالیت کی ادویات کی خریداری میں اہم بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی۔ آڈٹ کے مطابق سپلائی آرڈرز ایک فرم M/s FDL, Peshawar کے نام جاری کیا گیا، جبکہ ادائیگی M/s Health Tech Quetta کو کی گئی۔ آڈٹ نے سپلائی آرڈرز اور بلوں میں اس نمایاں فرق سمیت اسٹاک رجسٹر میں اندراجات کے فقدان، ڈیلیوری چالان اور انسپکشن رپورٹس کی عدم دستیابی پر بھی اعتراض اٹھایا۔

بقیہ لاش برآمد 31

افسر شوکت علی کے مطابق فائرنگ سے ہلاک دہشتگرد جان اکبر عرف جانو ملنگ کا کالعدم ٹی ٹی پی سے تعلق تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشتگرد ڈی پی او ہنگو خالد خان پر حملے سمیت پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھا۔

بقیہ سلمان رعید 32

رعید نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لے۔

بقیہ عمران خان، بشریٰ بی بی 33

کے کانفرنس روم میں کروائی گئی جو 35 منٹ تک جاری رہی۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات میں صحت سمیت قانونی امور سے متعلق گفتگو کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ سابق وزیراعظم اور ان کی اہلیہ کی ملاقات ختم ہونے پر دونوں میاں بیوی کو واپس ان کے سیل منتقل کردیا گیا۔

بقیہ اپوزیشن 34

ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کے گھر فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، طے ہوا تھا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں مل کر اپوزیشن کا کردار ادا کرنا ہے متحدہ اپوزیشن کے باہمی تعلق کو بڑھانے پر بات چیت ہوئی، امید ہے سینیٹ میں طاقتور کردار ادا کریں گے۔ جے یو آئی (ف) کے پارلیمانی لیڈر مولانا عطاء الرحمٰن نے کہا کہ مشترکہ اجلاس میں تمام امور پر بات چیت کی گئی تھی، پارلیمنٹ کی حد تک ایک دوسرے کو سپورٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا، پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن ایک نظر آئے گی، آئندہ چند دنوں میں متحدہ اپوزیشن کا اجلاس بلا کر مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ ٹرمپ کا دعویٰ 35

فی گیلن تک پہنچ جائے گی اور بعد ازاں 2 ڈالر فی گیلن سے بھی کم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیمتوں میں یہ کمی تیزی سے آئے گی۔ ٹرمپ نے ایک بار پھر اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ایران کو کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیا جائے گا۔ دوسری جانب مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور عالمی سطح پر تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ دوسری جانب امریکی محکمہ خزانہ نے منگل کے روز ایران کی 27 فضائی کمپنیوں اور چند دیگر اداروں پر پابندیاں عائد کردی ہیں۔

بقیہ توانائی بحران 36

سے کم پڑ رہی ہے، جس کے نتیجے میں پنجاب میں رات گئے شدید لوڈشیڈنگ ہورہی ہے۔ اگر جنگ جاری رہتی ہے اور آبنائے ہرمز بند رہتی ہے تو آنے والے موسم سرما میں یہ مسئلہ مزید سنگین ہوسکتا ہے۔

بقیہ اعلان 37

اسرائیل کے وزیر خارجہ گیڈیون ساعر نے کہا کہ اسرائیل یروشلم میں برطانیہ کا قونصل خانہ بند کر دے گا۔ برطانوی حکومت کے مطابق یروشلم میں برطانیہ کا قونصل جنرل یروشلم، مغربی کنارے اور غزہ میں برطانوی حکومت کی نمائندگی کرتا ہے

بقیہ خاتون زخمی 38

طور پر اپنی بیوی پر تیزاب پھینک دیا جس کے بعد خاتون شدید زخمی ہوئی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ متاثرہ خاتون کے بھائی کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے اور واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ افغان تنازع 39

بھی بات چیت ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی سفیر کابل میں طالبان حکومت کی جانب سے اہم پیغامات لے کر اسلام آباد پہنچے ہیں۔ ان پیغامات کا تعلق پاکستان کے تحفظات، بالخصوص پاک افغان سرحد پر سکیورٹی کی صورت حال سے ہے۔ واضح رہے کہ رواں ماہ کے آغاز میں بھی افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمن نظامانی نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے وزارت خارجہ میں ملاقات کی تھی جس میں افغانستان سے متعلق اہم امور اور پاک افغان سرحدی سلامتی کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے علاقائی پیش رفت اور سکیورٹی معاملات کی نگرانی کی اہمیت پر زور دیا تھا۔

بقیہ میر علی حسن زہری 40

اور اسے کسی صورت پیپلز پارٹی بلوچستان کا موقف قرار نہیں دیا جاسکتا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی کی جانب سے اسمبلی کے فلور پر دیا گیا مذکورہ بیان ان کی ذاتی رائے اور ذاتی حیثیت میں دیا گیا بیان ہے، جس سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ چند روز قبل بھی ذاتی حیثیت میں اس بیان پر افسوس اور مذمت کا اظہار کرچکے ہیں، تاہم اب پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان کی حیثیت سے یہ واضح کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ پارٹی اس بیان کی نہ حمایت کرتی ہے اور نہ اسے اپنا سیاسی موقف تسلیم کرتی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک جمہوری، وفاقی اور آئین پسند سیاسی جماعت ہے جو ہمیشہ پارلیمان، آئین، جمہوری اقدار اور ریاستی اداروں کے احترام کی سیاست پر یقین رکھتی ہے پارٹی قیادت کی جانب سے کسی بھی موقع پر ایسی کوئی ہدایت یا پالیسی جاری نہیں کی گئی کہ ریاستی اداروں، حکومتی فورمز یا ملک کے کسی ذمہ دار ادارے کے خلاف اس نوعیت کا موقف اختیار کیا جائے۔ اس لیے کسی فرد کی ذاتی رائے کو پوری جماعت کے کھاتے میں ڈالنا درست نہیں ہوگا میر علی حسن زہری نے کہا کہ بلوچستان آج امن، ترقی، معاشی استحکام، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات سمیت متعدد اہم چیلنجز سے دوچار ہے۔ میر علی حسن زہری نے آخر میں کہا کہ ان کا یہ موقف کسی ذاتی اختلاف یا گروہی مفادات کی بنیاد پر نہیں بلکہ پاکستان پیپلز پارٹی کی پالیسی، جمہوری اقدار، آئینی ذمہ داری اور بلوچستان کے وسیع تر مفاد کے تحت ہے۔

بقیہ شاہد رند 41

الرحمان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے شاہد رند نے سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر بھی دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے فوٹو جرنلزم کے شعبے میں اپنی پیشہ ورانہ خدمات کے ذریعے صحافت کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی وفات سے صحافتی برادری ایک باصلاحیت اور محنتی ساتھی سے محروم ہوگئی ہے انہوں نے موسیٰ فرمان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان اور وہ ذاتی طور پر مرحوم کے خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے لواحقین کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ حکم نامہ نافذ 42

اور ڈولفن فورس کے اہلکار ڈیوٹی انجام دیں گے۔ پولیس ذرائع کے مطابق داہگل سے گورکھپور تک پیٹرول پمپ، ہوٹل اور دکانیں بند کرائی جائیں گی اور اڈیالہ جیل کے اطراف غیر ضروری نقل و حرکت پر بھی کڑی نظر رکھی جائے گی۔ سکیورٹی انتظامات کی نگرانی ایس پی صدر اور ڈی ایس پی صدر کریں گے۔

بقیہ عبدالمالک بلوچ 43

کے نمائندے کوئی اور ہیں جبکہ نمائندے لائے کوئی اور جاتے ہیں، جس سے سیاسی عمل اور سیاسی اسپیس مزید محدود ہورہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ مکران کے عوام کے آمدن کے بنیادی ذرائع زراعت، بارڈر ٹریڈ اور گلف ایریا سے وابستہ روزگار رہے ہیں زمینداری پہلے ہی شدید متاثر ہوچکی ہے جبکہ بارڈر ٹریڈ کو بھی مختلف ناموں اور جواز کے تحت بند کیا جارہا ہے۔ اس صورتحال نے کاروباری طبقے سمیت ہزاروں خاندانوں کو معاشی مشکلات سے دوچار کردیا ہے اور لوگ نان شبینہ کے محتاج ہورہے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ پر ٹیکسز اور دیگر پابندیوں میں غیر معمولی اضافہ کیا گیا ہے، جس سے عام اشیاء کی قیمتیں کئی گنا بڑھنے کا خدشہ ہے

بقیہ میر جمال خان رئیسانی 44

رکھنے والے معززین، کارکنان اور نوجوانوں کے وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات کے دوران حلقہ این اے 264 سریاب کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور بالخصوص نوجوانوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نوجوانوں نے اپنے مسائل، تجاویز اور مستقبل کے حوالے سے اپنی توقعات سے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کو آگاہ کیا۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے وفود اور نوجوانوں کی گفتگو سننے کے بعد کہا کہ نوجوان ہمارا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں، ان کی تعلیم، روزگار، ہنر اور بہتر مستقبل کیلئے ہر ممکن اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ عوامی رابطے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور حلقے کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ ملاقات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان اور حلقے کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ عبدالرحمان رفیق 45

نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ حکومت کی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے۔ مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار عوام پر پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کا ایک اور بوجھ ڈال کر حکمرانوں نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب حکومت بڑی چالاکی سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کرکے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہی ہے دوسری جانب حکومتی سطح پر عوام کو ریلیف دینے کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے ہیں۔

بقیہ منشیات فروشوں 46

ہدایت پر ایس ایچ او انڈسٹریل پولیس خیر محمد نے کارروائی کرتے ہوئے احمد خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے غیر قانونی پسٹل بمعہ راؤنڈ جبکہ دوسری کارروائی میں مفرور ملزم کلیم اللہ کو گرفتار کرلیا سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے نصیب اللہ کے قبضے سے 2 کلو 200 گرام چرس برآمد کرکے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ تھانہ شہید میر محمد دستی کے عملے نے احمد جان کے قبضے سے غیر قانونی پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرکے قبضے میں لے لیا۔ تھانہ ڈی ایس پی شہید نعیم کاکڑ کے عملے نے محمد عامر کے قبضے سے غیر قانونی پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرکے قبضے میں لے لی جبکہ ہزارہ ٹاؤن پولیس نے مفرور ملزم داؤد کو گرفتار کرلیا جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا اور متعدد گاڑیوں سے کالے شیشے اتار کر بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلیں بند کرکے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ انجمن تاجران 47

نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قمرالدین کاریز پاکستان، افغانستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے درمیان تجارت کیلئے انتہائی اہم جغرافیائی اور تجارتی حیثیت رکھتا ہے اس گیٹ وے کو فعال بنانے سے پاکستان کو وسطی ایشیائی منڈیوں تک رسائی کیلئے ایک اہم متبادل تجارتی راستہ میسر آسکتا ہے، جبکہ بلوچستان بالخصوص ژوب میں تجارت، سرمایہ کاری، روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ قمرالدین کاریز کو تجارتی گیٹ وے بنانے کا اعلان 3 اپریل 2005 کو ژوب میں اس وقت کے صدر جنرل پرویز مشرف نے کیا تھا، جس کا بنیادی مقصد افغانستان کے ذریعے وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ پاکستان کے تجارتی اور اقتصادی روابط کو فروغ دینا تھا افسوسناک امر ہے کہ دو دہائیاں گزرنے کے باوجود یہ اہم منصوبہ اپنی اصل تجارتی صلاحیت کے مطابق مکمل طور پر فعال نہیں ہوسکا۔

بقیہ بلال احمد خان مندوخیل 48

میں صرف 49 فیصد ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بالخصوص بلوچستان میں تعلیمی محرومی کے خاتمے کے لئے معمول کے اقدامات کافی نہیں بلکہ جامع، موثر اور نتیجہ خیز تعلیمی پالیسی ناگزیر ہے انہوں نے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ خواندگی صرف پڑھنے لکھنے کی صلاحیت کا نام نہیں بلکہ یہ انسان کو اپنے حقوق و فرائض سے آگاہ، معاشی طور پر خودمختار اور معاشرے کا فعال شہری بنانے کا بنیادی ذریعہ ہے۔ کوئی بھی قوم اس وقت تک حقیقی ترقی حاصل نہیں کرسکتی جب تک اس کے ہر بچے، نوجوان اور بالغ فرد کو تعلیم کے مساوی مواقع میسر نہ ہوں۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان میں مردوں اور خواتین کی شرح خواندگی میں نمایاں فرق اب بھی ایک بڑا چیلنج ہے۔ خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیے بغیر معاشرے کی مجموعی ترقی ممکن نہیں۔

بقیہ محمد رمضان مینگل 49

عربی ﷺ کی ذات اقدس پر قربانی۔ آنحضرت ﷺ پر نبوت ختم ہوگئی، آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، آپ ﷺ کے بعد کسی اور کو نبی نہیں بنایا جائے گا، ختم نبوت کا عقیدہ ان اجماعی عقائد میں سے ہے، جو اسلام کے بنیادی اصول اور ضروریات دین میں شمار کئے گئے ہیں، اور عہد نبوت سے لے کر اس وقت تک ہر مسلمان اس پر ایمان رکھتا آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ بلا کسی تاویل و تخصیص کے خاتم النبیین ہیں۔

بقیہ قاری مہراللہ 50

قوم کا خون نچوڑ رہے ہیں عوام کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کردیا گیا حکمران بلا جواز عوام پر پیٹرول اور ڈیزل پر 117 لیوی کا بوجھ ڈال رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حکمران طبقے کو تعیش زندگی گزارنے کی فکر ہے لیکن غریب عوام کی فکر نہیں مسلسل استحصالی پالیسیوں کی تسلسل سے قوم کا خون نچوڑا جارہا ہے معاشی استحصال اور ظالمانہ فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج ہیں جس کے باعث ملک کے مستقبل، بحران کی کیفیت سے دوچار ہے۔

بقیہ ٹرانسپورٹ کرائے 51

پر مقررہ مدت میں پیش رفت نہ ہوئی تو گڈز ٹرانسپورٹرز دوبارہ ملک گیر ہڑتال کریں گے۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ ہم 5 فیصد گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھانے کا اعلان کرتے ہیں۔ پچھلے 17 روز میں ڈیزل کی قیمت میں 19 روپے فی لیٹر اور پیٹرول کی قیمت میں 20 روپے 36 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا، حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیلی کا فیصلہ ناقابل قبول ہے، اسے فوری واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 8 اگست سے 17 اگست تک ہونے والی ملک گیر ہڑتال کے دوران وزیر پیٹرولیم نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی یقین دہانیوں پر ہم نے ملک گیر ہڑتال 40 دن کے لیے مؤخر کی تھی۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ ہمارے چند مطالبات تسلیم کیے گئے ہیں اور ان پر عمل درآمد بھی جاری ہے، تاہم بیشتر مطالبات تاحال التوا کا شکار ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے 40 دن کا وقت مانگا تھا، مقررہ مدت میں ہمارے مطالبات پر مؤثر پیش رفت نہ ہوئی تو دوبارہ ملک گیر ہڑتال کا راستہ اختیار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گڈز ٹرانسپورٹرز کو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے تاحال کوئی مؤثر ریلیف فراہم نہیں کیا جارہا، دسمبر اور اگست کی ملک گیر ہڑتالوں کے دوران وفاقی و صوبائی حکومتوں نے گڈز ٹرانسپورٹرز سے جو وعدے کیے تھے، ان پر بھی فوری اور مکمل عمل درآمد کیا جائے۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کا کہنا تھا کہ حکومت کو واضح کرنا چاہتے ہیں کہ گڈز ٹرانسپورٹرز مزید معاشی بوجھ برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں۔

بقیہ بخت محمد کاکڑ 52

کا شکار ہیں ہماری کوشش ہے کہ یہ محرومیاں ختم ہوں اور صوبے کے ہر شہری کو صحت کی بہتر سہولیات اس کی دہلیز پر میسر آئیں بخت محمد کاکڑ نے واضح کیا کہ صوبے کے بڑے ہسپتالوں کے ساتھ ساتھ دیہی مراکز صحت کو بھی جدید سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کمی پوری کرنے کے لئے بھرتیوں کا عمل شروع کردیا گیا ہے جبکہ ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے شفاف نظام وضع کیا جارہا ہے وزیر صحت نے کہا کہ صوبے میں ہیلتھ انشورنس پروگرام کے دائرہ کار کو مزید بڑھایا جائے گا تاکہ غریب اور مستحق خاندان مفت علاج کی سہولت سے استفادہ کرسکیں ان کا کہنا تھا کہ زچہ و بچہ کی صحت، ویکسینیشن مہم اور ایمرجنسی سروسز میں بہتری کے لیے خصوصی اقدامات کئے جا رہے ہیں بخت محمد کاکڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت میں اصلاحات لا کر کرپشن اور بدعنوانی کے تمام راستے بند کئے جائیں گے انہوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد کی بحالی ہی اصل کامیابی ہے اور اس مقصد کیلئے عملی اقدامات جلد عوام کے سامنے ہوں گے۔

بقیہ سینئر صحافی انتقال 53

زائد عرصے تک اخباری صنعت میں خدمات انجام دیں۔ وہ روزنامہ جنگ کوئٹہ سے طویل عرصہ وابستہ رہے اور ادارے میں مختلف اہم ذمہ داریاں نبھائیں۔ اس کے علاوہ وہ کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی سرگرمیوں میں بھی بھرپور کردار ادا کرتے رہے اور صحافتی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے ہمیشہ متحرک رہے۔ دوسری جانب، سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان طویل علالت کے بعد گزشتہ روز کوئٹہ میں انتقال کرگئے، ان کی تدفین گورا قبرستان میں کردی گئی۔ وہ ہارون فرمان، شمون فرمان کے بھائی، نزین موسیٰ، جبرک موسیٰ اور زکریا موسیٰ کے والد تھے، وہ 10 جنوری 1967 کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کوئٹہ سے حاصل کی، میٹرک سینٹ مائیکل ہائی اسکول کوئٹہ اور ایف اے ڈگری کالج کیا، جہاں وہ نوابزادہ جلال مگسی کے کلاس فیلو اور بعد ازاں ان کے سیکرٹری بھی رہے۔ انہوں نے 1985 میں صحافت کا آغاز کیا اور ملکی و عالمی صحافتی اداروں میں خدمات انجام دیں انہوں نے کچھ عرصہ لاہور میں بھی فرائض انجام دیے، وہ گزشتہ دو سال سے گردوں کے عارضے کا شکار تھے۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی خلیل الرحمٰن کی وفات پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ مرحوم خلیل الرحمٰن ایک منجھے ہوئے، باوقار اور تجربہ کار صحافی تھے جنہوں نے بلوچستان میں صحافت کے فروغ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ مرحوم کی صحافتی خدمات اور عوامی کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔

بقیہ میر سلیم کھوسہ 54

مسلم لیگ ن واحد سیاسی اور جمہوری جماعت ہے جس نے ہمیشہ ملک اور قوم کی ترقی کیلئے کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی کریگی موجودہ حکومت نے سیکورٹی فورسز اور خاص کر افواج پاکستان کے ساتھ مل کر دہشتگردی کے خلاف جو مہم شروع کر دیا ہے وہ کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے اور آنے والے وقت میں دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کرینگے بلوچستان میں ایک بار پھر کچھ عناصر حالات خراب کرنے کیلئے سازشوں میں ملوث ہے لیکن ان کی یہ سازش نہ ماضی میں کامیاب ہوئی ہے اور نہ ہی آئندہ کامیاب ہونے دینگے انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ملکر صوبے کی تعمیر و ترقی امن و امان کی بحالی اور ملک دشمن عناصر کے خلاف اپنا کردار ادا کریں گے موجودہ حکومت نے ترقی کے حوالے سے جو بڑی اسکیمات مختص کیے گئے ہیں ان کی تکمیل ہونے سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا ہمارے ہاں سب سے زیادہ اہم مسئلہ بے روزگاری ہے روزگار دینے کیلئے حکومت سنجیدگی کے ساتھ ایک ایسی پالیسی بنائیں گے جو عوام اور خاص کر نوجوانوں کو روزگار میسر ہو سکے۔

بقیہ جمال شاہ کاکڑ 55

کیلئے اجتماعی کوششیں تیز کی جائیں۔ خواندہ اور تعلیم یافتہ قوم ہی جدید دور کے تقاضوں کا مقابلہ کرتے ہوئے معاشی، سماجی اور سیاسی میدان میں ترقی کر سکتی ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور شرح خواندگی میں اضافے کے لیے خصوصی اقدامات کی ضرورت ہے۔ دور دراز علاقوں کے بچوں، بالخصوص بچیوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور انسانی وسائل کی ترقی کو خصوصی اہمیت دیتی ہے۔ جدید تعلیم کے ساتھ فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع میں اضافہ کرکے نوجوانوں کو باعزت روزگار اور ملکی معیشت میں موثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے والدین، اساتذہ، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور سول سوسائٹی پر زور دیا کہ وہ بچوں کو اسکولوں تک پہنچانے اور معاشرے میں تعلیم کی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ ہمیں ایسا بلوچستان اور پاکستان بنانا ہے جہاں کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ ہو اور ہر نوجوان کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کے یکساں مواقع میسر ہوں۔ خواندگی میں اضافہ ہی پائیدار ترقی، غربت کے خاتمے اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

بقیہ اصغر خان اچکزئی 56

شائستہ، ملنسار، شفیق اور شریف النفس انسان تھے انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی صحافت کیلئے وقف کئے رکھی اور اپنے طویل صحافتی سفر کے دوران غیر جانبدار، ذمہ دار اور معیاری صحافت کے فروغ میں قابل ذکر کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ حاجی خلیل الرحمان کی صحافتی خدمات محض ایک پیشہ ورانہ ذمہ داری تک محدود نہیں تھیں بلکہ انہوں نے صحافت کے اعلیٰ اقدار، اصول پسندی اور سچائی کے ساتھ وابستگی کو ہمیشہ مقدم رکھا ان کی وفات سے بلوچستان کی صحافتی برادری ایک تجربہ کار اور معتبر ساتھی سے محروم ہوگئی ہے، جس کا خلاء طویل عرصے تک محسوس کیا جائے گا اے این پی کے رہنماؤں نے مرحوم کے اہل خانہ، روزنامہ جنگ کی انتظامیہ و کارکنان اور صحافتی برادری سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حاجی خلیل الرحمان مرحوم کی مغفرت فرمائے انہیں اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا، درجات بلند اور سوگوار خاندان کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ پشتونخوامیپ 57

تقریباً 59 روپے 27 پیسے کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ پیٹرول صرف گاڑی کا ایندھن نہیں بلکہ معیشت کی شہ رگ ہے اس کی قیمت میں اضافہ براہ راست ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیاء خوردونوش، سبزی، پھل، دودھ، ادویات، تعمیراتی سامان اور روزمرہ استعمال کی ہر چیز کو مہنگا کرتا ہے۔ اس اضافے کا سب سے زیادہ بوجھ اس مزدور، کسان، دیہاڑی دار، سرکاری و نجی ملازم، چھوٹے تاجر اور سفید پوش خاندان پر پڑتا ہے جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور کم آمدنی کے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے۔ حکومت عالمی منڈی کا حوالہ دے کر عوام کے پیٹ کی آگ نہیں بجھائی جاسکتی۔ جون کے آخر میں عالمی قیمتوں میں کمی کے باوجود حکومت نے پیٹرول کی قیمت برقرار رکھتے ہوئے پیٹرولیم لیوی میں اضافہ کیا تھا جس سے عوام کو ممکنہ ریلیف منتقل نہیں ہوا۔

بقیہ عبدالقادر لونی 58

نے کہا کہ عالم اسلام کے تمام ممالک استعماری قوتوں کی سازشوں کا شکار ہیں عالم اسلام اور خصوصاً سعودی عرب کے خلاف سازشیں بدستور جاری ہیں مسلم ممالک کے خلاف محاذ آرائی اور بغاوت کی تحریکیں بھڑکانا عالمی ایجنڈے کا حصہ ہے انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کے حکمران استعماری قوتوں کی سازشوں کو بے نقاب کرنے کے لئے متحد ہو جائیں عالم اسلام کا بقاء، امن و سلامتی متحد ہونے میں مضمر ہے جب تک عالم اسلام متحد ہونے کا مظاہرہ نہیں کرے گی، بدامنی اور استحصال کے ان چیلنجز سے چھٹکارا حاصل کرنا ممکن نہیں۔ عالم اسلام کو اس وقت اندرونی و بیرونی بدامنی، خانہ جنگی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔

بقیہ محمد عبدالقادر 59

68 ارب روپے انرجی چارجز اور 15 کھرب 65 ارب روپے کیپسٹی چارجز کی مد میں ادا کئے گئے یہ صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ توانائی کے موجودہ نظام اور آئی پی پیز کے معاہدوں کا فوری اور جامع جائزہ لیا جائے سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ان ادائیگیوں کا بوجھ بالآخر عام بجلی صارف کو برداشت کرنا پڑتا ہے صارف ایسی بجلی کی پیداواری صلاحیت کی بھی ادائیگی کرتا ہے جو بروقت استعمال نہیں ہوتی، جبکہ مہنگی بجلی صنعتی پیداوار، برآمدات اور ملکی معیشت کی مسابقت کو متاثر کررہی ہے

بقیہ میر ظفراللہ زہری 60

حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو کی اور محکمہ آبپاشی کی مجموعی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لئے مختلف تجاویز پر غور کیا اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت اور معیشت کی ترقی کے لئے آبپاشی کے نظام کی بہتری انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

بقیہ ایرانی صدر 61

جاری رکھے گا اور ایرانی عوام کے حقوق کا محافظ رہے گا۔ پزشکیان نے اپنے بیان میں اس بات پر زور دیا کہ ایران جنگ کا خواہاں نہیں، تاہم کسی بھی جارحیت کے مقابلے میں اپنے دفاع اور قومی مفادات کے تحفظ سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ ایران اپنی قوم کے حقوق کا محافظ بنا رہے گا۔ علاوہ ازیں ایرانی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکا کو نئے ایرانی میزائلوں کے ذریعے واضح پیغام مل گیا ہے۔ محسن رضائی کا کہنا ہے کہ ایران کے خلاف جاری معاشی جنگ کا جواب خلیج فارس میں غیر ملکی آمد ورفت کے لیے ممنوع زون قائم کرکے دیا جائے گا۔

بقیہ محمد خان لہڑی 62

وقت دیں' یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سیاسی حوالے کے ساتھ قبائلی حوالے سے بھی اپنی ایک پہچان رکھتا ہے جو ہم نے اس کو فالو کرنا ہے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو عوام کے خادم سمجھتے ہیں تو پھر بادشاہ نہیں خادم بن کر عوام کے مسائل کے حل کیلئے آگے بڑھنا ضروری ہے میں عوام کو اپنا سرچشمہ تسلیم کرکے ہمیشہ ان کے ساتھ رہا ہوں اور ان کے مسائل کے حل میں بھرپور حصہ لیکر حل کرنے کی کوشش بھی کی ہے کیونکہ جب تک عوام ہمارے ساتھ نہیں ہونگے ہم ایوان تک نہیں پہنچ سکتے ہیں عوام ہماری طاقت اور آنکھیں ہیں جنہوں نے ہمیں ایوان تک پہنچایا اس صورت میں ہم نے جتنے بھی مسائل حل کیلئے توجہ دینا ناگزیر ہے۔

بقیہ مختار خان یوسفزئی 63

خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کے بیانات تاریخی حقائق کو مسخ کرنے اور دہشت گردی کے خلاف سب سے زیادہ قربانیاں دینے والے پشتون عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہیں۔ مختار خان یوسفزئی نے کہا کہ دہشت گردی کو محض صوبائی سرحدوں سے جوڑ کر خیبر پشتونخوا یا بلوچستان کو پنجاب کے لیے خطرے کا منبع قرار دینا تاریخ، زمینی حقائق اور گزشتہ کئی دہائیوں کی ریاستی پالیسیوں کو نظرانداز کرنے کے برابر ہے پشتونخوا دہشت گردی کا مرکز نہیں بلکہ اس کا سب سے زیادہ متاثرہ خطہ ہے، جہاں نام نہاد افغان جہاد، مسلح گروہوں کی سرپرستی اور جنگ و دہشت گردی کی پالیسیوں کے نتیجے میں پشتون عوام نے ہزاروں جانوں، گھروں، کاروبار اور امن کی قربانیاں دی ہیں۔

بقیہ لیاقت بلوچ 64

کہ رات کی تاریکی میں ایک بار پھر شب خون مارا گیا، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کردیا گیا، حکمران بے حس ہی نہیں بلکہ انہوں نے غیرت و حمیت کا جنازہ نکال دیا ہے، حکومت عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنی غیر ضروری اخراجات اور عیاشیوں میں کمی کرے، جماعت اسلامی کی جانب سے پیش کردہ تجاویز پر عمل درآمد سے اربوں روپے کی بچت ممکن ہے۔ چیئرنگ کراس مال روڈ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اپنی جگہ، لیکن پاکستان میں اصل مسئلہ بھاری لیوی ہے۔

بقیہ علیمہ خان 65

کوئی کارروائی نہیں ہورہی، میرے کیس کا فیصلہ کریں، سزا دیں یا کیس ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ماہ سے پراسیکیوشن میرے کیس سے بھاگ رہی ہے، لاہور ہائیکورٹ کے جج نے استعفیٰ دیا اور کہا واٹس ایپ پیغامات پر فیصلے نہیں کرسکتا جو جج آئین و قانون کے مطابق چلتا ہے اسے دھمکیاں دینے لگتے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ حکمرانوں نے ملک کو لوٹ مار کی چراگاہ بنا رکھا ہے

بقیہ مولانا عبدالواسع 66

ہے، صوبے کے در و دیوار اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ جمعیت علماء اسلام نے اپنے محدود دور حکومت اور محدود وسائل کے باوجود عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر شعبوں میں بے شمار خدمات سرانجام دی ہیں اور یہی عملی خدمت آج بھی عوام کے دلوں میں جمعیت کیلئے اعتماد اور محبت کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان کے طول و عرض میں عوام جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کیلئے بے چین ہیں اور مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر لوگ جوق در جوق جمعیت کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں، حالات میں بہتری آنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ جمعیت علماء اسلام کے پاس عوام کا ایک ایسا جم غفیر روزانہ شامل ہوتا جائے گا

بقیہ فیصلہ محفوظ 67

، وکیل درخواست گزار اظہر صدیق اور ڈپٹی اٹارنی جنرل میاں فیصل عرفان عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل نے موقف اپنایا کہ پارلیمان کی جانب سے ریمانڈ کی مدت 14 دن مقرر کیے جانے کے باوجود صدارتی آرڈیننس کے ذریعے اسے 40 دن تک بڑھانا آئینی اختیار سے تجاوز ہے، اس آرڈیننس کا مقصد صرف بانی پی ٹی آئی کو طویل عرصے تک حراست میں رکھنے کے لیے ریمانڈ کی مدت میں اضافہ کرنا تھا۔ وکیل نے کہا کہ یہ عمل پارلیمانی قانون سازی کو نظر انداز کرنے کے مترادف بھی تھا۔

بقیہ مصطفیٰ کمال 68

کہ "احتیاط علاج سے بہتر ہے" کا اصول ہماری صحت پالیسی کا بنیادی محور ہے کیونکہ صحت مند شہری ہی ایک فعال اور صحت مند معاشرہ تشکیل دیتے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے تشویشناک اعداد و شمار شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ اس وقت ملک کے ساڑھے 4 کروڑ سے زائد افراد ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہیں، جس پر فوری اور ہنگامی کنٹرول کی ضرورت ہے۔

بقیہ منافع کی شرح 69

ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی سال 2024-25 کے لیے جنرل پروویڈنٹ فنڈ پر منافع کی شرح 12.46 فیصد سالانہ مقرر کی گئی تھی، تاہم یکم جولائی 2025 سے شروع ہونے والے مالی سال کے لیے شرح کم کرکے 12.05 فیصد سالانہ کردی گئی ہے۔ قرارداد کے مطابق وزارت ریلوے اور وزارت دفاع کے زیر انتظام مختلف پروویڈنٹ فنڈز کے بیلنس پر متعلقہ مالی سال کے لیے منافع کی شرح سے متعلق ضروری ہدایات دونوں وزارتیں الگ سے جاری کریں گی۔

بقیہ مولانا ہدایت الرحمان 70

ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔ بدامنی و بدعنوانی نے بلوچستان کا امن سکون چھین لیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اللہ یار جعفرآباد میں الخدمت بنو قابل پروگرام کے طلباء و طالبات کو سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بنو قابل نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کرکے باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا موثر ذریعہ ہے تقریب میں نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی، ڈائریکٹر بنو قابل پروگرام بلوچستان طیب فرید خان، ماہرین تعلیم، بزنس کمیونٹی کے نمائندگان، اساتذہ اور بڑی تعداد میں کامیاب طلبہ نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مزید کہا کہ بنو قابل پروگرام نوجوانوں کو جدید آئی ٹی اسکلز سے آراستہ کرکے انہیں باعزت روزگار، فری لانسنگ اور معاشی خودکفالت کے مواقع فراہم کرنے کا موثر ذریعہ ہے بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت ہیں، انہیں صرف مواقع، رہنمائی اور جدید تعلیم و ہنر کی ضرورت ہے۔ نوجوان مایوسی اور بے یقینی کا شکار ہونے کی بجائے علم، ہنر اور مثبت جدوجہد کو اپنا راستہ بنائیں قلم و کتاب سے اپنا رشتہ مضبوط کریں اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق آئی ٹی سمیت مختلف فنی مہارتیں حاصل کرکے اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کو بہتر بنائیں۔

افغان تنازع کے خاتمے کی کوششیں' چینی نمائندے کی پاکستانی و سعودی حکام سے ملاقات

دہشت گرد گروہوں، تحریک طالبان پاکستان اور ایسٹ ترکستان موومنٹ سے لاحق خطرات پر تفصیلی بات چیت

پاکستانی سفیر کابل میں طالبان حکومت کی جانب سے اہم پیغامات لے کر اسلام آباد پہنچے، اسحٰق ڈار سے ملاقات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چین کے افغانستان کیلئے خصوصی نمائندہ یو شیا یونگ نے پاکستان کے افغانستان کے لئے خصوصی نمائندے اور سعودی عرب کے نائب وزیر برائے سیاسی امور سے ملاقاتیں کی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین پاکستان اور افغانستان کے درمیان تنازع ختم کرنے اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ افغانستان میں پاکستانی سفیر صادق خان کے مطابق چینی وفد کے ساتھ دہشت گرد گروہوں، بالخصوص تحریک طالبان پاکستان اور ایسٹ ترکستان موومنٹ سے لاحق خطرات پر...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

نوشکی، کار حادثے کے نتیجے میں 3 خواتین سمیت 4 افراد زخمی

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے علاقے کیشنگی چیک پوسٹ کے قریب آر سی ڈی شاہراہ کے ساتھ کچے راستے میں کار حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں تین خواتین سمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کا شکار کار کوئٹہ سے خاران جا رہی تھی کہ کیشنگی کے مقام پر حادثے کا شکار ہوگئی۔ حادثے میں زخمی ہونے والے چاروں افراد کو فوری طور پر میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ہسپتال میں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، جس کے بعد چاروں زخمیوں کو مزید علاج کیلئے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

صادق عمرانی کے بیان کو پارٹی کا موقف قرار نہیں دیا جا سکتا' علی حسن زہری

پاکستان پیپلز پارٹی جمہوری، وفاقی اور آئین پسند سیاسی جماعت ہے' ترجمان صدر مملکت

کسی فرد کی ذاتی رائے کو جماعت کے کھاتے میں ڈالنا درست نہیں ہوگا' رہنما پی پی پی

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے بلوچستان اسمبلی کے 31 اگست کے اجلاس میں صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی جانب سے دیئے گئے بیان پر واضح اور دوٹوک موقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ بیان ان کی ذاتی رائے ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کی پالیسی، موقف یا پارٹی قیادت کی ہدایات کی عکاسی نہیں کرتا ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حاجی خلیل الرحمان تجربہ کار اور باوقار صحافی تھے' شاہد رند

موسیٰ فرمان کی وفات سے صحافتی برادری باصلاحیت ساتھی سے محروم ہوگئی' معاون برائے اطلاعات

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر حاجی خلیل الرحمان اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے شاہد رند نے حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک تجربہ کار اور باوقار صحافی تھے انہوں نے طویل عرصے تک صحافت کے شعبے میں خدمات انجام دیں اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے صحافتی حلقوں میں ایک مقام بنایا ان کا انتقال صحافتی برادری کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حاجی خلیل ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے پارٹی رہنما بات چیت کر رہے ہیں

گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا

8 تا 17 اگست ملک گیر ہڑتال کے دوران وزیر پیٹرولیم نے قیمتوں میں روزانہ تبدیلی نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی تھی

ہمارے بیشتر مطالبات پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا، پیش رفت نہ ہوئی تو دوبارہ ملک گیر ہڑتال کرینگے، ملک شہزاد اعوان

کراچی (م ڈ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ صدر گڈز ٹرانسپورٹرز ملک شہزاد اعوان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی کا فیصلہ ناقابل قبول ہے، حکومت یہ فیصلہ فوری واپس لے۔ ملک شہزاد اعوان کا کہنا تھا کہ حکومت کی یقین دہانی پر ملک گیر ہڑتال 40 روز کے لیے مؤخر کی تھی، تاہم ہمارے بیشتر مطالبات تاحال التوا کا شکار ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مطالبات ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب فورنزک لیب بھی میر رضا کا آئی فون نہ کھول سکی

لاہور (بیورو رپورٹ) میر رضا کیس میں ایپل واچ اور آئی فون سے کسی ثبوت ملنے کی امید بھی دم توڑ گئی۔ پنجاب فارنزک لیبارٹری بھی میر رضا کا آئی فون کھول نہیں سکی ہے۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق پنجاب فارنزک لیبارٹری نے میر رضا کیس میں بنائی گئی تحقیقاتی ٹیم کو اس حوالے سے باقاعدہ تحریری طور پر آگاہ کر دیا ہے، میر رضا کی گھڑی اور موبائل فون تحقیقاتی ٹیم کو واپس بھیجے جائیں گے۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق میر رضا کی ایپل واچ سے چند اسکرین شاٹ اور میسجز ملے تاہم وہ معاون تفتیش کے لیے اہم نہیں ہیں۔ اس سے قبل دونوں ڈیوائسز 13 اگست کو ایف آئی اے کو بھجوائے گئے تھے۔

راولپنڈی: اڈیالہ جیل کی اطراف نیا سیکورٹی پلان تاحکم ثانی نافذ

دھمیال، گیٹ نمبر 1، فارماسیوٹیکل فیکٹری، گورکھپور، چکری، ٹھلیاں و دیگر علاقوں میں اضافی ناکے لگائے جائیں گے

435 پولیس اہلکار تعینات ہونگے، رائٹ مینجمنٹ، ضلعی پولیس، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کے اہلکار ڈیوٹی انجام دیں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) راولپنڈی اڈیالہ جیل کے اطراف کی سیکیورٹی مزید سخت اور نیا سیکیورٹی پلان تاحکم ثانی نافذ کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کے گرد و نواح میں 8 اہم مقامات پر پولیس ناکے لگائے جائیں گے۔ دھمیال، گیٹ نمبر 1، گیٹ نمبر 5، فارماسیوٹیکل فیکٹری، گورکھپور، نجی ہاؤسنگ سوسائٹی فیز 8، چکری، ٹھلیاں میں اضافی ناکے لگائے جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل کی سیکیورٹی پر 435 پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں گے، رائٹ مینجمنٹ، ضلعی پولیس، ایلیٹ فورس...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

نئی پالیسی میں گاڑیوں پر ٹیرف میں 80 فیصد تک کمی کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نئی آٹو اینڈ آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی میں گاڑیوں پر ٹیرف میں 80 فیصد تک کمی کی تجویز سامنے آ گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں آٹو اینڈ آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی کا جائزہ لیا گیا۔ دوران اجلاس الیکٹرک گاڑیوں کی خریداری کے لیے قرض کی حد 30 لاکھ سے بڑھا کر 1 کروڑ روپے کی تجویز دی گئی۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تقریب میں طلباء کو شیلڈ دے رہے ہیں

اضافی ٹیکسز و پابندیوں نے تجارت کو تقریباً ناممکن بنا دیا' مالک بلوچ

بارڈر ٹریڈ سے وابستہ افراد کیلئے مشکلات میں مسلسل اضافہ، جبکہ مقامی کاروباری طبقہ شدید دباؤ کا شکار ہے' مرکزی صدر نیشنل پارٹی

امن و امان انتہائی تشویشناک' کاروباری افراد کو دھمکی آمیز کالز اور بھتہ طلب کرنے کے واقعات کا سامنا ہے

شہریوں کو تحفظ فراہم اور ڈکیتی، چوری و بھتہ خوری کے خلاف موثر کارروائی کی جائے' پریس کانفرنس سے خطاب

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی و نظریاتی اختلافات اپنی جگہ، تاہم کیچ کی تمام سیاسی جماعتیں عوامی مسائل پر متحد ہیں کیچ کے عوام پہلے ہی کئی سال سے مشکلات کا شکار ہیں، لیکن اب ان کے سیاسی، معاشی اور کاروباری مسائل میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے عوام کے حق حاکمیت کو تسلیم نہیں کیا جا رہا، عوام...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان لیبر فیڈریشن کا سینئر صحافیوں کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان بچاری، ودین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین ہنگورئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری و دیگر رہنماؤں نے سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان اور روزنامہ جنگ کوئٹہ کی ایڈیٹوریل کمیٹی کے چیئرمین حاجی خلیل الرحمن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین آنجہانی موسیٰ فرمان اور حاجی خلیل الرحمن کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ بشیر بڑیچ ملاقات کرنے والے طلباء وطالبات سے اظہار خیال کر رہے ہیں

عوامی رابطوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے' نوابزادہ جمال رئیسانی

نوجوانوں کے بہتر مستقبل کیلئے ہر ممکن اقدامات کی ضرورت ہے' رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ عوامی رابطے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور حلقے کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ فورمز پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سراوان ہاؤس کوئٹہ میں این اے 264 سریاب کے مختلف علاقوں سے تعلق ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول کی قیمت میں اضافہ ناقص پالیسیوں کا نتیجہ ہے' مولانا عبدالرحمان رفیق

حکمرانوں نے متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا' عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی' 6 ملزمان گرفتار' اسلحہ برآمد

غیر قانونی طور پر مقیم 4 افغان باشندے بھی گرفتار' الگ الگ مقدمات درج

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، منشیات فروشوں، مفرور ملزمان سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 4 پسٹل بمعہ راؤنڈز، بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ متعدد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلیں بند کر دیں۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا مستقبل باشعور نسل کی تشکیل سے وابستہ ہے' شیخ بلال مندوخیل

موجودہ اعداد و شمار اس امر کے متقاضی ہیں کہ خواندگی کے فروغ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں

بلوچستان میں تعلیمی محرومی کے خاتمے کیلئے معمول کے اقدامات کافی نہیں' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور سینیٹر پاکستانی و کامرس کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل صرف معاشی ترقی نہیں بلکہ تعلیم یافتہ، ہنرمند اور باشعور نسل کی تشکیل سے وابستہ ہے، موجودہ اعداد و شمار اس امر کے متقاضی ہیں کہ خواندگی کے فروغ کو قومی ترجیح بناتے ہوئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں، پاکستان میں شرح خواندگی 63 فیصد جبکہ بلوچستان ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

علماء نے تحفظ ختم نبوت کیلئے عملی کردار ادا کیا' مولانا رمضان مینگل

قادیانیوں کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے موثر آواز بلند کریں گے' امیر سنی علماء کونسل بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ علماء کرام نے ہر دور میں اسلام کے فروغ اور تحفظ ختم نبوت کیلئے عملی کردار ادا کیا ہے حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں ہم سب کا ایمان ہے اس کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا قادیانیوں کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے موثر آواز بلند کریں گے جاری بیان میں کہا کہ اللہ رب العزت نے سلسلہ نبوت کی ابتداء سیدنا آدم علیہ السلام سے فرمائی اور اس کی انتہاء محمد...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی عروج پر' حکمران قوم کا خون نچوڑ رہے ہیں' قاری مہر اللہ

حکمران بلاجواز پیٹرول و ڈیزل پر 117 لیوی کا بوجھ عوام پر ڈال رہے ہیں' رہنما جمعیت ن

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، سینئر نائب امیر مولانا محمد احمد حقانی، نائب امیر مولانا شاہ محمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ حلیم شاہ، مولانا خدائے نظر صاحب، مولانا نعمت اللہ تریالی، مولانا عبدالغفور کرخی، مولانا رحمت اللہ حقانی، حاجی شیر جان کاکڑ، مولانا مفتی عبدالناصر مینگل نے کہا ہے کہ حکمران پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر کے ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں' بخت کاکڑ

بڑے ہسپتالوں کے ساتھ دیہی مراکز صحت کو بھی جدید سہولیات سے آراستہ کیا جا رہا ہے' وزیر صحت

محکمے میں اصلاحات لاکر کرپشن و بدعنوانی کے تمام راستے بند کئے جائیں گے' وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ہسپتالوں میں سہولیات کی کمی کو دور کرنے اور مریضوں کو بہتر علاج فراہم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بنیادی صحت کی سہولتوں کے حوالے سے برسوں سے محروم ہیں...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سینئر صحافی خلیل الرحمٰن اور فوٹو گرافر موسیٰ فرمان انتقال کر گئے

گورنر جعفر مندوخیل اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا سوگوار خاندانوں سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی اور بزرگ صحافی سید خلیل الرحمان علالت کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم حاجی سید سمیع الرحمان، حاجی سید شفیق الرحمان، سید نجم الثاقب، سید بہادر شاہ، سید احمد علی اور سید رضوان الرحمان کے بھائی، جبکہ منصور علی اور مبشر علی کے برادر نسبتی تھے۔ وہ سید طیب خلیل اور سید سلمان خلیل کے والد، سید کامران سمیع اور سید عبداللہ سمیع کے تایا تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین بدھ 9 ستمبر کو صبح 9 بجے ای ایم ای سیکٹر ای بلاک لاہور میں ہوگی۔ جبکہ فاتحہ خوانی بدھ 9 ستمبر سے ان کی رہائش گاہ وحیلی روڈ کوئٹہ یاسمین ہسپتال کے قریب ملحقہ گلی میں ہوگی۔ سید خلیل الرحمان نے نصف صدی سے ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ملک دشمن عناصر کیخلاف یکجا ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا' سلیم کھوسہ

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا' صوبائی وزیر مواصلات

مسلح افواج کے شانہ بشانہ دہشتگردی کے خلاف مہم پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے' رہنما ن لیگ

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم طرح صوبے کی تعمیر و ترقی امن امان کی بحالی اور ملک دشمن عناصر کے خلاف اپنا کردار ادا کریں موجودہ حکومت نے ترقی کے حوالے سے جو بڑے اسکیمات منتخب کئے گئے ہیں ان کی مکمل ہونے سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا' یہ بات انہوں نے اے این این نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاکستان...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیم معاشرے کی ترقی و مضبوط مستقبل کی بنیاد ہے' جمال شاہ کاکڑ

ہر بچے و نوجوان کو معیاری تعلیم کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے' رکن اسمبلی کا پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تعلیم اور خواندگی کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور مضبوط مستقبل کی بنیاد ہیں، ہر بچے اور نوجوان کو معیاری تعلیم کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ عالمی یوم خواندگی ہمیں اس عزم کی یاد دہانی کراتا ہے کہ معاشرے سے جہالت اور ناخواندگی کے خاتمے ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حاجی خلیل الرحمان کہنہ مشق صحافی تھے' اصغر خان اچکزئی

ان کی وفات سے بلوچستان کی صحافتی برادری ایک تجربہ کار ساتھی سے محروم ہوگئی' اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا سیکرٹری اطلاعات نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی طویل باوقار اور قابل قدر صحافتی خدمات کو خراج تحسین و خراج عقیدت پیش کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حاجی خلیل الرحمان ایک تجربہ کار کہنہ مشق اور ذمہ دار صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ عوام پر معاشی حملے کے مترادف ہے' پشتونخوامیپ

عوام کی جیب پر فی لیٹر 59 روپے 27 پیسے کا اضافی بوجھ ڈالا گیا ہے' بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت کا یہ اقدام عوام پر معاشی حملے کے مترادف ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں ایک مرتبہ پھر 12 روپے 90 پیسے فی لیٹر کا ظالمانہ اضافہ اور اسی طرح ڈیزل کی قیمت میں بھی اضافہ کیا گیا جو کہ حکمرانوں کی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا ایک اور ثبوت ہے۔ گزشتہ تقریباً تین ماہ کے دوران پیٹرول کی قیمت 299 روپے 50 پیسے سے بڑھ کر 358 روپے 77 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے، یعنی عوام کی جیب پر فی لیٹر...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب پر حملہ عالمی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے' جمعیت نظریاتی

حرمین شریفین کی سرزمین پر حملہ ناقابل برداشت ہے' مولانا عبدالقادر لونی' مولانا محمود الحسن قاسمی' مولانا عبدالوہاب ڈھیر

عالم اسلام وخصوصاً سعودی عرب کے خلاف سازشیں بڑھتی جا رہی ہیں' مولانا عبدالرؤف' مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ' سید عبدالستار شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے سعودی عرب کی تنصیبات پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی اہم تنصیبات پر حملہ نہ صرف ایک برادر اسلامی ملک کی خودمختاری پر حملہ ہے بلکہ پورے خطے کے امن، استحکام اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ سعودی عرب کی سلامتی و استحکام سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات وابستہ ہیں۔ حرمین شریفین کی سرزمین پر کسی بھی قسم کا حملہ، اشتعال انگیزی یا خطرہ ناقابل برداشت ہے اور امت مسلمہ کیلئے باعث تشویش ہے انہوں...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

لائن لاسز کا نقصان عام صارفین سے وصول کرنا ناانصافی ہے' محمد عبدالقادر

توانائی کے موجودہ نظام اور آئی پی پیز کے معاہدوں کا فوری اور جامع جائزہ لیا جائے

مہنگی بجلی کی پیداوار کم اور قابل تجدید توانائی کو فروغ دیا جائے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ جولائی 2025ء سے مئی 2026ء تک صرف 11 ماہ میں آئی پی پیز کو 29 کھرب 35 ارب 76 کروڑ روپے کی ادائیگی توانائی کے شعبے کے غیر معمولی مالی بوجھ کی عکاسی ہے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس عرصے میں 11 کھرب...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

پانی کا ضیاع روکنے کیلئے مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے' صادق عمرانی

عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں' صوبائی وزیر آبپاشی

زراعت سے وابستہ مسائل کے حل کیلئے ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے' میر ظفر اللہ زہری

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر محکمہ آبپاشی میر صادق عمرانی اور رکن صوبائی اسمبلی میر ظفر اللہ زہری نے سیکرٹری آبپاشی حکومت بلوچستان شکیل الرحمان کے دفتر کا دورہ کیا اور ان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران چیف انجینئر کوئٹہ زون بشیر ترین اور سیکشن آفیسر محکمہ آبپاشی انجم بشیر بھی موجود تھے ملاقات میں محکمہ آبپاشی سے متعلق مختلف اہم امور، جاری ترقیاتی منصوبوں، پانی کے موثر انتظام و انصرام اور صوبے میں آبپاشی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

قمرالدین کاریز کو گیٹ وے بنانے کا مقصد تجارتی روابط کو فروغ دینا تھا' انجمن تاجران

ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر کا کام جلد مکمل اور اسے موثر گیٹ وے کے طور پر فعال کیا جائے' رحیم کاکڑ

پاکستان کو افغانستان و وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ تجارت بڑھانے کیلئے نئے محفوظ اور مختصر راستوں کی ضرورت ہے' حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین، محمد جان درویش، سعد اللہ اچکزئی، مرکزی انجمن تاجران ژوب کے صدر باران کلیوال، جنرل سیکرٹری حاجی محمد دین قروئی، سینئر نائب صدر حبیب الرحمان کاکڑ اور کابینہ کے دیگر اراکین نے وفاقی و صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر کا کام ہنگامی بنیادوں پر تیز کر کے جلد از جلد مکمل کیا جائے اور قمرالدین کاریز کو موثر، محفوظ اور فعال تجارتی گیٹ وے کے طور پر ترقی دی جائے انجمن کے رہنماؤں...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ایران جنگ نہیں چاہتا مگر مزاحمت سے پیچھے بھی نہیں ہٹے گا' پزشکیان

ہمیشہ جنگ کی مخالفت کی، عوام کے مفادات اور خطے کی سلامتی کے لیے تنازع شروع کرنے سے گریز کو ضروری سمجھا، صدر

امریکہ کی معاشی جنگ کا جواب خلیج فارس میں بحری آمد و رفت کے لیے ممنوع زون قائم کر کے دیا جائے گا، محسن رضائی

تہران (م ڈ) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران جارحیت کرنے والوں کو پچھتاوے تک پہنچانے کے لیے بھرپور طاقت کے ساتھ مزاحمت جاری رکھے گا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران ہمیشہ جنگ کی مخالفت کرتا رہا ہے اور عوام کے مفادات اور خطے کی سلامتی کے لیے تنازع شروع کرنے سے گریز کو ضروری سمجھتا ہے۔ ایرانی صدر نے تاہم کہا کہ جس طرح ایران نے اب تک جارحیت کے خلاف بھرپور دفاع کیا ہے، اسی طرح وہ آئندہ بھی پوری طاقت کے ساتھ مزاحمت ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سابق سپیکر اسمبلی میر جان محمد جمالی کی عیادت کر رہے ہیں

جنوبی پنجاب کے حوالے سے قراردادیں بے کار ہو چکی ہیں، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب اور بہاولپور کے حوالے سے پنجاب اسمبلی کی قراردادیں بے کار ہو چکی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب اور بہاولپور کے حوالے سے قراردادیں 10 سال پہلے منظور کی گئی تھیں، اب وہ بے کار ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی اسمبلی کی میعاد کے اندر کسی قرارداد پر عمل نہ ہو سکے تو پھر یہ اگلی اسمبلی پر منحصر ہے کہ وہ اس بارے میں نئی قرارداد منظور کرتی ہے یا نہیں۔

ہم حاکم نہیں عوام کے خادم ہیں' محمد خان لہڑی

مسائل حل کرنے کیلئے ہمہ وقت عوام کے ساتھ رہیں گے' پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

عوام ہماری طاقت' جنہوں نے ہمیں اپنا منتخب کر کے ایوان تک پہنچایا' وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ پارلیمانی نمائندے عوامی طاقت سے منتخب ہو کر ایوان میں پہنچ جاتے ہیں منتخب ہونے کے بعد ان نمائندوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ عوامی مسائل حل اور عوام کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے نہ صرف اقدامات بلکہ عملی طور پر عوام کو اپنا سمجھ کر ان کے ساتھ ملنے اور جلنے میں...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان جاوید نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

کوئٹہ (ث ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان جاوید نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر ذمہ داریوں کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔

مریم نواز کا بیان زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے' پشتونخوا نیپ

دہشتگردی کی سب سے بھاری قیمت پشتونخوا وطن کے عوام نے ادا کی' مختار خان یوسفزئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز کے اس بیان کی شدید مذمت کی ہے کہ پنجاب کو ہمسایہ ممالک سے خطرہ نہیں بلکہ ہمسایہ صوبوں خیبر پشتونخوا اور بلوچستان صوبوں سے زیادہ ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

حیدر آباد موسمیاتی آفات کے مقابلے میں دنیا کا دوسرا کم لچکدار شہر

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان کے کئی شہر موسمیاتی آفات کے مقابلے میں دنیا کے کم لچکدار شہروں میں شمار کیے گئے ہیں، جہاں حیدرآباد، ملتان، لاہور، فیصل آباد اور کراچی، 72 بڑے شہروں کے نئے جائزے میں بدترین 10 شہروں میں شامل ہیں۔ یہ رپورٹ جنیوا کی تجزیاتی کمپنی الفا جیو نے تیار کی ہے، جس میں شہروں کو نہ صرف موسمیاتی خطرات سے لاحق خطرے بلکہ ان کے اثرات سے مطابقت پیدا کرنے اور انہیں برداشت کرنے کی صلاحیت کی بنیاد پر بھی جانچا گیا ہے۔

رات کی تاریکی میں ایک بار پھر شب خون مارا گیا، لیاقت بلوچ

پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ حکمرانوں کی بے حسی ہے، نائب امیر

لاہور (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے اور بھاری پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سابق صوبائی مشیر خزانہ میر خالد لانگو ملاقات کر رہے ہیں

نصیر آباد فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نصیر آباد پولیس نے ڈکیتی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق تھانہ منجھو شوری کے علاقے میں 6 مسلح افراد ڈکیتی کی نیت سے کارروائی کیلئے آئے تھے خفیہ اطلاع ملنے پر پولیس نے کارروائی کی اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ملزمان محمد شریف اور علی شیر کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے پسٹل بمعہ راؤنڈ قبضے میں لیکر کارروائی شروع کر دی۔

ججز انصاف دینے کی کوشش کرتے ہیں حکومت احکامات نہیں مانتی' علیمہ خان

بلاجواز سزائیں دینا جرم ہوگا، میں عدالت نہ آتی تو فوری وارنٹ گرفتاری جاری ہوتے، میرے 11 بار وارنٹ نکلے

علیمہ خان کو صرف بانی پی ٹی آئی کی بہن ہونے کی سزا دی جا رہی ہے، یہ کیس مکمل اڑ چکا ہے، ہم فوری فیصلہ چاہتے ہیں، وکیل صفائی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ ججز انصاف دینے کی کوشش کرتے ہیں، حکومت احکامات نہیں مانتی۔ میڈیا سے گفتگو میں علیمہ خان نے کہا کہ پوری حکومت سپریم کورٹ میں توہین عدالت میں ہے۔ ججز کو پتہ ہے، انصاف نہیں دیں گے تو منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ علیمہ خان نے کہا کہ بلاجواز سزائیں دینا جرم ہوگا، میں عدالت نہ آتی تو فوری وارنٹ گرفتاری جاری ہوتے، میرے 11 بار وارنٹ نکلے، شناختی کارڈ بلاک اور بینک اکاؤنٹس منجمد ہوئے، ایک ماہ سے میرے کیس میں...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل جھنگ میں جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ: سیٹلائٹ ٹاؤن' نوجوان نے خودکشی کر لی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں نوجوان نے فائرنگ کر کے خودکشی کر لی پولیس کے مطابق گزشتہ شب سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے حاجی اثار گلی میں نوجوان عمران نے گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر دیا نعش ہسپتال منتقل' ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

جمعیت سب سے بڑی عوامی تائید یافتہ جماعت ہے' مولانا عبدالواسع

آج بلوچستان کے طول و عرض سے عوام جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کیلئے بے چین ہیں' صوبائی امیر

عوام نے خوشنما دعوؤں کی بجائے عملی خدمت، نظریاتی وابستگی اور مستقل جدوجہد کا راستہ منتخب کر لیا

7 ستمبر 1974 کو قادیانی اور لاہوری گروپ کو آئینی طور پر غیر مسلم قرار دینے کا تاریخی فیصلہ سامنے آیا' شمولیتی اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قلعہ سیف اللہ میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات، قبائلی عمائدین اور معززین کی جمعیت علماء اسلام میں گرینڈ شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اس وقت بلوچستان کی سب سے بڑی عوامی تائید یافتہ، نظریاتی اور عوامی خدمت کا ریکارڈ رکھنے والی جماعت ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مزدور زرغون روڈ پر ترقیاتی کام میں مصروف ہیں

کشمیری پنڈتوں کیلئے دھمکی آمیز خطوط، خوف کی لہر

سرینگر (م ڈ) انڈیا کے زیر انتظام کشمیر سے 1990 میں نقل مکانی کرنے والے ہزاروں کشمیری پنڈتوں میں مبینہ عسکریت پسندوں کی جانب سے دھمکی آمیز خطوط اور ان میں پنڈتوں سے متعلق ذاتی معلومات افشا کیے جانے سے خوف کی لہر پھیل گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ان دھمکیوں کو 'سنگین' قرار دیتے ہوئے انڈین وزارت داخلہ سے اپیل کی ہے کہ پنڈتوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔ حکومت نے کشمیر میں کام کرنے والے کشمیری پنڈتوں کو ایک زبانی حکمنامے کے ذریعے انھیں 'ورک فرام ہوم' کی طرز پر گھر سے ہی کام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

اسلام آباد: نیب کیس میں جسمانی ریمانڈ کی مدت پر فیصلہ محفوظ

صدارتی آرڈیننس میں مدت 40 دن کرنا اختیار سے تجاوز تھا، درخواست گزار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ میں نیب کیس میں جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 دن سے بڑھا کر 40 دن کرنے کے صدارتی آرڈیننس کے اقدام کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی عدالت نے درخواست پر فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس رفعت انعام امین منہاس نے نجیب اللہ کی درخواست پر سماعت کی...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی ٹیرف دھمکی بے اثر، روس کا بھارت کو تیل کی سپلائی جاری رکھنے کا اعلان

نئی دہلی (آن لائن) روس نے امریکی ٹیرف/ثانوی پابندیوں کی دھمکی کے باوجود بھارت کو روسی تیل کی سپلائی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ روسی سفیر برائے بھارت ڈینس علیپوف نے کہا کہ ماسکو بھارت کو اس کی ضرورت کے مطابق "جتنا تیل چاہیے" فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے امریکی دباؤ کو بھی دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی قرار دیا۔

ہم ہر سال نیوزی لینڈ جتنی آبادی پیدا کر رہے ہیں، مصطفیٰ کمال

ملک میں تیزی سے بڑھتی آبادی بھی بڑا چیلنج ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ تیزی سے بڑھتی آبادی بھی بڑا چیلنج ہے، ہم ہر سال نیوزی لینڈ جتنی آبادی پیدا کر رہے ہیں، حکومت شہریوں کو بیماریوں سے بچانے اور ملک کے ہیلتھ کیئر سسٹم کو جدید بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت کا کہنا تھا ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

مودی سرکار کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت غریب بھارتی طلبہ کی زندگیاں نگلنے لگی

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی طلبہ کو [illegible] قرار دینے والے مودی نے اپنی نااہلی سے نوجوانوں کی زندگیوں کو اجیرن بنا دیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق بھارتی دارالحکومت دہلی میں بوائز ہاسٹل کی پانچ منزلہ عمارت گرنے سے کم از کم 7 افراد ہلاک ہوگئے۔

جنرل پروویڈنٹ فنڈ پر منافع کی شرح 12.05 فیصد مقرر

وزارت خزانہ نے قرارداد کو گزٹ میں شائع کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (شاکر رحمان) حکومت نے جنرل پروویڈنٹ فنڈ پر منافع کی شرح 12.05 فیصد مقرر کر دی۔ مالی سال 2025-26 کے لیے وفاقی حکومت نے جنرل پروویڈنٹ فنڈ میں جمع رقوم اور ہمسفر ایمپلائز کے کریڈٹ بیلنس پر منافع کی شرح 12.05 فیصد سالانہ مقرر کر دی ہے۔ وزارت خزانہ نے اس حوالے سے باقاعدہ قرارداد جاری کر دی...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوانوں کو ہتھیار سے دور، علم و ہنر سے لیس کرنا ناگزیر ہو چکا' مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی نے "بنو قابل پروگرام" کے ذریعے لاکھوں طلبہ اور نوجوانوں کو تعلیم و ہنر فراہم کرنے کا بیڑہ اٹھا لیا' صوبائی امیر

"بنو قابل پروگرام" جدید آئی ٹی اسکلز' باعزت روزگار، فری لانسنگ کے مواقع فراہم کرنے کا موثر ذریعہ ہے' ایم پی اے

نوجوان مایوسی اور بے یقینی کا شکار ہونے کی بجائے علم، ہنر اور مثبت جدوجہد کا راستہ اپنائیں' طلبہ میں تقسیم اسناد کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ آج سب سے بڑی ضرورت اس کی ساتھ بلوچستان کے نوجوانوں کو ہتھیار، اسلحہ و منشیات سے دور کر کے علم و ہنر اور ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کی ضرورت ہے جماعت اسلامی نے بنو قابل پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے لاکھوں طلباء، وطالبات اور نوجوانوں کو تعلیم و ہنر اور...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر